قیمت فی شمارہ 45 روپے

باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے

ماہنامہ عبقری لاہور

104

فروری 2015ء ربیع الثانی 1436 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

محمد رسول اللہ ﷺ کے فوری تیر بہدف کرشمات



120 سالہ جوان بابے کی جوانی کا راز

- کیکر! زنانہ و مردانہ پوشیدہ امراض کا لاجواب معالج
- سالہا سال پرانا کمر درد صرف 30 دن میں ٹھیک
- آپ کا سوال ۔۔۔ حضرت علامہ لاہوتی کا جواب
- حلال میں حرام کی آمیزش اور بربادی شروع!
- یَاحَفِیظُ یَاسَلَامُ نے دیار غیر میں بچالیا
- اکیس دن میں سخت مزاج خاوند مہربان
- شوگر اور ہائی بلڈ پریشر کنٹرول
- منہ میں چند قطرے زیتون کے فائدے

صرف 3 ماہ کی ورزشیں اور 55 کی عمر میں چہرہ 25 سال کا

سنگترہ! پورے جسم کا اسپیشلسٹ معالج

صرف دورہ

حضرت حکیم صاحب کی آمد سکھر کنڈیارو مری

Follow Ubqari موبائل پر

لکھ کر 40404 پر میسج کریں

لاکھوں لوگ اس رسالے سے گھریلو الجھنوں کے سلسلے میں استفادہ کرتے ہیں۔

facebook.com/ubqari twitter.com/ubqari www.ubqari.org

فہرست ادویات بمعہ نرخنامہ

نمبر شمار	نام ادویات	قیمت	نمبر شمار	نام ادویات	قیمت
1	آنکھ شفاء	70/-	39	شہد تمرا صندل الائچی	300/-
2	اکسیر البدن	300/-	40	شوگر کورس	800/-
3	الرجی نزلہ کورس	600/-	41	طب نبوی حسن و جمال کریم	300/-
4	اصلاح معدہ پیکیج	440/-	42	طب نبوی ہیئر آئل	300/-
5	السر کورس	400/-	43	طب نبوی انمول ہیئر پاؤڈر	120/
6	بواسیر کورس	500/-	44	عروسی سہاگ کورس	5000/-
7	برص ہائپر سیری کورس	500/-	45	فشاری گولیاں	200/-
8	بے اولادی کورس	2500/-	46	فٹنس پیکیج	600/-
9	بے اولادی پاؤڈر	500/-	47	فٹنس فولاد ٹانک	120/-
10	بہشتی قہوہ	120/-	48	کراماتی تیل	200/-
11	پیشاب کنٹرول کورس	400/-	49	کان شفاء	70/-
12	پتھری ڈائیلاسز کورس	800/-	50	کولیسٹرول سے نجات (ڈبہ)	600/-
13	پوشیدہ کورس	600/-	51	کرنٹ مالش	500/-
14	پیچش شفاء	120/-	52	کمزور جوڑوں اور پٹھوں کا درد کورس	800/-
15	ٹھنڈی مراد	120/-	53	کیمیں بیڈ کی تبخیر کورس	600/-
16	ٹھنڈک پیکیج	500/-	54	گلٹیاں رسولیاں، ورم سے نجات کورس	500/-
17	جوہر شفاء مدینہ	150/-	55	قد دراز کورس	500/-
18	چلڈرن سیرپ	120/-	56	قبض کشا	120/-
19	چوٹ شفاء	100/-	57	قوتی گولیاں	500/-
20	خون صفاء پاؤڈر	120/-	58	لاجواب حافظہ پیکیج	670/-
21	خاتون شفاء (سیرپ)	120/-	59	معجون شفاء یابی	500/-
22	خون افزاء ٹانک	120/-	60	مرہم سکون	70/-
23	دیسی کریم	500/-	61	موٹاپا کورس	600/-
24	دردی ہربل لیپ	80/-	62	مشروب بہتری افزاء	180/-
25	دم والا شہد دوائی	900/-	63	مردی جواہراتی	1100/-
26	ڈپریشن پیکیج	490/-	64	معجون مراد	1100/-
27	روحانی پھکی	20/-	65	نوجوانوں کے روگ کورس	700/-
28	روحانی عطر	240/-	66	ناک شفاء	100/-
29	روشن دماغ ٹانک	250/-	67	نشاطی (جدید)	520/-
30	زعفرانی نقرانی	2200/-	68	نوجوان شفاء	120/-
31	ستر شفائیں	250/-	69	نیو طاقتی	640/-
32	سکون افزاء شوگر فری سیرپ	120/-	70	ہیپاٹائٹس کورس	800/-
33	سکون افزاء (بڑی پیک میں)	320/-	71	ہاضمہ شفاء	300/-
34	سچا منجن	70/-	72	ہائی بلڈ پریشر کورس	600/-
35	سدا بہار حسن و خوبصورتی پیکیج	840/-	73	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ	120/-
36	شفاء حیرت سیرپ	120/-	74	ہیپاٹائٹس نجات سیرپ (بڑی پیک)	320/-
37	شہد ایک کلو گرام	600/-	75	ہاضم خاص پاؤڈر	200/-
38	شہد 330 گرام	200/-	76	یورک ایسڈ نجات کورس	600/-

آج کل کاغذ اور دیگر سامان طباعت کی گرانی کی وجہ سے کتابوں کی قیمتیں تبدیل ہوتی رہتی ہیں' اس لیے ترسیل کے وقت جو قیمت ہوگی اسی کا اعتبار ہوگا' اس سلسلے میں ادارہ پر اعتماد فرمائیں۔

حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ کی تالیفات

نمبر	نام	قیمت	نمبر	نام	قیمت
1	[illegible]	200/-	90	[illegible]	250/-
2	ازدواجی مسائل کا علاج نبوی اور جدید سائنس	150/-	91	[illegible]	200/-
3	الرجی سے نجات کے قدرتی طریقے	120/-	92	[illegible]	260/-
4	[illegible]	180/-	93	[illegible]	200/-
5	[illegible]	170/-	94	[illegible]	250/-
6	[illegible]	250/-	95	[illegible]	120/-
7	آسان نسخوں کے حیرت انگیز فضائل (اردو انگلش)	180/-	96	[illegible]	250/-
8	1947ء کے مظالم کی کہانی خود مظلوموں کی زبانی	250/-	97	[illegible]	200/-
9	(اول دوم)	350/-	98	[illegible]	160/-
10	[illegible]	200/-	99	[illegible]	200/-
11	ایک روحانی عامل کی خفیہ ڈائری	200/-	100	[illegible]	150/-
12	[illegible]	180/-	101	[illegible]	250/-
13	[illegible]	150/-	102	[illegible]	160/-
14	[illegible]	160/-	103	[illegible]	350/-
15	[illegible]	160/-	104	[illegible]	160/-
16	[illegible]	250/-	105	[illegible]	200/-
17	[illegible]	200/-	106	[illegible]	350/-
18	[illegible]	250/-	107	[illegible]	150/-
19	[illegible]	250/-	108	[illegible]	300/-
20	[illegible]	120/-	109	[illegible]	200/-
21	[illegible]	120/-	110	[illegible]	20/-
22	[illegible]	200/-	111	[illegible]	200/-
23	[illegible]	120	112	[illegible]	2100/-
24	[illegible]	350/-	113	[illegible]	400/-
25	[illegible]	120/-	114	[illegible]	300/-
26	[illegible]	150/-	115	[illegible]	300/-
27	[illegible]	200/-	116	[illegible]	400/-
28	[illegible]	300/-	117	[illegible]	400/-
29	[illegible]	200/-	118	[illegible]	200/-
30	[illegible]	200/-	119	[illegible]	10/-
31	[illegible]	250/-	120	[illegible]	250/-
32	[illegible]	300/-	121	[illegible]	40/-
33	[illegible]	250/-	122	[illegible]	200/-
34	[illegible]	300/-	123	[illegible]	120/-
35	[illegible]	150/-	124	[illegible]	120/-
36	[illegible]	200/-	125	[illegible]	300/-
37	[illegible]	180/-	126	[illegible]	120/-
38	[illegible]	400/-	127	[illegible]	200/-
39	[illegible]	10/-	128	[illegible]	200/-
40	[illegible]	300/-	129	[illegible]	200/-
41	[illegible]	300/-	130	[illegible]	70/-
42	[illegible]	300/-	131	[illegible]	600/-
43	[illegible]	350/-	132	[illegible]	200/-
44	[illegible]	150/-	133	[illegible]	160/-
45	[illegible]	200/-	134	[illegible]	250/-
46	[illegible]	120/-	135	[illegible]	100/-
47	[illegible]	300/-	136	[illegible]	250/-
48	[illegible]	200/-	137	[illegible]	400/-
49	[illegible]	300/-	138	[illegible]	150/-
50	[illegible]	400/-	139	[illegible]	400/-
51	[illegible]	250/-	140	[illegible]	200/-
52	[illegible]	200/-	141	[illegible]	150/-
53	[illegible]	250/-	142	[illegible]	10/-
54	[illegible]	80/-	143	[illegible]	170/-
55	[illegible]	450/-	144	[illegible]	250/-
56	[illegible]	250/-	145	[illegible]	10/-
57	خطبات عبقری (جلد اول)	300/-	146	[illegible]	150/-
58	خطبات عبقری (جلد دوم)	300/-	147	[illegible]	200/-
59	خطبات عبقری (جلد سوم)	300/-	148	[illegible]	500/-
60	خطبات عبقری (جلد چہارم)	300/-	149	[illegible]	180/-
61	[illegible]	210/-	150	[illegible] (جلد نمبر 1)	400/-
62	[illegible]	180/-	151	[illegible] (جلد نمبر 2)	400/-
63	[illegible] (اردو)	10/-	152	[illegible] (جلد نمبر 3)	400/-
64	[illegible] (انگلش)	10/-	153	[illegible] (جلد نمبر 4)	400/-
65	[illegible]	200/-	154	[illegible]	300/-
66	[illegible]	180/-	155	[illegible]	300/-
67	[illegible]	40/-	156	[illegible]	250/-
68	[illegible]	200/-	157	[illegible]	200/-
69	[illegible]	10/-	158	[illegible]	200/-
70	[illegible]	200/-	159	[illegible]	170/-
71	[illegible]	30/-	160	[illegible]	250/-
72	[illegible]	10/-	161	[illegible]	200/-
73	[illegible]	350/-	162	[illegible]	200/-
74	[illegible]	250	163	[illegible]	150/-
75	[illegible]	200/-	164	[illegible]	200/-
76	[illegible]	10/-	165	[illegible]	150/-
77	[illegible]	10/-	166	[illegible]	80/-
78	[illegible] (جلد نمبر 1)	400/-	167	[illegible]	300/-
79	[illegible] (جلد نمبر 2)	400/-	168	[illegible]	40/-
80	[illegible] (جلد نمبر 3)	400/-	169	[illegible]	200/-
81	[illegible] (جلد نمبر 4)	400/-	170	[illegible]	200/-
82	[illegible] (انگلش ایڈیشن 1)	300/-	171	[illegible]	300/-
83	[illegible] (انگلش ایڈیشن 2)	300/-	172	[illegible]	200/-
84	[illegible]	250/-	173	[illegible]	150/-
85	[illegible]	10/-	174	[illegible]	10/-
86	[illegible]	10/-	175	[illegible]	200/-
87	[illegible]	250/-	176	[illegible]	180/-
88	[illegible]	150/-	177	[illegible]	120/-
89	[illegible]	250/-	178	[illegible]	150/-

عبقری ادویات کی شفاء یابی

عبقری کی سربند دوائیں لاکھوں انسانوں کو فائدے اور کمال دے چکی ہیں' ان کی شفایابی کے کمالات اور لوگوں کی تصدیقات ایک کتاب کی شکل میں قارئین تک پہنچانے کیلئے ادارہ کے خصوصی تعاون سے اس کی قیمت صرف 20 روپے رکھی ہے۔ اپنے ہاکر اور قریبی سٹال سے ابھی خرید کر پڑھیں۔ ہر گھر میں اس کتاب کا ہونا بہت ضروری ہے۔ یہ کتاب دراصل گھریلو معالج اور فرسٹ ایڈ یا دادی اماں کی پٹاری [illegible]

0343-8710009

فہرست مضامین

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں، رسائل ڈائجسٹ، میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں، ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں، وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک، ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔

عبقری جسمانی و روحانی فیاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ۔ القرآن

بیاد: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوب، جناب حکیم محمد رمضان چغتائی

زیر سرپرستی: حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت) حضرت علامہ لاہوتی پراسراری

شمارہ نمبر 8 جلد نمبر 9 فروری 2015ء ربیع الثانی 1436 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور فروری 2015ء

مرکز روحانیت و امن کا ترجمان

(ایڈیٹر) حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی (پی ایچ ڈی امریکہ)

مشاورت: حکیم محمد خالد محمود چغتائی، تجمل الٰہی شمسی، میاں محمد طارق، امتیاز حیدر اعوان

قیمت فی شمارہ 45 روپے

سالانہ ممبرشپ بمعہ ڈاک خرچ 900 روپے، بیرون ملک سالانہ 63 امریکی ڈالر

کیا آپ موبائل پر فری ٹوٹکے پانا چاہتے ہیں؟

مشکلات جتنی بھی ہوں الجھنیں حد سے زیادہ ہوگئی ہوں فری بالکل فری بس اپنے موبائل پر Follow ubqari لکھ کر 40404 پر میسج کریں اور روزانہ دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے انوکھے حیرت انگیز لطیفے اور ٹوٹکے پائیں۔

حیرت کی بات یہ ہے کہ آپ کا بیلنس بھی بالکل نہیں کٹے گا۔

عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے وہاں سالہاسال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے، برتن، جوتے، فرنیچر، رضائیاں، اپنی زکوٰۃ، صدقات، عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء، غریب، نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے بلکہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان بنیے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرادیں۔ شکریہ!

(رجسٹریشن نمبر) RP/6237/L/S/10/1534

حضرت حکیم صاحب سے ملاقات کیلئے آنے سے پہلے

صرف اس نمبر 0322-4688313 پر وقت لیکر آئیں۔ حضرت حکیم صاحب صرف (پیر، منگل، بدھ، جمعرات) کو ملاقات کرتے ہیں۔ بغیر وقت لیئے آنیوالے حضرات سے معذرت، بحث سے گریز کریں۔ وقت پر نہ آنے والے حضرات کی باری کینسل ہوجائیگی، یہ شیڈول تمام ملاقاتیوں کیلئے ہے۔ (روحانی و جسمانی دونوں)

خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" مرکز روحانیت و امن 78/3 عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے

نقشہ: مزنگ چونگی قرطبہ مسجد کے ساتھ عبقری اسٹریٹ کے آخر میں عبقری کا دفتر ہے۔

فون/فیکس 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803 || E mail:contact@ubqari.org

ایک دیہاتی کا نہایت عمدہ سوال اور نبی کریم ﷺ کا نہایت عمدہ جواب

حضرت ابوایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک سفر میں تھے کہ ایک دیہاتی سامنے آکھڑا ہوا اور اُس نے آپ ﷺ کی اونٹنی کی مہار پکڑلی' پھر کہا اے اللہ کے رسول ﷺ! مجھے وہ بات بتائیں جو مجھے جنت سے قریب اور آتش دوزخ سے دور کردے؟ راوی کا بیان ہے کہ نبی کریم ﷺ ٹھہر گئے' پھر اپنے رُفقاء کی طرف آپ ﷺ نے دیکھا اور (ان کو متوجہ کرتے ہوئے) ارشاد فرمایا: ''اس کو اچھی توفیق ملی۔۔۔ یا فرمایا: اس کو خوب ہدایت ملی۔۔۔۔ پھر آپ ﷺ نے اس دیہاتی سے فرمایا: ہاں! ذرا پھر کہنا! تم نے کس طرح کہا: سائل نے اپنا وہی سوال پھر دہرایا۔ تو نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''صرف اللہ کی بندگی کرتے رہو اور کسی چیز کو اس کے ساتھ شریک نہ کرو' نماز قائم کرتے رہو' زکوٰۃ ادا کرتے رہو اور صلہ رحمی کرتے رہو۔ اب اونٹنی کی مہار چھوڑ دو۔'' (مسلم شریف) مسلم شریف ہی کی اسی حدیث کی دوسری روایت کے آخر میں ایک فقرہ یہ بھی ہے کہ: جب وہ دیہاتی چلا گیا تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ اگر یہ مضبوطی سے ان احکام پر عمل کرتا رہا تو یقیناً جنت میں جائے گا۔ اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو آنحضرت ﷺ کی اس وصیت پر عمل کرنے کی توفیق اور جنت نصیب فرمائے! آمین یارب العالمین! فائدہ: اس حدیث سے آنحضرت ﷺ کی شفقت پیغمبرانہ کا کچھ اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ آپ ﷺ سفر میں ہیں' اونٹنی پر سوار چلے جارہے ہیں' اثنائے راہ میں ایک بالکل ناآشنا دیہاتی سامنے آکر اچانک اونٹنی کی مہار پکڑ کر کھڑا ہوجاتا ہے اور سوال پوچھتا ہے۔ آپ ﷺ اُس کے اس طرز عمل سے ناراض نہیں ہوتے بلکہ اس کی دینی حرص کی ہمت افزائی فرماتے ہیں اور جواب دینے کے بعد آخر میں فرماتے ہیں: اچھا! اب ہماری اونٹنی کی مہار چھوڑ دو۔ اللہ اکبر! پیغمبری کیا ہے! شفقت ورحمت کا ایک مجسم پیکر ہے۔ یَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمۡ دَائِمًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیۡبِکَ خَیۡرِ الۡخَلۡقِ کُلِّھِمِ

حالِ دل

راحیلہ کی قلم سے

جو میں نے دیکھا سنا اور سوچا

سنت کو ہمان لیں ورنہ اس طرح ماننا پڑے گا

قارئین! ایک حدیث مبارکہ کا مفہوم ہے کہ ایک صحابی نے بہتے پانی میں وضو کا تذکرہ کیا تو آپ ﷺ نے بہتے پانی کے وضو میں بھی احتیاط فرمائی کہ بہتے پانی میں بھی پانی کم سے کم استعمال کیا جائے۔ ایک صاحب مجھ سے کہنے لگے یہ اس وقت کی بات ہے جب پانی کم تھا' اب تو پانی وافر مقدار میں موجود ہے۔ یاد رکھیے! سیرت کی تمام کتابیں اٹھائیں تو جگہ جگہ نبوی ﷺ احتیاطیں ایسے انداز میں نظر آئیں گی جن میں نصیحت بھی' احتیاط بھی اور آگاہی بھی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں پانی کی نعمت دی' ہماری زمین کے نیچے سے پانی نکلا۔ ہم نے پانی کو ضائع کیا اور پانی ضائع کرنے کے بعد پھر اس کا احساس بھی ہمارے اندر ختم ہوگیا۔ جب کسی بھی نعمت کو انسان ضائع کرے اور ایسے انداز سے ضائع کرے کہ احساس زیاں بھی جاتا رہے تو نظام عالم میں اصول ہے کہ اللہ وہ نعمت چھین لیتا ہے۔ پچھلے دنوں حکومت پاکستان کی طرف سے ایک باتصویر عوامی آگاہی کا منصوبہ برائے تحفظ ترقی آب ملا جس میں چاروں صوبوں کے پتے لکھے ہوئے تھے اور ان سب میں باتصویر اردو اور انگلش میں پانی بچانے کی احتیاطیں اور تدابیر لکھی تھیں۔ یہ پانی بچانے کی احتیاطیں اور تدابیر آج سے صدیوں قبل مزاج نبوت ﷺ میں موجود تھیں اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو قدم بہ قدم اس کی نصیحت کی گئی۔ آیئے! ہم اس نصیحت کو اپنے لیے مشعل راہ بنالیں۔ سنت کا ہر بول' ہر عمل قیامت تک کیلئے آباد وشاد رہنے والا ہے۔ **پانی کے گھریلو استعمال میں بچت کے اصول:** ہمیں صاف ستھرے اور صحت مند پانی کی شدید قلت کا سامنا ہے یاد رکھیے پانی کا ایک ایک قطرہ قیمتی ہے۔ سیدھی راہ اپنائیں' مستقبل بنائیں۔ ☆ برتنوں کا صابن لگاتے وقت پانی کا نلکا کھلا مت چھوڑیں۔ ☆ ایک الگ ٹب میں پانی بھریں اور اس میں صابن لگا کر گندے برتنوں کو بھگو کر رکھیں تاکہ بعد میں برتن دھونے میں کم پانی استعمال ہو۔ ☆ کپڑے کھنگالتے وقت پانی کا نلکا مسلسل کھلا مت چھوڑیں' بالٹی کا استعمال کریں۔ ☆ گاڑی دھونے کے دوران پانی کو مسلسل بہنے نہ دیں' بالٹی میں پانی ڈال کر اسفنج یا کپڑے سے گاڑی کی صفائی کریں۔ ☆ اگر گاڑی کو دھونا ہو تو گھر کے لان کے قریب گاڑی دھوئیں تاکہ بقیہ پانی پودوں اور گھاس کو ملے۔ ☆ نلکوں اور پائپوں کے لیک شدہ جوڑ درست کریں۔ ☆ غسل خانوں میں پانی کا استعمال احتیاط سے کریں۔ ☆ صابن لگاتے وقت نلکا بند رکھیں۔ ☆ دانت برش کرتے وقت پانی کا نلکا بند رکھیں صرف ضرورت کے وقت کھولیں۔ ☆ فلش کے خراب ہینڈل اور پرزہ جات تبدیل کروائیں۔ ☆ کسی بھی نل کو غیر ضروری طور پر کبھی بھی ہرگز کھلا نہ چھوڑیں۔ ☆ لان اور باغیچے کو صرف بوقت ضرورت رات یا علی الصبح فوارے کے ساتھ پانی دیں۔ ☆ راہداریوں' پورچ اور گٹر پر پانی ضائع نہ کریں۔ سپرینکلر یا فوارے کا رخ ایسا رکھیں کہ پانی مطلوبہ جگہ سے باہر نہ گرے۔ ☆ پورچ / راہداریوں کو جھاڑو سے صاف کریں۔ ☆ چھت کی ٹنکی کو اوور فلو سے بچائیں۔ پانی کی سطح کی نشاندہی کا آواز دینے والا آلہ لگوائیں جو کہ پی سی آر ڈبلیو آر لاہور سے بھی میسر ہے۔ (پاکستانی تحقیقاتی ادارہ برائے آبی وسائل حکومت پاکستان)

درس روحانیت

آؤ بتاؤں! برکت کا دروازہ کہاں ہے!

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

ہفتہ وار درس سے اقتباس

ایک کھلی حقیقت مدنظر رکھیں: میرے دوستو! یہ حقیقت آپ پیش نظر رہے کہ رب بغیر کملی والے ﷺ کی غلامی کے کبھی نہیں مل سکتا، مطلب یہ ہوا کہ کملی والے ﷺ کی غلامی سے رب ملے گا اور جب رب ملے گا تو چین و سکون بھی تب ہی ملے گا، غلامی رسول ﷺ اور رب کے بغیر چین و سکون محال ہے۔

وہ کثرت نہیں برکت تھی: حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم تین آدمی تھے۔ سرور کونین ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے ان سے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ بھوک سے برا حال ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کچھ کھجوریں ہیں وہ کھالو۔ آپ ﷺ نے بمیں ایک بڑے سے برتن میں سات کھجوریں ڈال دیں اور فرمایا کہ کھاؤ، اب ہم حیران کہ ہم تین آدمی ہیں دو دو کرکے ہم کھجوریں کھاتے تو ایک کھجور بچ جاتی ہے۔ پھر جب دیکھتے تو ایک کی جگہ سات کھجوریں ہوتیں۔ اب فرمانے لگے کہ ہم کھجور کھانے کے بعد اس کی گٹھلیاں ہاتھ میں جمع کرتے گئے تو جب خوب سیر ہو کر کھا چکے تو وہ گٹھلیاں گنیں کل باون گٹھلیاں تھیں اور اتنی ہی میرے دوستوں کے پاس تھیں۔ پھر فرمانے لگے کہ دوسرے دن کوئی پچاس لوگ دربار رسالت ﷺ میں آئے اور عرض کرنے لگے کہ یارسول اللہ ﷺ بھوک لگی ہے۔ آپ ﷺ نے خادم سے فرمایا کہ وہ سات کھجوریں لے آؤ اور ان پچاس لوگوں نے ان سات کھجوروں میں سے خوب جی بھر کے کھائیں اور کھانے کے بعد کھجوریں سات ہی بچیں۔ آخر کار وہ کھجوریں حضور نبی کریم ﷺ نے بچوں کو دے دیں اور ان بچوں نے وہ کھجوریں اسی وقت کھالیں۔

برکت کا دروازہ کہاں ہے؟: مجھے ایک بندہ کہنے لگا کوئی برکت کا تعویذ دے دیں، میں نے کہا سچی بات تو یہ ہے کہ کملی والے ﷺ سے بڑھ کر برکت والی کوئی ہستی ہے ہی نہیں اور کملی والے ﷺ کا نام اور ان کی اتباع اور ان کی غلامی سے بڑھ کر کوئی برکت کا تعویذ نہیں ہوسکتا۔ سرور کونین ﷺ نے فرمایا جس کا مفہوم ہے: اللہ جل شانہٗ نے حضرت محمد ﷺ کے ساتھ ہی ساری کائنات کی برکتیں لگا رکھی ہیں، اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اتباع میں ہی ساری برکتیں مضمر ہیں۔

صحابی رسول رضی اللہ عنہ کا عشق رسول ﷺ: جب عشق ہوتا ہے تو محبت بڑھتی ہی چلی جاتی ہے پھر اسی عشق سے اتباع اتنی نصیب ہوجاتی ہے تو پھر منشا کو دیکھا جاتا ہے حکم کو نہیں دیکھا جاتا اور منشا کو دیکھ کر ہی مان لیا جاتا ہے۔ آپ یقین جانیے میں اپنے مرشد کے چہرے پر کبھی کبھی نظر ڈالتا تھا ان کے چہرے کی منشاء کو دیکھ لیتا تھا کہ میرے مرشد کیا چاہتے ہیں۔

نگاہ یار جسے آشنائے راز کرے
وہ کیوں نہ اپنی خوبی قسمت پہ ناز کرے

غزوہ خندق کے موقع پر ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کے چہرہ انور کو دیکھا۔ تو آپ ﷺ کا فاقہ محسوس ہوا۔ بھاگم بھاگ گھر گئے۔ بیوی سے پوچھا کہ گھر میں کچھ کھانے کیلئے ہے؟ بیوی نے کہا تین سیر جو پڑے ہیں اور ایک چھوٹا سا بکری کا بچہ ہے اور تو کچھ بھی نہیں ہے۔ وہ صحابی رضی اللہ عنہ اپنی بیوی سے فرمانے لگے: ایسا کرو جو صاف کرکے پیس لو اور بکری کے بچے کو ذبح کرکے گوشت پکاؤ پھر میں سرور کونین ﷺ کو گھر لے کر آتا ہوں کیونکہ آقا ﷺ نے اس وقت تین پتھر پیٹ پر باندھے ہوئے تھے اور آپ ﷺ کے چہرہ انور پر بھوک اور فقر و فاقہ کے آثار واضح ہورہے تھے، وہ عشق دیوانہ کیسے برداشت کرسکتا تھا۔۔۔!

مجھے کچھ خبر نہیں تھی، تیرا درد کیا ہے یا رب
تیرے عاشقوں سے سیکھا، تیرے سنگ در پہ مرنا
مجھے آگیا ہے جینا، مجھے آگیا ہے مرنا

انتظام دس افراد کا، شرکاء دعوت پورا لشکر: صحابی سرور کونین ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور دست بستہ عرض کی یارسول اللہ ﷺ آپ میری ضیافت قبول فرمائیں۔ چند ایک کے کھانے کا اہتمام کیا ہے اور بیوی کو بھی یہی کہا ہے کہ میں چند ایک کو ساتھ لے کر آرہا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا الحمدللہ۔۔۔! مفہوم ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ٹھیک ہے۔۔۔! اس وقت تقریباً ایک ہزار آدمی غزوۂ خندق میں شامل تھے۔ آپ ﷺ نے سب سے فرمایا آؤ دعوت کھانے جانا ہے۔ اب تو اس صحابی رسول ﷺ کا سانس اوپر کا اوپر اور نیچے کا نیچے رہ گیا، اب بھاگم بھاگ گھر گئے اور بیوی سے کہا کہ اللہ کی بندی حیرت والی بات ہوگئی، بیوی نے پوچھا کیا ہوا؟ صحابی رضی اللہ عنہ فرمانے لگے میں نے تو سرور کونین ﷺ سے عرض کیا تھا کہ یارسول یا اللہ ﷺ آپ کے اوپر فاقہ کے آثار ہیں۔ آپ ﷺ مہربانی فرمائیں اور میری دعوت قبول فرمائیں اور چند آدمیوں کو اپنے ساتھ کھانے کیلئے لے آئیں لیکن آپ ﷺ نے تو سب کو دعوت کا کہہ دیا۔ اس وفاشعار بیوی نے اپنے خاوند سے کہا اللہ جانے اور اس کا رسول ﷺ جانے! تجھے کس کی فکر؟

نہیں خوف نار جہیم کا
کہ کرم ہے مجھ پہ کریم کا

تجھے کس چیز کا خوف ہے؟ ایسے میں آقا ﷺ نے پیغام بھیجا کہ ہنڈیا کو چولہے سے نہ اتارنا، اور جو روٹیوں کا آٹا گوندھا ہوا ہے اس پر سے بھی کپڑا نہ ہٹانا اور سرور کونین ﷺ بڑا سا برتن لے کر بیٹھ گئے۔ اس دور میں بڑے بڑے برتن ہوا کرتے تھے۔ (جاری ہے)

درس سے فیض پانے والے

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ خیریت سے رکھے اور جو آپ دکھی انسانیت کیلئے کررہے ہیں اللہ آپ کو اس کا اجر عظیم عطا کرے۔ میں آپ کا ہر درس سنتا ہوں اور درس نے تو میری زندگی میں انقلاب بپا کردیا ہے۔ آپ درس میں جو بھی اعمال بتاتے ہیں میں بڑے ذوق و شوق سے کرتا ہوں' اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے میرے تمام مسائل حل ہونے لگے ہیں' میری گھریلو الجھنیں' کاروباری بندشیں سب دن بدن ختم ہورہی ہیں۔ ہمارے گھر میں کوئی نہ کوئی ہر وقت بیمار رہتا تھا اب الحمدللہ گھر سے بیماریاں ختم ہورہی ہیں' خوشحالی آرہی ہے' گھر میں عجیب سی نحوست تھی جو اب ختم ہوگئی ہے اور سکون سا آگیا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا کرے۔ (محمد سہیل یوسف' راولپنڈی)

کمزوری کا علاج: جب جسم میں کمزوری محسوس ہو اور بلڈ پریشر کم ہو رہا ہو تو ایک کپ نیم گرم پانی میں ایک چمچ شہد اور چٹکی نمک ڈال کر پینے سے بلڈ پریشر فوراً نارمل ہو جاتا ہے۔

راہ اسلام میں پہلی شہید خاتون

ابولبیب شاذلی

جب حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اسلام کی راہ میں سب سے پہلی شہید ہونے والی عورت کا اعزاز پایا تو حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنی والدہ کی مرگ بے کسی کا سخت صدمہ ہوا۔ وہ حضور ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: "یا رسول اللہ ﷺ! اب تو ظلم کی حد ہو گئی ہے۔"

حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا شمار ان بلند پایہ صحابیات میں ہوتا ہے جنہوں نے اسلام کی راہ میں سخت ترین اذیتوں کا سامنا کیا۔ حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے باوجود اس کے کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کمزور اور ضعیف تھیں سخت تکالیف برداشت کیں لیکن کلمہ حق کہنے سے کبھی باز نہ آئیں۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا شمار مکے کے ان سات افراد میں ہوتا ہے جنہوں نے انتہائی ابتدا ہی میں اسلام قبول کر لیا تھا۔

(یعنی حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت خباب رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت صہیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ) حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ (حضرت سمیہ کے بیٹے) حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر حضرت یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ وہ لوگ تھے جنہوں نے نہ صرف سچے دل سے داعی اسلام حضرت محمد ﷺ کی آواز حق پر لبیک کہا بلکہ اپنے عمل سے بھی ثابت کیا کہ ان کا جذبہ اور ایمان واقعی صادق ہے۔

اس وقت جب قبائل عرب جہالت اور بے راہ روی کی اندھا دھند تقلید میں حق اور باطل کے فرق کو فراموش کر چکے تھے اور اپنے عقائد و رسوم سے ایک انچ بھی پیچھے ہٹنے کو تیار نہ تھے ان افراد کا اسلام کو قبول کرنا کفار مکہ کو کھلی مخالفت کی دعوت دینا تھا لیکن اس چھوٹے سے خاندان (شوہر حضرت یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، فرزند حضرت عمار رضی اللہ عنہ اور حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا) نے نتائج و مصائب سے بے پروا ہو کر پرچم توحید کو مضبوطی سے تھام لیا۔

مشرکین نے اہل حق کے ان پروانوں کو طرح طرح کی تکلیفیں دیں۔ حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا عالم پیری تھا اور پھر بہ حیثیت عورت بھی وہ ایک صنف نازک تھیں لیکن کفار نے ان کے شوہر اور فرزند کے ہمراہ انہیں بھی سخت سزائیں دیں ان لوگوں نے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو لوہے کی زرہ پہنا کر تپتی ہوئی دھوپ میں کھڑا کیا تا کہ مکہ کے چلچلاتے ہوئے سورج کی تپش سے یہ لوہا گرم ہو کر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے نازک جسم کو اذیت ناک جلن دے اور نتیجتاً آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کلمہ حق سے باز آ جائیں مگر عشق رسول ﷺ ان مقدس ہستیوں کے رگ و پے میں اس درجہ سرایت کر چکا تھا کہ کسی صورت بھی یہ واپس شرک کی طرف لوٹنے والوں میں نہ ہوتے۔

رسول کریم ﷺ جب ان کو بنو مغیرہ بن عبداللہ بن عمر بن مخزوم کی طرف سے دی گئی اذیتوں میں مبتلا مکہ کی گرم دوپہروں میں جلتا دیکھتے تو فرماتے: "اے آل یاسر! ہمت نہ ہارنا اللہ نے تم سے جنت کا وعدہ کیا ہے۔"

غرض اسلام کی محبت میں سارا دن یہ عذاب جھیلتے گزر جاتا۔ ایک دن رات کو ابوجہل حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس آیا اور ان پر سخت غصہ ہوا کہنے لگا: "اے بڑھیا! تو سٹھیا گئی ہے کہ اپنے ساتھ اپنے خاوند اور بیٹے کو بھی بددین کر ڈالا۔"

یہ کہتے کہتے اتنا غضب ناک ہوا کہ بے چاری بزرگ عورت حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو اس زور سے کھینچ کر برچھی ماری کہ اس صدمے اور تکلیف کی تاب نہ لاتے ہوئے وہ اسی وقت شہید ہو گئیں۔

اسلام کی پہلی شہید خاتون حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا پورا نام سمیہ بنت خباط تھا۔ ترس یہ ہے کہ حضور ﷺ کی حیات اقدس کا یہ سارا دور (حضرت یاسرؓ، حضرت سمیہؓ) حضرت عبداللہؓ اور حضرت عمارؓ کے سامنے گزرا اور انہوں نے حضور ﷺ کی عظیم ترین شخصیت اور اعلیٰ سیرت و کردار کا نہایت گہرا اثر قبول کیا۔ یہی وجہ ہے کہ بعثت کے بعد حضور ﷺ نے دعوت حق کا آغاز فرمایا تو اس سارے خاندان نے کسی قسم کا رد و کد یا تامل نہیں کیا بلکہ دعوت حق پر لبیک کہا۔ یہ اہل حق کیلئے بڑا پر آشوب زمانہ تھا۔ مکہ کا جو شخص بھی اسلام قبول کرتا مشرکین قریش کے غیظ و غضب اور لرزہ خیز جور و تشدد کا نشانہ بن جاتا۔ مشرکین اس معاملے میں اپنے عزیزوں کا بھی لحاظ نہیں کرتے تھے۔

حضرت یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے لڑکے غریب الوطن تھے اور حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو ابھی بنو مخزوم نے آزاد نہیں کیا تھا۔ ان بے چاروں پر ظلم و ستم کے پہاڑ توڑنے میں مشرکین نے کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی تھی۔ حضرت یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت سمیہ دونوں بے حد ضعیف تھے مگر ان کی قوت ایمانی انتہائی مستحکم تھی۔ استحکام کی یہی خوبی ان کے بیٹوں میں موجود تھی۔ ان مظلوموں کو لوہے کی زرہیں پہنا کر مکہ کی جلتی تپتی ریت پر لٹانا ان کی پشت کو آگ کے انگاروں سے داغنا اور پانی میں غوطے دینا کفار کا روزانہ کا معمول تھا۔

جب حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اسلام کی راہ میں سب سے پہلی شہید ہونے والی عورت کا اعزاز پایا تو حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنی والدہ کی مرگ بے کسی کا سخت صدمہ ہوا۔ وہ حضور ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: "یا رسول اللہ ﷺ! اب تو ظلم کی حد ہو گئی ہے۔"

حضور ﷺ نے صبر کی تلقین کی اور دعا فرمائی کہ: "اے اللہ! آل یاسر کو دوزخ سے بچا!"

حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ تو بیٹا ہونے کی حیثیت سے اپنی ماں کی دردناک شہادت کو کبھی بھول نہیں سکتے تھے لیکن حقیقت تو یہ ہے کہ حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بے کسی اور تکلیف جب بھی اسلام کی تاریخ رقم ہو گی پورے دکھ اور کرب کے ساتھ محسوس کی جائے گی۔ یہی وجہ ہے کہ خود سرور کونین حضرت محمد ﷺ کو بھی ابوجہل کا یہ ظلم اور حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی تکلیف یاد رہی چنانچہ رمضان ۲ ہجری میں جب معرکہ بدر پیش آیا اور اس میں ابوجہل واصل جہنم ہوا تو آنحضور ﷺ نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو بلا کر ارشاد فرمایا: "اللہ نے تمہاری ماں کے قاتل سے بدلہ لے لیا" حضرت سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شہادت ہجرت نبوی سے کئی سال قبل ہوئی اس لیے تمام اہل سیر نے انہیں اسلام کی شہید اول قرار دیا ہے۔

دس ہزار مرتبہ درود پڑھنے کے برابر ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ۔ اس درود پاک کے بارے میں منقول ہے کہ اس کا ایک مرتبہ پڑھنا دس ہزار مرتبہ درود پاک پڑھنے کے برابر ہے۔ (بحوالہ: ذریعة الوصول الی جناب الرسول ﷺ ص150) (محمد طلحہ خیر پور ٹامیوالی)

5

اگر کسی کا حافظہ کمزور ہو تو صبح و شام 41 دفعہ یَابَاقِیُ پڑھنے کا معمول بنالیں تو آخری عمر تک حافظہ ٹھیک رہے گا اگر بچہ کو دم کرکے پلائیں تو بچہ ذہین ہو جائے گا۔

سیما کوثر، حیدرآباد

میٹھا پیار! بچوں کے دانتوں کیلئے زہر، احتیاط کیجئے

پہلے دانت کے نکلتے ہی اسے صاف کرنے کا سلسلہ شروع کردینا چاہیے۔ صاف ستھری روئی یا نرم رومال کے کونے سے دھیرے دھیرے دانت صاف کرتے رہیے اور جب دو چار دانت اور نکل آئیں تو نیم گرم پانی میں تھوڑا سا نمک شامل کرکے روئی بھگو کر دانت صاف کریں۔

برصغیر میں بہت سی مشہور باتوں اور مثالوں میں ''دندان تلنگانہ'' اور ''زلف بنگالہ'' کی مثال بھی شامل ہے یعنی موجودہ آندھرا پردیش والوں کے دانت مضبوط اور سفید اور بنگال کی خواتین کے بال دراز سیاہ اور خوبصورت ہوتے ہیں۔ تلنگانہ کے علاوہ جن علاقوں میں مسواک کا استعمال زیادہ اور مٹھاس کم استعمال کی جاتی ہے دانت اب بھی محفوظ اور صحت مند رہتے ہیں لیکن مسواک کا استعمال ترک ہونے کے ساتھ ساتھ دانتوں کا حسن اور مضبوطی بھی ختم ہورہی ہے۔ سب سے اہم اور قابل توجہ پہلو یہ ہے کہ اب خاص طور پر ملک کے نونہالوں کے دانت تیزی سے کمزور ہورہے ہیں۔

اس کی ایک بنیادی وجہ ماؤں کا اپنے بچوں کو دودھ نہ پلانا ہے انہیں بہت جلد اوپر کے شکر ملے دودھ اور نام نہاد پھلوں کے رس پر ڈال دیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ انہیں سوئٹس اور چاکلیٹ کے علاوہ میٹھے بسکٹ کھانے کو دیئے جاتے ہیں۔ ذرا بڑے ہوتے ہیں تو ان میں آئس کریم اور کولڈ ڈرنکس کا چسکا بڑھ جاتا ہے۔ مٹھاس کی اس کثرت اور دانتوں کی صفائی کے طریقے نہ سکھانے کے نتیجے میں بچے جوانی میں قدم رکھتے رکھتے ڈاڑھوں اور دانتوں سے محروم ہوکر پوپلے ہوتے جاتے ہیں۔ کھوکھلی ڈاڑھ کے نوجوانوں کی تعداد میں اضافے کا یہ سلسلہ تقاضا کرتا ہے کہ والدین کو اپنے بچوں کے دانتوں کی خیر منانی چاہیے کیونکہ دانتوں ہی کی وجہ سے لذت کام و دہن کے علاوہ لذت گفتار بھی قائم رہتی ہے۔

عام مشاہدہ ہے کہ دانتوں کے معالجین کے بچوں کے دانت کھوکھلے ہونے سے محفوظ رہتے ہیں۔ اس کا سبب کوئی خاص منجن یا ٹوتھ پیسٹ نہیں ہوتا بلکہ صرف دانتوں کی صحیح صفائی کی عادت ہوتی ہے۔ ظاہر ہے کہ ان میں یہ عادت والدین ہی کی وجہ سے پڑتی ہے۔ اس لحاظ سے تمام والدین اپنے بچوں میں دانتوں کی صفائی اور ان کے تحفظ کا شعور پیدا کرسکتے ہیں۔ یہ عادت شروع ہی سے ڈال دی جائے تو پھر بچے زندگی بھر دانتوں جیسی نعمت سے مالا مال رہ سکتے ہیں۔

بچے کے منہ میں دانت، ماں کے پیٹ میں آٹھویں ہفتے سے بننے لگتے ہیں۔ اس لحاظ سے یہ بہت ضروری ہے کہ ماں ایسی غذائیں لے جو ہڈیوں کی طرح دانتوں کے بننے میں معاون ثابت ہوں۔ ماں اگر شدید قسم کے نقص تغذیہ سے محفوظ رہے تو پھر یہ مسئلہ پیدا نہیں ہوتا۔ نقص تغذیہ سے بچنے کی بہتر اور موثر تدبیر یہی ہے کہ ماں دوران حمل اور ولادت کے بعد بھی متوازن غذا کھائے تاکہ اسے پروٹین، نشاستے دار اشیاء (کاربوہائیڈریٹس) معدنی نمک (کیلشیم وغیرہ) اور حیاتین درست مقدار میں ملتے رہیں۔

دوران حمل: اکثر اوقات ہونے والی ماں خود بھی مسوڑھوں کی تکالیف میں مبتلا ہوجاتی ہے مثلاً مسوڑھے سوج جاتے ہیں جن سے خون رسنے لگتا ہے۔ طبی اعتبار سے یہ کیفیت ''دوران حمل دانتوں کا ورم'' کہلاتی ہے۔ حاملہ خواتین اس صورت حال سے خود کو محفوظ رکھ سکتی ہیں۔ اس کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنے دانت پوری توجہ سے صاف کریں۔ کھانے کے بعد غرارے کریں۔ جب بھی کوئی میٹھی چیز کھائیں سادے یا نمک ملے پانی سے اچھی طرح کلیاں کرنے کا اہتمام کریں۔ اس کے باوجود تکلیف ستائے تو معالج دنداں سے ضرور مشورہ کریں۔

حمل کے دوران بھوک بڑھ جاتی ہے جو دراصل پیٹ میں پروان چڑھنے والے بچے کی بھوک کا نتیجہ ہوتی ہے۔ اکثر اوقات ہونے والی مائیں یہ سمجھ کر کہ وہ وقت پر کھانا کھا چکی ہیں یہ بھوک مٹانے کیلئے میٹھے، نمکین، نان خطائی، توس، پاپے وغیرہ کھاتی ہیں جس سے انہیں دانت اور مسوڑھوں میں ورم وغیرہ کی شکایت ہوجاتی ہے جو بڑھ کر دانتوں کی بوسیدگی اور کمزوری کا سبب بن جاتی ہے۔ ہمارے ہاں پان کی عادی خواتین دوران حمل پان اور تمباکو کا استعمال کرکے اپنے مسوڑھوں اور دانتوں پر ظلم کرتی ہیں۔

بچے کے دانت: دوران حمل دانتوں کی صحیح نشوونما کا خیال رکھنے کے علاوہ یہ بھی ضروری ہے کہ دنیا میں آنے کے بعد اسے مقررہ وقت پر ماں اپنا دودھ پلائے اوپر کا دودھ شکر کے بغیر پینے کی عادت ڈالی جائے۔

کوئی بھی بچہ مٹھاس کا لقمہ لے کر پیدا نہیں ہوتا۔ شکر خوری کی عادت ان میں اس کے ماں باپ اور چاہنے والے ڈالتے ہیں۔ یہ میٹھا پیار دلار بچے کے دانتوں کے حق میں زہر ثابت ہوتا ہے۔ شکر بچے کی ضرورت نہیں ہوتی' کیونکہ اس کا جسم ملنے والی غذا سے خود شکر تیار کرتا ہے۔ پیدائش کے بعد چھ مہینوں تک بچے کو شکر کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اس کے بعد بھی اسے شکر کے بغیر دودھ دلیا دینا چاہیے۔ پھلوں کا رس بھی شکر کے بغیر دینا چاہیے۔ اس میں خواہ مخواہ شہد وغیرہ ملانا نہیں چاہیے۔

اسی طرح اگر اسے بوتل سے دودھ پلانا ہی پڑے تو یہ دودھ پلانے کا عمل طویل نہیں ہونا چاہیے۔ یہ نہیں کہ اس کے منہ میں بوتل لگا کر شکر ملا دودھ گھنٹوں پلایا جائے۔ اس کی وجہ سے منہ میں موجود شکر تیزاب بن کر اس کے دودھ کے دانت کھوکھلے کرتی ہے۔ یہ نقصان صرف کچے دانتوں تک محدود نہیں رہتا۔ تیزابیت' مسوڑھوں کی گہرائی میں بننے والے پکے دانتوں کا خاتمہ بھی کردیتی ہے۔

یہ یاد رہے کہ بچے کا پہلا دانت کوئی چھ مہینے کے لگ بھگ باہر آتا ہے۔ دانت نکلنے کے دوران بچے بے چین اور بے آرام رہتے ہیں۔ ان کے مسوڑھے سوج جاتے ہیں' ان میں سرخی اور کھولن سی رہتی ہے۔ اس کیلئے وہ کوئی چیز اور کھردری چیز چبانے کی کوشش بھی کرتے ہیں۔ اس طرح انہیں سخت نمکین بسکٹ' رس دینے سے اسے چبا کر وہ راحت محسوس کرتے ہیں۔ مسوڑھوں کی ہلکی مالش کرنے سے بھی آرام ملتا ہے۔

پہلے دانت نکلتے ہی اسے صاف کرنے کا سلسلہ شروع کردینا چاہیے۔ صاف ستھری روئی یا نرم رومال کے کونے سے دھیرے دھیرے دانت صاف کرتے رہیے اور جب دو چار دانت اور نکل آئیں تو نیم گرم پانی میں تھوڑا سا نمک شامل کرکے روئی بھگو کر دانت صاف کریں۔

ورد اللہ سے دل کی تکلیف دور

اسم اللہ پر ریسرچ کی گئی کہ اگر کسی آدمی کو دل کی تکلیف ہو جائے تو وہ ہر وقت اٹھتے بیٹھتے' چلتے پھرتے' وضو بے وضو اسم اللہ کا ورد کرتا رہے ان شاء اللہ کچھ ہی عرصہ میں دل کی تکلیف دور ہو جائے گی۔

برائے قوت بصارت

سرمہ دانی میں ایک لونگ مع پھول کے ڈال دیں اور روزانہ اس پر 132 مرتبہ سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ پڑھ کر دم کرتے رہیں پھر ایک ماہ کے بعد لونگ نکال کر دوسرا ڈال دیں' ہر ماہ لونگ تبدیل کرتے رہیں' سرمہ دم والا روزانہ لگاتے رہیں' کبھی نظر کمزور نہ ہوگی۔ (محمد زاہد جاوید عیسیٰ) 6

سید نور عالم شاہ، کی شریف

تنگدستی و مشکلات سے نجات کا واحد نسخہ

آئیں! قرآن پاک کی تلاوت کریں اور اللہ پاک کی مہربانیاں فضل و کرم اور نوازشیں سمیٹ لیں اللہ پاک ہم سب کو تلاوت قرآن پاک پڑھنے اور عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین۔

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! ماہنامہ عبقری 2003ء کے شماروں اور خطبات عبقری میں بھی پڑھا کہ دنیا کا کوئی بھی کام ہو کوئی بھی مقصد پریشانی مشکل ہو قرآن پاک کی ہر سطر پر پڑھو ''نَسْتَغْفِرُكَ وَنَتُوْبُ اِلَيْكَ'' ایک ختم دو ختم تین ختم پانچ ختم حد سات ختم دنیا کی کوئی مشکل نہیں رہے گی۔ میں نے پچھلے رمضان میں شروع کردیا۔ ہر روز ایک پارہ پڑھا پڑھتے ہوئے بیس دن گزرے ہو گئے مجھے پڑھنے میں بہت مزہ آنے لگا رمضان کے اختتام پر ایک ختم ہوگیا۔

عید کے دن سے دوبارہ شروع کردیا اتنا مزہ آتا پڑھنے میں کہ میں نے ایک دن میں دس پارے پڑھ لیے تیسرے دن دوسرا ختم بھی ہوگیا اور چوتھے دن سے تیسرا ختم شروع کردیا اور دن میں پانچ پارے پڑھنا شروع کردیے اور پانچویں دن دس پارے پڑھ کر تیسرا ختم بھی کردیا پھر ہر روز پانچ پارے پڑھنا معمول بنالیا اس دوران اللہ پاک نے میرے کاموں میں آسانیاں پیدا فرمادیں ذہنی اور جسمانی طاقت میں بے حد اضافہ ہوا کام کرنے کی صلاحیت میں بھی بہت اضافہ ہوا لوگ عزت کرنے لگے، دعاؤں میں اثر پیدا ہوا۔

میرے پاس کچھ تعویذات ہیں جو میں اپنے بزرگوں کی اجازت سے مختلف مسائل کیلئے لوگوں کو فی سبیل اللہ دیتا ہوں ان میں تاثیر بڑھ گئی جب سے نَسْتَغْفِرُكَ وَنَتُوْبُ اِلَيْكَ کے ساتھ قرآن پاک شروع کیا ہے میری زبان میں میرے دم درود میں ہزار گنا تاثیر بڑھ گئی ہے جب قرآن پاک پڑھتا ہوں تو ایسا لگتا ہے جیسے قرآن پاک کا ہر لفظ ہر آیت مجھ سے کہہ رہی ہو کہ مجھ میں یہ تاثیر ہے میں نے کچھ آیتیں نوٹ بھی کیں اور ان کو پڑھا بھی جس کام کیلئے پڑھا فوراً سے پہلے کام ہوا اسی طرح ایک دن قرآن کی تلاوت کررہا تھا مجھے لگا کہ قرآن کی آیت مجھ سے کہہ رہی مجھ میں یہ تاثیر ہے میں نے وہ آیت نوٹ کرلی ایک دن بیٹھا ہوا تھا چھوٹا بھانجا بہت شرارت کررہا تھا مجھے وہ آیت یاد آئی میں نے چند مرتبہ پڑھ کر اس کی طرف دم کردیا آیت دم کرنا تھی یہ بھانجا میری گود میں چڑھ گیا اور بہت پیار کرنے لگا وہ دن آج کا دن میرا بھانجا میری ہر بات مانتا ہے بہت پیار کرتا ہے میرے بغیر اس کا گزارہ نہیں ہوتا میں اس کو ڈانٹوں یا ماربھی لوں تو اس کا پیار کم نہیں ہوتا۔ ہر وقت میرے ساتھ رہتا ہے میرے ساتھ کھاتا ہے پیتا ہے سوتا ہے۔

ایک دن ایک دکان پر کچھ سودا اور ایزی لوڈ کرانے گیا دکان پر کافی رش تھا میں کافی دیر تک کھڑا رہا کہ اچانک یہ آیت یاد آئی میں نے چند مرتبہ پڑھ کر دور سے ہی دکاندار پر دم کردی اس پر دم کرنا تھا وہ اپنی دکان چھوڑ کر میرے پاس آ گیا اور آ کر خدمت کرنے لگا اس نے سب کو چھوڑ کر پہلے مجھے سودا دیا اور ایزی لوڈ بھی ہوگیا۔ قرآن پاک کے پانچ ختم ہوگئے چھٹا ختم جاری تھا ایک رات میں صحن میں سورہا تھا سب گھر والے بھی تھے کہ اچانک تیز بارش شروع ہوگئی سب گھر والے برآمدے میں چلے گئے۔

مجھے بھی آوازیں دے جلدی اٹھو لیکن میں نے کہا میں نہیں آتا ابھی بارش نہیں ہے جب بارش ہوگی آجاؤں گا حالانکہ بارش بہت تیز اور زور و شور سے ہورہی تھی میں نے منہ سے چادر اٹھا کر دیکھا تو مجھے ایسا لگا جیسے کوئی سبز کپڑے پہنے ہوئے میرے سرہانے کی طرف کھڑا ہے اور اس نے مجھ پر کوئی چیز پھیلائی ہوئی ہے اور اس چیز کی وجہ سے مجھ پر بارش نہیں پڑ رہی ہے اتنی تیز بارش میں نہ میں گیلا ہوا نہ میرا بستر بلکہ ایک قطرہ تک بھی مجھ پر نہیں گرا یہ سب برکتیں مجھے قرآن پاک کی تلاوت اور نَسْتَغْفِرُكَ وَنَتُوْبُ اِلَيْكَ کے ذکر سے حاصل ہوئی قارئین عبقری سے گزارش ہے آپ بھی تلاوت قرآن پاک کریں کیونکہ ہماری پریشانیوں اور مشکلات سے نجات کا واحد ذریعہ ہے آئیں قرآن پاک کی تلاوت کریں اور اللہ پاک کی مہربانیاں فضل و کرم اور نوازشیں سمیٹ لیں اللہ پاک ہم سب کو تلاوت قرآن پاک پڑھنے اور عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین۔

قسط نمبر 96

اسلام اور رواداری

پیغمبر اسلام ﷺ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک

ابن زیب بھکاری

کسی قدیم عبادت گاہ کو تباہ کرنا جائز نہیں

مولانا عبداللہ نے پوچھا ''کہ کشتیر کیا چیز ہے؟'' بتایا کہ یہ ایک بڑا حوض ہے جہاں ہندو دہلی اور قرب و جوار سے آکر غسل کرتے ہیں' مولانا نے پوچھا: ''یہ مراسم کب سے جاری ہے؟'' لوگوں نے بتایا ''یہ قدیم زمانے سے جاری ہے'' مولانا عبداللہ نے فتویٰ دیا کہ ''کسی قدیم گاہ کو چاہیے وہ کسی بھی مذہب کی ہو اسلام کی رو سے تباہ کرنا جائز نہیں ہے۔'' سکندر لودھی نے جب اپنی مرضی کیخلاف فیصلہ سنا تو خنجر پر ہاتھ رکھ کر بولا: تمہارا یہ فتویٰ ہندوؤں کی طرفداری کا ہے میں پہلے تمہیں قتل کردونگا پھر کشتیر کو تباہ کرونگا'' مولانا عبداللہ نے بڑی دلیری اور جرأت سے جواب دیا' اللہ تعالیٰ کے حکم کے کوئی نہیں مرتا میں جب کسی ظالم کے پاس جاتا ہوں تو پہلے ہی اپنی موت کیلئے تیار ہوکر جاتا ہوں آپ نے مجھ سے شرعی مسئلہ (باقی صفحہ نمبر 25)

شوگر اور ہائی بلڈ پریشر کنٹرول

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ آپ کو خوش و خرم رکھے اور عمر دراز کرے گزارش ہے کہ میں ایک گنہگار آدمی ہوں خوش قسمتی سے میں نے آپ کا درس نیٹ پر سنا تو اللہ تعالیٰ نے مجھے اور میری بیوی کو نمازی بنادیا ہے اور ہم باقاعدگی سے روزانہ نیٹ پر آپ کے درس سنتے ہیں اور آپ کی دعاؤں سے ہمارے گھر میں بہت برکت آئی ہے۔ ہم میاں بیوی اور میرا بیٹا سیدھے راستے پر چل پڑے ہیں۔ محترم حکیم صاحب! میں ہائی بلڈ پریشر اور شوگر کا مریض ہوں میری شوگر اور بلڈ پریشر کنٹرول میں نہیں رہتا تھا مگر جب سے میں نے میٹھا سوڈا' سونٹھ اور دارچینی ہم وزن کا سفوف بنا کر استعمال کرنا شروع کیا ہے پہلے سے کافی بہتر ہوں صبح و شام آدھا چمچ چائے والا سے اب میری شوگر اور بلڈ پریشر کنٹرول میں رہتا ہے۔ مزید بہتری کیلئے دعا فرمائیں۔ (محمد ارشد، انگلینڈ)

جس شخص کے منہ سے بدبو آتی ہو وہ کم از کم تین لیٹر پانی پورے دن میں پینے کا معمول بنالے! انشاء اللہ کچھ دنوں کے بعد منہ سے بدبو نہیں آئے گی اور پٹھوں کا کھچاؤ بھی ٹھیک ہوجائیگا۔

ڈیپریشن کی خطرناک ترین کیفیات اور ان کا موثر علاج

ڈاکٹر ناصر

جب آمدنی قلیل ہو اور اخراجات زیادہ تو عام طور پر میاں بیوی میں روزانہ کی نوک جھونک شروع ہوجاتی ہے چھوٹی چھوٹی باتوں پر غصہ چڑچڑاپن پھر اس کے اثرات چھوٹے بچے جلد قبول کرتے ہیں اگر آپ ٹھنڈے دل سے علیحدگی میں باہم مشورے سے اپنے اخراجات پر نظرثانی کریں۔

آپ پچھلے کچھ اخبارات اٹھا کر دیکھ لیں تسلسل سے خوفناک قسم کے واقعات آپ کو نظر آئیں گے پچھلے اخبارات کا مطالعہ کرکے ہر وہ شخص جو صاحب اولاد ہے بارزق حلال کماتا ہے وہ خبریں پڑھ کر چند سیکنڈ کیلئے ہی صحیح یقیناً سناٹے میں آگیا ہوگا۔ عام طور پر ہوتا یہی ہے کہ خبر کا اثر بمشکل ایک دن ہی رہ جاتا ہے کہ کچھ روز کے بعد دوسرا واقعہ ہمیں جھنجھوڑنے کی کوشش کرتا ہے جن گھروں میں کچھ باشعور بچے ہوں تو شاید ان کے دل و دماغ میں بھی ایسے واقعات کا اثر تادیر رہتا ہے جو ذرا زیادہ حساس قسم کے بچے ہوتے ہیں وہ اس کا اثر زیادہ لیتے ہیں ہوسکتا ہے کہ ان کے دل میں خوف بیٹھنا شروع کردے کل تک جو بچے اپنے باپ کے لاڈلے اور دلارے تھے یہ کیسے ممکن ہے کہ باپ اپنے ہاتھ سے ان کے گلے پر چھری پھیر دے میرا خیال ہے اور آپ بھی یقیناً اس بات سے متفق ہوں گے کہ اپنی اولاد ہر چیز سے پیاری ہوتی ہے آخر وہ کون سے عوامل ہیں کہ انسان اس قدر بے حس اور شقی القلب ہوجائے کہ اپنے جگر کے ٹکڑوں کو اپنے ہاتھوں سے موت کی نیند سلادے۔ پچھلے کچھ عرصہ میں آپ نے مشاہدہ کیا ہوگا کہ ایسے قتل جن کا تعلق والدین اور اولاد سے ہے کتنی تیزی سے ان میں اضافہ ہوا ہے۔ یہ ایسے واقعات ہیں کہ یقین ہی مشکل سے آتا ہے۔ کیونکہ ایک حقیقت یہ بھی ہے کہ اپنی اولاد ہر شخص کو پیاری ہوتی ہے۔ دوسرے کی اولاد چاہے جتنی خوبصورت ہو مگر اپنا بچہ چاہے خوبصورت نہ ہو مگر دوسرے کے بچے سے زیادہ پیارا لگتا ہے۔ آخر کیا وجہ ہے کہ ایک باپ اپنے لخت جگر کو اپنے ہی ہاتھوں موت کے گھاٹ اتار دیتا ہے۔ بے شک جو واقعات ہوچکے ہیں ان کا مداوا تو ممکن نہیں مگر آئندہ ہونے والے (خدانخواستہ) واقعات کو روکنا ممکن ہے۔ قتل کے ایسے واقعات میں آپ نے خبر پڑھ کر ایک بات ضرور نوٹ کی ہوگی کہ ایسے اشخاص کی ذہنی حالت نہایت واضح ہیں انہی ذہنی علامات ملتی ہیں عجیب بے چینی بے قراری کہ کسی دم قرار نہیں آتا۔ بات بات پر غصہ جھنجھلاہٹ وغیرہ بتدریج ان علامات میں اضافہ ہی ہوتا چلا جاتا ہے مریض راتوں کو جاگتا ہے نیند بمشکل آتی ہے خود کلامی کی عادت ہوتی ہے لوگوں سے ملنا جلنا پسند نہیں کرتا مریض خود نہیں جانتا کہ وہ چاہتا کیا ہے؟

پچھلے واقعات کا بغور مشاہدہ کیا جائے تو ''نیوراسس'' کی کیفیت نظر آتی ہے۔ یہ اس اعصابی کیفیت کو کہتے ہیں جو مریض کے ماحول میں تناؤ دباؤ اور تشویش کے باعث پیدا ہوتی ہے۔ یہ آگے جاکر چار قسم میں تبدیل ہوتی ہے۔ پہلی صورت میں تشویش ہوا کرتی ہے دوسری حالت میں ہسٹریا قسم کی علامات تیسری حالت میں دوعملی افسردگی اور چوتھی حالت خبط جنون کی ہوجاتی ہے۔ یہی وجہ ہوتی ہے کہ ذہن اس نہج پر پہنچ جاتا ہے کہ کسی کو مارنے تک کی خواہش جنم لے لیتی ہے۔ ماحول میں تناؤ کی کیفیت چاہے گھریلو قسم کی پریشانیوں پر مبنی ہو یا مالی پریشانی ہو ہر شخص کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ اپنے بیوی بچوں کو ہر قسم کا آرام بہم پہنچائے قناعت پسندی بر کسی میں نہیں آج کل کے ماحول پر نظر دوڑائیں تو ہر شخص دن رات اسی تگ و دو میں پریشان ہے کم سے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ دولت کا جنون۔۔۔ مگر یہ سب نہیں ہو پاتا اسی پریشانی اور گھریلو مسائل میں بھی روز بروز اضافہ ہی ہوتا رہتا ہے اگر ایسے وقت میں بیوی بچوں کی بھرپور توجہ مل جائے تو کافی حد تک مریض خود ٹھیک ہونے کی صلاحیت رکھتا ہے بعض حساس قسم کے مریض ذرا سی بھی بے توجہی طعنہ زنی برداشت نہیں کرتے جس کی بنا پر مریض کی علامات بڑھتی ہی جاتی ہیں۔۔ آئندہ اس قسم کے واقعات کی روک تھام کیلئے ضروری ہے کہ مریض اپنے متعلق خود توجہ دے (اگر اس میں اتنی سمجھ بوجھ ہے تو) ورنہ متعلقہ افراد بغور ایسے شخص کا مشاہدہ کریں اور علاج کرائیں۔

جب آمدنی قلیل ہو اور اخراجات زیادہ تو عام طور پر میاں بیوی میں روزانہ کی نوک جھونک شروع ہوجاتی ہے چھوٹی چھوٹی باتوں پر غصہ چڑچڑاپن پھر اس کے اثرات چھوٹے بچے جلد قبول کرتے ہیں اگر آپ ٹھنڈے دل سے علیحدگی میں باہم مشورے سے اپنے اخراجات پر نظرثانی کریں تھوڑے سے بھی فالتو خرچے کو ختم کردیں۔ اگر آمدنی بڑھانے کا کوئی حلال اور معقول ذریعہ ہوسکتا ہے تو ضرور کوشش کریں مگر میاں بیوی کی آپس میں محبت سے ہی گھر میں برکت ہے۔ بے برکتی اسی وقت شروع ہوتی ہے جب آپس میں چپقلش شروع ہوتی ہے۔ معصوم بچوں کے سامنے کبھی نوک جھونک نہ کریں کیونکہ اس عمر میں حاصل کیے گئے اثرات کبھی کبھی تاعمر نہیں جاتے بچوں پر اپنا غصہ نہ نکالیں بچے بہت حساس ہوتے ہیں آج آپ کی ذرا سی غفلت سے بچے کے ذہن میں کافی خلا پیدا ہوسکتا ہے۔ ایک دوسرے کا جتنا زیادہ خیال کریں گے اس گھر میں بے برکتی ہو ہی نہیں سکتی۔ گھر کے اخراجات پورے کرنا بے شک مرد کی ذمہ داری ہے لیکن وہ مرد زیادہ بہتر طریقے سے اپنے فرائض انجام دیتے ہیں جن کو گھر میں ذہنی سکون ملتا ہے۔ صبح کو گیا شام کو تھکا ہارا مرد گھر آتا ہے تو بیوی کی دلجوئی اور حوصلہ دینے سے ختم ہوجاتی ہے اس میں بھی شک نہیں کہ بیوی سارا دن گھر کے کام کاج میں مشغول رہ کر اچھی طرح تھک جاتی ہے اس کو بھی ضرورت ہوتی ہے کہ شوہر اس کے کام کی تعریف کرے تعریف کے دو بول ہی اس کی تھکن دور کرنے کا ذریعہ بن سکتے ہیں۔ کچھ کوشش بیوی کرے اور کچھ شوہر تو آنے والی تمام مشکلات ہی نہیں لگیں گی۔ آپ خود یہ بات آزما سکتے ہیں کہ ایک گھر میں برکت کیلئے یہی سب سے آسان نسخہ ہے۔ ہومیوپیتھی علاج اس قسم کے امراض میں بہترین نتائج کا حامل ہے اگر علاج سنگل ادویہ سے کیا جائے تو انشاء اللہ بتدریج بہتری ہوتی ہے قارئین کی دلچسپی کیلئے ہومیو ادویہ کا مختصر جائزہ پیش کررہا ہوں امید ہے کہ ہومیو ڈاکٹرز کیلئے بھی یہ سودمند ہوگا۔

☆ جب ذہن پر دباؤ محسوس ہو سر بھاری بھاری لگے مالی پریشانی کی بنا پر سردرد چکر محسوس ہوں بلڈ پریشر لو ہونے لگے تو Kalium Phosphoricum 6x کی چار گولی دن میں چار مرتبہ استعمال کرنے سے ان کیفیات کا خاتمہ ممکن ہے۔ ☆ قتل کرنے کی خواہش! انکارڈیم سٹرامونیم ہیوسمس آرسنک کیمفر ہیپر۔ ☆ ان آدمیوں کو قتل کرنے کی خواہش جو اس کی تردید کریں! مرگ ☆ چاقو دیکھنے پر قتل کرنے کی خواہش! پلاٹینا۔ ☆ بندوق دیکھنے پر قتل کرنے کی خواہش! پلاٹینا۔ ☆ بندوق دیکھنے پر قتل کرنے کی خواہش! الیومنا۔ ☆ سوچے کہ اسے کسی کو قتل کرنا ہی چاہیے! کیمفر ☆ یکایک جذبہ کسی اپنے کو قتل کرنے کا! ہائیڈروفوبیم نکس وامیکا۔ ☆ حجام اپنے گاہک کو قتل کرنا چاہے! آرسنک ہیپر ☆ شوہر کے ساتھ بے حد محبت ہو مگر قتل کرنا چاہے! پلاٹینا، مرک نکس۔

فطرت سے تعلق جوڑیئے سردیاں خوشگوار بنائیے

محمد شہریار' کراچی

دوپہر میں واقعی آپ کو بھوک لگ جائے تو معدہ' جسم کی تواضع ملی جلی پکی سبزیوں کی پلیٹ سے کرنا کافی ہے' کینو اور مالٹے بکثرت دستیاب ہوتے ہیں ان کا استعمال بھی آپ کیلئے مفید ثابت ہوگا۔ اب بعد از مغرب آپ کھانا کھایئے اس کھانے میں سبزی' گوشت' سبزی دال' کباب' انڈوں اور مچھلی کا سالن کھانا مناسب ہے

فروری کا مہینہ ہے۔ سردیاں شباب پر ہیں' ملک کے شمالی نیز جنوبی علاقے بھی سردی کی لپیٹ میں ہیں۔ دوا فروشوں کی بن آئی ہے' کوئی نزلے کی دوا مانگ رہا ہے' کوئی کھانسی کے شربت اور بخار کی دوا کا طالب ہے' ہر شخص لحاف میں دبکا پڑا ہے' کیا اس موسم کے استقبال اور اس سے استفادے کا یہ انداز مناسب اور درست ہے???

سخت سردی میں کیا کھائیں؟: شمالی علاقوں میں فروری سخت سردیوں کا مہینہ ہوتا ہے۔ اس میں صبح کے وقت کہر بھی ہوتی ہے سورج نکلنے سے پہلے اٹھ جایئے نماز پڑھیے تلاوت کیجئے' گرم لباس پہن کر کسی کھلے میدان' کھیت یا باغ میں نکل جایئے اور تیز قدم چلیے ہوسکے تو روزانہ صبح بیس سے چالیس منٹ کی سیر اور دوڑ آپ کو فرحت بخش حرارت عطا کرے گی۔ اگر موسم اس کی اجازت نہ دے تو کسی ہوادار کمرے میں ورزش کیجئے۔ ورزش کے بعد آپ پسینہ خشک ہونے کے بعد ہوا سے محفوظ حمام میں نیم گرم پانی سے غسل کرکے جسم کو خوب اچھی طرح مل کر خشک کرلیجئے۔ جاڑوں میں ہفتے میں دو بار نہالینا بھی کافی ہے۔ صبح کے ناشتے میں آپ دیسی گندم یا جو کا دلیہ گرم دودھ کے ساتھ کھاسکتے ہیں' دیسی چنے بھی ایک بہترین اور مقوی غذا ہیں۔ مٹھی بھر چنے رات ہی کو بھگو دیجئے' صبح انہیں ہلکی آنچ پر تھوڑے سے گھی نمک اور مرچ کے ساتھ تل کر یا بھون کر خوب چبا کر کھایئے۔ آپ اس میں پیاز' ایک آدھ ٹماٹر لہسن اور ہرے دھنیے کا اضافہ بھی کرسکتے ہیں۔ اس موسم میں گاجریں بھی باآسانی فراہم ہوتی ہے' انہیں دودھ میں ابال کر تھوڑا گڑ ملا کر کھائیں۔ یہ ایک مقوی اور صحت بخش ناشتہ اور غذا ہے۔ صاحب استطاعت انڈے' مکھن اور گرم دودھ کا استعمال کریں' بیسن میں کٹی ہوئی پیاز' ہرا دھنیا' ہری مرچ' میتھی' سرسوں یا پالک کا ساگ' ٹماٹر اور نمک مرچ ملا کر روٹی سینک لیں اور اسے تنہا یا لہسن کی چٹنی سے کھائیں یہ ایک نہایت مقوی غذا ہے اسی طرح اس موسم میں مولی' آلو اور دال بھری روٹی بھی لذیذ اور مفید ناشتہ ثابت ہوتی ہے۔ دوپہر میں واقعی آپ کو بھوک لگ جائے تو معدہ' جسم کی تواضع ملی جلی پکی سبزیوں کی پلیٹ سے کرنا کافی ہے' کینو اور مالٹے بکثرت دستیاب ہوتے ہیں ان کا استعمال بھی آپ کیلئے مفید ثابت ہوگا۔

اب بعد از مغرب آپ کھانا کھایئے' اس کھانے میں سبزی' گوشت' سبزی دال' کباب' انڈوں اور مچھلی کا سالن کھانا مناسب ہے۔ اس موسم میں اکثر لوگ ہاتھ اور پاؤں کے ٹھنڈے ہونے کی شکایت کرتے ہیں ماہرین کے مطابق یہ شکایت ان لوگوں کو لاحق ہوتی ہے جن کی غذا ناقص اور محدود ہوتی ہے' اس کی وجہ سے سردی ان کے پیروں کے دوران خون میں مخل ہوتی ہے۔ سردی کا تقاضا ہے کہ آپ خود کو محفوظ رکھنے کیلئے مناسب گرم کپڑے پہنیں۔ آپ کے سر' سینے' کمر اور گردن کا سردی سے محفوظ ہونا ضروری ہے۔ سوتے وقت کمرے میں ہوا کا گزر ہونا چاہیے۔ اگر آپ انگیٹھی جلاتے ہوں تو اس بات کا خاص خیال رکھیے کہ اس کی زہریلی گیس کمرے میں جمع نہ ہونے پائے۔ سوتے وقت سر اور گردن کو چادر وغیرہ سے ڈھانک لیجئے۔

احتیاط لازم ہے: ہر موسم کی طرح اس موسم میں بھی یہ احتیاط رکھیے کہ آپ وہ اشیاء استعمال نہ کریں جو موافق نہ آتی ہوں' بہت زیادہ سرد پانی سے بچیے' سوتے وقت نیم گرم پانی اور نمک سے غرغرے کرنا ایک مفید احتیاطی تدبیر ہے۔ اسی طرح سوتے وقت ناک میں کوئی معیاری بام لگانے سے نزلے زکام سے خاصا تحفظ ہوجاتا ہے۔ اس موسم میں اکثر لوگ کم پانی پیتے ہیں جس کی وجہ سے قبض کی شکایت ہوجاتی ہے لیکن اگر کچی سبزیاں اور موسمی پھل کھائیں گے تو پھر قبض نہیں ہوگا۔ دن میں کم از کم سات آٹھ گلاس پانی بھی ضرور پینا چاہیے۔

سردی صحت و شباب کا موسم ہے۔ فروری میں جاڑا اپنے شباب پر ہوتا ہے۔ اگر آپ کوشش کریں تو یہ آپ کی صحت کے شباب کا مہینہ بھی بن سکتا ہے۔

جاڑے ہمیں کیوں ستاتے ہیں؟ موسم قدرت کی ایک بہت بڑی نعمت ہیں۔ یہ زمین کے وسائل کی تجدید کرتے ہیں' سخت گرمیاں باران رحمت کا سبب بنتی ہیں' زمین تجدید شباب کی منزل سے گزرتی اور نئی توانائیوں سے سرشار ہوکر کروٹ لیتی ہے۔ اس کی گود سے اناج' دالیں' سبزیاں' ترکاریاں' پھل اور بے شمار نعمتیں پیدا ہوتی ہیں۔ جاڑوں میں زمین کی توانائیاں اپنے جوبن پر ہوتی ہیں' مغذی اناج' حیات بخش سبزیاں اور میوے فراہم ہوتے ہیں۔ تازہ اور بکثرت چارے پر پلے ہوئے فربہ جانوروں کا گوشت دستیاب ہوتا ہے' گائے' بھینس' بکری غرض کہ ہر جانور خوب صحت مند اور توانا ہوتا ہے۔ دودھ' دہی' مکھن اور گھی کی کثرت ہوتی ہے۔ اگر موسم ان سب کیلئے حیات بخش ہیں تو پھر انسان کیلئے کیوں مفید نہیں ہوسکتے؟ گرمیوں کو دیکھ کر ہم بدحواس کیوں ہوتے ہیں؟ بارشیں ہمارا ناطقہ کیوں تنگ کرتی ہیں' جاڑے ہمیں کیوں ستاتے ہیں؟

اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ ہم خود کو فطرت سے بے تعلق کررہے ہیں' اشرف المخلوقات کا مطلب ہم نے یہ سمجھ لیا ہے کہ ہم روئے زمین کی ایسی مخلوق ہیں جسے ہر موسم ستانے ڈرانے کیلئے آتا ہے۔ ہمارا یہ نقطہ نظر غلط ہے کہ صحرا' زمین و سمندر پر حکمرانی کیلئے یہ بھی ضروری ہے کہ ہم جسمانی اعتبار سے مکمل طور پر صحت مند و توانا ہوں۔ موسم کی تبدیلیوں کے ساتھ اپنی غذا اور رہن سہن میں بھی تبدیلی لائیں اور موسم اور موسم کی فراہم کردہ نعمتوں سے لطف اندوز ہوں۔ جاڑوں کا موسم توانائیوں کی تجدید کا موسم ہوتا ہے۔ یہ موسم ہم سے تقاضا کرتا ہے کہ ہم اپنے جسم کو حرکت دیں ورزش کریں اور خون کی گردش کو تیز کرکے حرارت میں اضافہ کریں۔ لحاف آپ کے جسم میں گرمی نہیں پیدا کرتا صرف جسم کی گرمی کی حفاظت کرتا ہے' ہر وقت اسے اوڑھ کر یہ نہ سمجھیے کہ اس سے آپ کی صحت بہتر ہوگی' اس موسم میں اپنے لیے غذا' ورزش اور حفظ صحت کا ایک پروگرام مرتب کیجئے اور پھر اس پر باقاعدگی سے عمل شروع کردیجئے۔ آپ کی صحت قابل رشک ہوجائے گی اور آپ خود کو توانا محسوس کریں گے۔ سردیاں آپ کو ستائیں گی نہیں بلکہ آپ ان سے لطف اندوز ہوں گے۔

روحانی پھکی اور اکسیر البدن کا کمال

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میرا بچہ تقریباً اٹھارہ سال کا ہے اسے بچپن سے شدید قسم کے دورے پڑتے تھے دورے کے دوران بیہوش ہوجاتا اور چوبیس چوبیس گھنٹے بے ہوش رہتا' ہر جگہ سے علاج کروایا مگر آرام نہیں آیا۔ پھر ہم نے آپ کی دوائی اکسیر البدن اور روحانی پھکی کسی کے کہنے پر استعمال کروائی' کچھ عرصہ سے استعمال کروا رہے ہیں بہت زیادہ فائدہ ہوا پہلے تو دوسرے دن ہی دورہ پڑ جاتا تھا مگر اب پندرہ پندرہ بیس دن کے بعد دورہ پڑتا ہے اور بیہوشی بھی صرف دس پندرہ منٹ کیلئے ہوتی ہے' ابھی دوائی جاری ہے۔


(حافظ محمد یوسف' ڈیرہ غازیخان)

9

لوگوں کو تین باتوں سے رنج پہنچتا ہے پیش از قسمت مانگتے ہیں پیش از وقت، چاہتے ہیں اور دوسروں کے مال کو اپنا بنانا چاہتے ہیں۔ (حکیم اقلیدس)

جمادی الاولیٰ! فیوض و برکات سے لبریز مہینہ

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیر شرعی اعمال کے بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔



اسلامی سال کے پانچویں مہینہ کا نام جمادی الاولیٰ ہے۔ اس مہینہ میں قرآن پاک کی پاک وصاف لباس پہن کر صاف اور آہستہ آہستہ سمجھ کر تلاوت کرنا بہت زیادہ ثواب اور فائدہ کا باعث ہے۔ اس ماہ میں نوافل پڑھنا اور دیگر عبادات کرنا بہت سی فیوض و برکات کے حصول کا باعث ہے۔

پہلی شب:۔ جو کوئی اس ماہ کی پہلی شب نماز مغرب کے بعد چار رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے تو پروردگار عالم اس کو بے شمار ثواب سے نوازے گا اور اس کو گناہوں کی معافی عطا فرمائے گا۔

دو نفل:۔ جمادی الاولیٰ کی پہلی شب نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھنی چاہیے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ جمعہ پڑھے جبکہ دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ مزمل پڑھے۔

چار نوافل:۔ اس ماہ کی یکم تاریخ کو نماز ظہر کے بعد چار رکعت اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سات مرتبہ سورۃ النصر پڑھے۔

تیسری شب:۔ جمادی الاولیٰ کے مہینہ کی تیسری شب کو نماز عشاء کے بعد بیس رکعت نفل نماز دو دو رکعات کے ساتھ اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد دس دس مرتبہ سورہ قدر پڑھے اور سلام پھیرتے ہی یعنی تمام نوافل کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں ہی قبلہ رخ بیٹھ کر فجر کی اذان تک یہ کلمات بکثرت پڑھتا رہے۔

يَاعَظِيْمُ تَعَظَّمْتَ بِالْعَظْمَةِ وَالْعَظْمَةُ
فِيْ عَظْمَةِ عَظْمَتِكَ يَاعَظِيْمُ

انشاء اللہ تعالیٰ ثواب عظیم حاصل ہوگا اور جو بھی نیک حاجت ہوگی پروردگار عالم وہ ضرور پوری فرمائے گا۔

نفلی روزے:۔ اس ماہ کی تیرہ، چودہ اور پندرہ تاریخ کو نفلی روزے رکھنے کی بہت زیادہ فضیلت ہے۔

اکیسویں شب:۔ اس مہینہ کی اکیسویں شب کو نماز عشاء کے بعد چھ رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد تین تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔ نوافل کی ادائیگی کے بعد ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھے۔

ستائیسویں شب: اس شب کو نماز عشاء کے بعد آٹھ رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک ایک مرتبہ سورۃ والضحیٰ پڑھے۔ اس کے بعد بکثرت سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ کا ورد کرتا ہوا باوضو حالت میں سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت سی برکات حاصل ہوں گی۔

عظمت والی دعا: ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت ذوالقرنین علیہ السلام سے ملے اور ان سے پوچھا کہ سارے زمانہ کو تو نے کس طرح سے دیکھا اور شرق سے لیکر غرب تک کا کیسے مالک ہو گیا انہوں نے جواب دیا قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ سے اور ان چند کلمات سے کہ جو انہیں پڑھے گا اللہ پاک اس کیلئے دس لاکھ نیکیاں لکھے گا اور اس کے دس لاکھ گناہ بخش دیگا اور اس کے دس لاکھ درجے بلند کریگا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا مجھے بتلاؤ وہ کیا ہیں انہوں نے چند کلمات بتلائے۔ سُبْحٰنَ مَنْ هُوَ بَاقٍ لَا يَفْنٰى سُبْحٰنَ مَنْ هُوَ عَالِمٌ لَا يَنْسٰى سُبْحٰنَ مَنْ هُوَ قَيُّوْمٌ لَا يَنَامُ سُبْحٰنَ مَنْ هُوَ دَائِمٌ لَا يَسْهُوْ سُبْحٰنَ مَنْ هُوَ وَاسِعٌ لَا يَتَكَلَّفُ سُبْحٰنَ مَنْ هُوَ قَائِمٌ لَا يَلْهُوْ سُبْحٰنَ مَنْ هُوَ عَزِيْزٌ لَا يُظْلَمُ۔

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل ”مرکز روحانیت و امن“ میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 11 فروری بروز بدھ 9 بجکر 21 منٹ سے لیکر 10 بجکر 13 منٹ تک۔ 20 فروری بروز جمعہ عصر تا مغرب۔ 28 فروری بروز ہفتہ رات 9 بجے سے لیکر 10 بجکر 21 منٹ تک یَاخَالِقُ یَابَارِئُ یَامُصَوِّرُ پڑھیں۔ یہ ذکر بھکاری بن کر خلوص دل، درد دل توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سوفی صد قبول کر رہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی ہلکی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہو رہا ہے اور مشکلات فوری حل ہو رہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل و جان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کی خیر خواہی کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا اپنے لیے اور اپنے عزیز و اقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کیساتھ دعا کریں یہ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کر کے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:) 1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کریں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔

(ایڈیٹر:۔ حکیم محمد طارق محمود عفی عنہ)

روحانی محفل سے فیض پانے والے

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالے کے ساتھ میرا تعلق زیادہ پرانا نہیں صرف چھ ماہ ہی ہوئے ہیں کہ مجھے ایک سٹال پر ماہنامہ عبقری نظر آیا ٹائٹل پر موجود ہیڈ لائنز دیکھیں تو میگزین خرید لیا' گھر آ کر پڑھا تو پڑھتا ہی گیا۔۔۔ ایک ہی بیٹھک میں پورا رسالہ پڑھ لیا۔ تب سے لے کر اب تک یہ عبقری کا ہر ماہ بے چینی سے انتظار رہتا ہے۔ مجھے ہر سال سردیوں میں شدید قسم کی الرجی ہو جاتی تھی' میری جلد سرخ ہو کر سوجھ جاتی تھی' ذرا سی ٹھنڈی ہوا لگی نہیں اور میرا برا حال شروع۔۔۔ مگر اس مرتبہ سردیوں کے شروع میں ہی میں نے اس نیت سے روحانی محفل کرنا شروع کر دی الحمدللہ! سردیاں آدھی سے زیادہ (باقی صفحہ نمبر 6 پر)

کسی زہریلے کیڑے کے کاٹ لینے کی صورت میں لہسن کا تیل اور شہد ملا کر زخم والی جگہ پر لگائیں پھر پہلے بیکنگ سوڈے اور پھر پانی سے دھوئیں زخم صاف ہوجائے گا۔

شاہ برکت اللہ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے مستند روحانی وظائف

اگر کوئی شخص کسی پریشانی میں مبتلا ہوجائے یا کوئی مقصد حاصل نہ ہوتا ہوتو اس کیلئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ بعد نماز فجر یا باوضو ایک مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھنا اور بعد نماز عصر باوضو ایک مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھے اس حالت میں کہ کسی سے کوئی بات چیت نہ کرے۔

بے اولاد مرد و عورت کیلئے

اگر مرد یا عورت میں کوئی کمی ہو جس کے باعث اولاد نہ ہوتی ہوتو اس کیلئے یہ عمل کریں' انشاء اللہ تعالیٰ اولاد ضرور ہوگی۔ عمل یہ ہے:۔ بعد نماز فجر کسی سے گفتگو نہ کریں اور باوضو نہار منہ (بغیر کچھ کھائے پیئے) اول و آخر چالیس چالیس مرتبہ درود شریف پڑھیں' درمیان میں سورۂ کوثر تین سو تیرہ بار پڑھیں اس کے بعد دو رکعت صلوٰۃ الحاجت (نماز حاجت) اس ترکیب سے پڑھیں کہ پہلی رکعت میں سورۂ کافرون دس مرتبہ۔ دوسری رکعت میں سورۂ اخلاص دس مرتبہ۔ سلام پھیرنے کے بعد اول و آخر میں تین تین بار درود شریف پڑھیں درمیان میں چالیس مرتبہ آیت کریمہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّی كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ پڑھ کر دعا مانگیں۔ یہ عمل چالیس دن کریں۔ اس دوران حلال اور پاک مال استعمال کریں۔ رشوت اور حرام مال سے عمل سے برکت ختم ہوجاتی ہے۔ اس دوران جھوٹ اور غیبت سے بھی خود کو لازمی بچائیں۔

محبت کیلئے

آیات ذیل اگر باوضو گیارہ مرتبہ پڑھ کر چینی' مٹھائی' مصری یا کسی میٹھی چیز پر دم کر کے میاں بیوی کو کھلائیں تو انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میں محبت پیدا ہوگی۔ اگر انہی آیات کو چالیس مرتبہ باوضو پڑھ کر میٹھی چیز پر پھونک کر اپنے گھر کے تمام افراد (گھر والوں) کو وہ مٹھائی (چینی' مصری' مٹھائی' حلوہ' کھیر' جلیبی وغیرہ) کھلائیں تو انشاء اللہ تعالیٰ تمام خاندان کے افراد آپس میں ایک دوسرے سے محبت کرنے لگیں گے اور باہمی نفرت ختم ہوجائے گی۔

ساس بہو میں محبت پیدا کرانے' آپس میں لڑائی جھگڑا ختم کرانے کیلئے انہی آیات کو ایک سو مرتبہ باوضو پڑھ کر شربت پر دم کریں اور دونوں کو ایک دوسرے کا بچا ہوا (جھوٹا) شربت پلائیں۔ تین دن یہ عمل کریں' انشاء اللہ تعالیٰ باہمی محبت پیدا ہوگی اور لڑائی جھگڑا ختم ہوجائے گا۔ انہی آیات کو اگر باوضو سات سو مرتبہ مٹھائی (چینی' مصری یا مٹھائی) پر پڑھ کر دم کر کے جس کسی کو کھلائیں وہ انشاء اللہ تعالیٰ ہمیشہ کیلئے ہمدرد اور اپنا دوست ہوجائے گا۔ (نوٹ: محبت کے جملہ عمل صرف جائز مقصد کیلئے کرنے کی اجازت ہے ناجائز طور پر ایسے عمل کرنے والا دنیا و آخرت میں ذلیل و نقصان اٹھانے والا بن جائے گا۔ لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔ بلکہ ایسا عمل کرنے سے قبل کسی متقی اور نیک سرشت عالم دین سے مشورہ کرلے تاکہ ہر قسم کے نقصان اور عمل الٹنے سے محفوظ رہے۔) یہ یاد رکھنے کی بات ہے کہ ہر عمل سے پہلے اور عمل کے بعد گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھنا ہے ورنہ عمل کی کامیابی یقینی نہیں ہے۔ لہٰذا اوپر بیان کی گئی تمام صورتوں میں اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھنا ہے ورنہ عمل کی کامیابی یقینی نہیں ہے۔ لہٰذا اوپر بیان کی گئی تمام صورتوں میں اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھا جائے۔

وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِیْنَةِ رَجُلٌ یَّسْعٰی قَالَ یٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۲۰﴾ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا یَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿یٰس ۲۱﴾

ہر مشکل آسان اور ہر مقصد میں کامیابی

اگر کوئی شخص کسی پریشانی میں مبتلا ہوجائے یا کوئی مقصد حاصل نہ ہوتا ہوتو اس کیلئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ بعد نماز فجر یا باوضو ایک مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھنا اور بعد نماز عصر باوضو ایک مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھے اس حالت میں کہ کسی سے کوئی بات چیت نہ کرے۔ جب تک مشکل حل نہ ہو اس مقصد میں کامیابی حاصل نہ ہو برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

جوڑوں کا درد ختم ہونا

اگر کسی شخص کے جوڑوں میں درد ہوتا ہو اور اس کے سبب اٹھنا' بیٹھنا' چلنا' پھرنا مشکل ہوتا ہوتو اس کیلئے ایک پاؤ ادرک' ایک پاؤ لہسن اور آدھا کلو گائے کا گھی لے لیں۔ ادرک اور لہسن کو الگ الگ سل بٹہ پر پیس لیں یا کونڈی یا لکڑی کی اوکھلی میں کوٹ لیں اور اس کا الگ الگ شیرہ (پیسٹ) بنالیں۔ روزانہ ایک چمچہ ادرک اور ایک چمچہ (چائے کا چمچہ) لہسن لیں اور تین چمچے (چائے کا چمچہ) گھی لے کر اس کو کڑکڑا کر اس میں ادرک اور لہسن کا آمیزہ (پیسٹ) ڈال کر ہلکی آنچ میں خوب بھون کر بھجیا بنالیں' اس طرح کہ جلنے نہ پائے' حسب ضرورت نمک بھی ڈال لیں اور جب دیگچی میں گھی ڈالیں' باوضو سورۂ یٰسین پڑھنا شروع کردے اور جب سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ﴿یٰسین ۵۸﴾ پر پہنچے تو اس آیت کو چالیس مرتبہ پڑھے اور سورۂ یٰسین ختم کرنے کے بعد بھجیا پر دم کرے اور روزانہ یہ بھجیا اسی ترکیب سے تیار کرے اور مریض کو اکیس دن تک برابر استعمال کرائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جوڑوں کا درد ختم ہوجائے گا۔

غیب سے روزی ملنے کا عمل

اللہ تعالیٰ کے پاس بے شمار خزانے ہیں اس کے خزانوں کی کوئی انتہا نہیں ہے بس مانگنے والا سائل صحیح نیت اور یقین کامل کے ساتھ اللہ رب العزت سے مانگے' اللہ تعالیٰ اپنے خزانہ غیب سے اس کی جھولیاں بھر دیں گے جو لوگ در در کی خاک چھانتے ہیں اور کچھ حاصل کرنے میں ناکام رہتے ہیں' وہ سب دروازوں کو چھوڑ کر ایک رب العزت کا دروازہ پکڑ لیں پھر انشاء اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہمیشہ کیلئے ہر قسم کی محتاجگی دور ہوجائے گی۔ غیب سے روزی کا یہ عمل بہت مجرب ہے۔ شرط یہ ہے کہ عمل کیا جائے اور نگاہ صرف اللہ تعالیٰ کی ذات پاک پر رہے کسی اور طرف خیال نہ جائے' نہ کسی سے امید اور آس باندھے۔ اس عمل کو کرنے کا ایک وقت مقرر کرلیں اور روزانہ اسی وقت عمل کیا کریں' بعد نماز عشاء بہتر ہے اور سکون کا وقت ہے۔ اول باوضو اکیس مرتبہ درود ابراہیمی اور آخر میں اکیس مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں۔ اس کے بعد یہ آیت ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھیں' یہ عمل چالیس دن کرنا ہے اس عمل کے اثرات پانچویں چھٹے دن سے شروع ہوجائیں گے۔ جو چیز جو شخص لائے اس سے کسی قسم کی بحث نہ کریں اور نہ اس سے یہ دریافت کریں کہ تم کون ہو؟ کہاں رہتے ہو؟ کیا کام کرتے ہو؟ یہ چیز کہاں سے لائے ہو؟ بلکہ خاموشی سے وہ چیز رکھ لیں اور اپنے استعمال میں لائیں۔ جب اس عمل کو کرتے ہوئے چالیس دن مکمل ہوجائیں تو اس کے بعد روزانہ نماز فجر کے بعد باوضو اول و آخر دس دس مرتبہ درود شریف پڑھیں اور درمیان میں دس مرتبہ اس آیت کو پڑھا کریں اس عمل کو نیا چاند دیکھنے کے بعد شروع کریں۔ آیت مبارکہ یہ ہے:۔ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ﴿۲﴾ وَّیَرْزُقْهُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ (الطلاق 3،2)

سنگترہ! پورے جسم کا اسپیشلسٹ معالج

ایری زونا اسٹیٹ یونیورسٹی کے محقق پروفیسر کیرول جانسٹن کی جو رپورٹ جرنل آف امریکن کالج آف نیوٹریشن میں شائع ہوئی ہے اس کے مطابق تھکن کی ابتدائی علامت کے ظاہر ہوتے ہی کینو کے رس کا ایک گلاس پینے سے طبیعت ہشاش بشاش ہوجاتی ہے

سنگترہ قدرت کے عمدہ تحائف میں سے ایک ہے، یہ ترش پھلوں میں سب سے زیادہ مقبول ہے۔ یہ پھل بہت لذیذ اور صحت بخش ہے۔ سنگترے کی بہت سی قسمیں ہیں۔ سب سے اچھی اور اہم قسم کی جلد یا چھلکا بہت ڈھیلا ہوتا ہے۔ پھانکوں سے چپکی ہوئی جلد والے سنگترے کھٹے ہوتے ہیں۔ ڈھیلی ڈھالی جلد رکھنے والے سنگترے شیریں ہوتے ہیں اور برصغیر میں بہت مقبول ہیں۔ دوسری قسم کو یورپ میں بہت پسند کیا جاتا ہے۔ کیلشیم کے حصول کیلئے یہ پھل کسی بھی اور پھل سے زیادہ اعلیٰ ہے۔ اگر کسی بھی قسم کے بخار میں، جبکہ قوت ہاضمہ متاثر ہوچکی ہو سنگترے کا رس ایک عمدہ غذا ہے۔ خون میں زہریلے مادوں کی موجودگی کے سبب بخار میں مبتلا مریضوں کو اس پھل کا جوس دینا بہت مفید ہے۔ لعاب دہن کی کمی سے زبان پر فاسد مادے کی تہہ جم چکی ہو تو سنگترے کا رس بے حد مفید ہوتا ہے۔ ٹائیفائیڈ، تپ دق اور خسرہ سے ہونے والے بخاروں میں بھی یہ ایک قوت بخش غذا ہے۔ یہ توانائی مہیا کرتا ہے، پیشاب کا اخراج بڑھاتا ہے۔ انفیکشن کے خلاف قوت مدافعت پیدا کرتا ہے اور بحالی صحت کا عمل تیز کرتا ہے۔ اگر ہاضمے کی خرابی کا مسئلہ پرانا ہو تو اس کیلئے بھی سنگترہ ایک مفید پھل ہے کیونکہ یہ آسانی سے جزو بدن بننے والی غذائیت فراہم کرتا ہے۔ یہ نظام انہضام میں معاون رطوبتوں کو متحرک کرتا ہے جس سے بھوک میں اضافہ ہوتا ہے نیز یہ انتڑیوں میں مفید بیکٹیریا کی افزائش کیلئے موزوں کیفیت پیدا کرتا ہے۔ نیز فاسد مادوں کے اخراج کے عمل میں بہت معاون ہے۔ کیلشیم اور وٹامن سی کا ایک عمدہ ذریعہ ہونے کی بدولت یہ پھل دانتوں کا اور ہڈیوں کی بیماریوں کا بہترین تدارک ہے۔ شکاگو کے ایک معالج کا دعویٰ ہے کہ اس نے پائیوریا اور دانتوں میں کیڑا لگنے کے امراض ا مریضوں کو سنگترے کا جوس وافر مقدار میں پلا کر دور کیے ہیں۔

شہد کے ساتھ میٹھا کیا گیا سنگترے کا جوس دل کی بیماریوں میں انتہائی مفید ہے۔ دل کی شریانوں کی بندش میں جب صرف سیال غذا ہی مریض کو دی جاسکتی ہو تب سنگترے کا رس شہد کے ساتھ ملا کر پلانا بہت توانائی بخش ہوتا ہے۔ اس طرح تپ دق، دمہ، زکام، پرانی کھانسی میں جب بلغم کا اخراج مشکل ہوچکا ہو سنگترے کا رس، چٹکی بھر نمک اور کھانے کا ایک چمچ شہد ملا کر پلانا بہترین علاج ہے۔ اپنے نمکیات اور رطوبت سے لبریز اجزاء کی بدولت سنگترے کا رس پھیپھڑوں سے بلغم کا اخراج آسان بناتا ہے۔ سنگترہ اپنی غذائیت کے علاوہ جلد کی حفاظت کیلئے بھی بہت مفید ہے، سنگترے کے چھلکے کو پانی کے ساتھ سل پر یا کسی پتھر پر کوٹ کر چہرے پر نکلنے والے مہاسوں پر لگایا جائے تو ان کو ختم کرتا ہے۔

اس کے علاوہ کمزوری اور تھکان جب بھی گھیرے ایک گلاس سنگترہ (کینو) کا تازہ رس پی لینا چاہیے۔ ایری زونا اسٹیٹ یونیورسٹی کے محقق پروفیسر کیرول جانسٹن کی جو رپورٹ جرنل آف امریکن کالج آف نیوٹریشن میں شائع ہوئی ہے اس کے مطابق تھکن کی ابتدائی علامت کے ظاہر ہوتے ہی کینو کے رس کا ایک گلاس پینے سے طبیعت ہشاش بشاش ہوجاتی ہے۔ اس سلسلے میں چار سو نہایت صحت مند افراد کے مطالعے سے واضح ہوا کہ خون میں حیاتین ج (وٹامن سی) کی سطح میں تیس فیصد کمی سے تھکن ہوجاتی ہے اور انسان ورزش اور محنت کے قابل نہیں رہتا۔ رپورٹ کے مطابق اکثر معالج اس کی کے نتیجے میں آگے چل کر ٹانگوں میں درد، مسوڑھوں سے خون کے اخراج اور پیروں پر سرخ دھبوں کی غلط تشخیص کر بیٹھتے ہیں حالانکہ یہ اسقربوط (اسکروی) کی مخصوص علامات ہوتی ہیں جب کہ درحقیقت اس حیاتین کی سطح میں 6 فیصد کمی سے بھی اسقربوط کے آثار ظاہر ہونے لگتے ہیں۔

پیر اور جمعرات کے روزے کی برکت

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! ہم لوگ عبقری کے پرانے قاری ہیں، درس میں شرکت بھی کرتے ہیں۔ میرے والد صاحب دل کے مریض ہیں، ان کے دل کے تین والو بند ہیں اور ڈاکٹروں کے مطابق ان کا بائی پاس بھی نہیں ہوسکتا، میرے والد صاحب پیر اور جمعرات کا روزہ باقاعدگی سے رکھتے ہیں جس کی وجہ سے اللہ پاک نے انہیں شفاء دی ہوئی ہے الحمدللہ! ان روزوں کی وجہ سے انہیں کوئی تکلیف نہیں ہے۔ (محمد امجد، لاہور)

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد یَامُمِیْتُ یَاقَابِضُ ورد کریں، اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ ''آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہوکر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں'' یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپکو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اسکے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردیگا۔ مراقبے کے بعد اپنی کیفیات فوائد اور انوکھے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

مراقبہ سے فیض پانے والے

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کی جان و ایمان کی حفاظت فرمائے، اللہ کریم بوسیلہ تاجدار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کو عمر خضر عطا فرمائے اور اللہ کریم تمام ارکان ماہنامہ عبقری کو سلامت رکھے اور دن دگنی رات چگنی ترقیاں عطا فرمائے۔ آمین! میں نے پہلی مرتبہ ماہنامہ عبقری اکتوبر 2012ء کو پڑھا اور گرویدہ ہوگیا، محترم اسی رسالے کے اندر مراقبے کا کالم تھا، اس کو میں نے اسی دن سے آزمانا شروع کردیا، الحمدللہ! نور علیٰ نور ہے، ہر ماہ مراقبہ کرنے سے میرے بہت سے مسائل حل ہورہے ہیں، میرا سب سے بڑا مسئلہ مجھے خونی بواسیر تھی اور ساتھ شوگر تھی جو صرف اس مراقبہ کرنے کی وجہ سے ٹھیک ہوا اور اس کے علاوہ مجھے اس کی بے پناہ برکتیں ملی۔ (فقیر محمد اشتیاق قادری، آزاد کشمیر)

قارئین کے طبی و روحانی سوال اور قارئین کے جواب

سنائی نہیں دیتا

محترم قارئین السلام علیکم! میری عمر 40 سال ہے میرا مسئلہ یہ ہے کہ مجھے سنائی نہیں دیتا' کم سنتا ہے' بہت علاج کروایا' مگر فائدہ نہیں ہوتا۔ اب میں ایک سال سے آلہ لگاتی ہوں' میرا گلہ بھی خراب رہتا ہے اور میرے چہرے پر چھائیاں بھی ہیں۔ قارئین! میری دو تین مہینے میں شادی ہونے والی ہے۔ مجھے کوئی آزمودہ علاج بتائیں مہربانی ہوگی۔ (نادیہ' راولپنڈی)

جواب: آپ سرسوں کے تیل میں لہسن جلا کر وہ تیل کان میں دن میں تین مرتبہ ڈالیں۔ اس کے علاوہ آپ عبقری دواخانہ کے ذرا پر ''کان شفاء'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں' میرا بھی یہی مسئلہ تھا اب الحمدللہ میں نے آلہ لگانا چھوڑ دیا ہے۔ گلے کیلئے آپ تخم میتھی چھ گرام پانی میں جوش دے کر صبح و شام (یا کم از کم صبح) نوش فرمایا کریں۔ یہ ایک بہترین چائے ہے' اس سے گلہ خراب نہیں ہوتا اور اگر درد ہو تو وہ بھی جاتا رہتا ہے۔ آپ عمدہ وہی رات کو منہ پر مل کر سو جایا کریں' صبح صابن سے منہ دھو لیں۔ (میمونہ ممتاز' لاہور)

چہرے پر تل

محترم قارئین! میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرے چہرے پر بھورے رنگ کے تل نما داغ ہیں جو چھونے پر محسوس نہیں ہوتے' جنہیں فریکل کہا جاتا ہے اگر قارئین کو اس کا بہتر حل معلوم ہو تو براہ مہربانی بتادیں۔ دعا گو رہوں گی۔ (ایس، کے' مروت)

جواب: آپ کو لیموں کا رس پینے سے فائدہ ہوگا' لیموں کا تازہ رس صاف پانی میں ملا کر صبح نہار منہ نوش جان کریں' اس سے جگر کا فعل بیدار ہوجائے گا اور چہرے کا چکنا پن بھی دور ہوجائیگا۔ خیال رہے کہ قبض نہ ہونے دیں' زیادہ سے زیادہ پانی پئیں' آنتیں صاف ہوں گی تو چہرے کے تل' کیل مہاسے بھی دور ہوجائیں گے۔ (محمد عمر' کراچی)

شدید درد

محترم قارئین السلام علیکم! میری امی کو پاؤں کے درد کا عارضہ لاحق ہے۔ دن کے وقت کام کاج کے دوران ان کو یہ تکلیف نہیں ہوتی لیکن کام کے بعد آرام کے دوران یعنی رات کے وقت ان کو پاؤں میں سخت درد محسوس ہوتا ہے۔ درد کے ساتھ ساتھ پاؤں پر سرخ نشان ظاہر ہوجاتے ہیں' جیسے خون جم گیا ہو یہ درد دبانے سے ٹھیک ہوتا ہے۔ امی زیادہ تکلیف کی وجہ سے اپنے پاؤں چارپائی پر زور زور سے مارتی ہیں۔ تب تھوڑا بہت افاقہ ہوجاتا ہے۔ قارئین! براہ مہربانی میری امی کیلئے اس عارضے کیلئے طب نبویؐ سے علاج تجویز کردیں۔ (عمر فاروق' کرک)

جواب: آپ اپنی والدہ کو ''حب سورنجان'' کا استعمال کروائیں' صبح اور رات کو دو دو حب سورنجان ایک ماہ تک کھاتی رہیں۔ اگر ان سے دست آجائیں تو ایک ایک کردیں' محترمہ کو بڑا گوشت قطعی ترک کردینا چاہیے۔ مزید رات کو سونے سے پہلے نیم گرم پانی میں ایک چمچ نمک ڈال کر آدھا گھنٹہ پاؤں اس پانی میں رکھیں اور ہلکا ہلکا مساج کرتی رہیں۔ (وسیم کفایت' ملتان)

ڈاڑھی میں گلٹی

محترم قارئین! میری عمر 43 سال ہے' میرے بائیں کان کے ساتھ چہرے کی طرف ڈاڑھی والی جگہ پر ایک گلٹی ہے' ڈاکٹروں کو چیک کروایا ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ بے ضرر ہے' یہ گلٹی تقریباً چار سال پرانی ہے' لمبائی تقریباً چھوٹے بیر جتنی ہے جو نہ تو بڑھ رہی ہے اور نہ ہی کم ہورہی ہے اس میں درد بھی نہیں ہوتا اور اگر اس کو اوپر نیچے دائیں بائیں حرکت دیں تو یہ باسانی حرکت کرتی ہے۔ (محمد ہمایوں اشرف' ملتان)

جواب: ہمایوں بھائی! یہی مسئلہ میرے کزن کے ساتھ بھی تھا اس نے عبقری دواخانہ کا ''گلٹیاں رسولیاں' نیوسر سے نجات کورس'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کیا اب الحمدللہ اس کی گلٹی 70% ختم ہوچکی ہے۔۔۔ آپ بھی یہی کورس استعمال کریں اور گلٹی سے نجات پائیں۔۔ آپ ہر نماز کے بعد گلٹی پر انگلی رکھ کر یاماَنِعُ سات مرتبہ پڑھا کریں۔ (محمد علی' سیالکوٹ)

سانولا رنگ

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا عبقری رسالہ ہمیں بہت پسند ہے ہم نے اس سے بہت دینی معلومات اور وظائف حاصل کیے ہیں۔ جن سے ہمیں بہت فائدہ ہوا ہے۔ میرا قارئین سے سوال ہے کہ میرا اور میری کزن کا رنگ بہت سانولا ہے جس کی وجہ سے ہم بہت پریشان ہیں۔ باقی سب کا رنگ صاف ہے جس کی وجہ سے رشتہ داروں کی باتیں اور طعنے سننے پڑتے ہیں۔ کوئی ٹوٹکہ بتائیں جس سے ہمارا رنگ سفید ہوجائے۔ ہم ساری زندگی آپ کو دعائیں دیتے رہیں گے۔ (ن،ر۔ اسلام آباد)

جواب: بہت ذرا سا گائے کا خالص تازہ مکھن ہر روز لگائیں۔ اگر خالص مکھن دستیاب نہ ہو تو دودھ کی بالائی استعمال کریں۔ مگر علاج لمبا ہے جلدی فائدہ نہیں ہوگا۔ ساتھ عبقری دواخانہ کی ''خون صفاء'' مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ (ارم ظہور' لاہور)

غیر ضروری بال

محترم قارئین السلام علیکم! میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرے بازوؤں پر بہت موٹے مردوں کی طرح بال ہیں جو بہت برے لگتے ہیں' کیا ان بالوں کو صاف کرنا گناہ تو نہیں ہیں' ان بالوں کو صاف کرسکتی ہوں اس کا جواب دے کر میرا مسئلہ حل کردیں' بڑی مہربانی ہوگی۔ دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ میری آنکھوں کے گرد سوجن سی ہر وقت ہوتی ہے' آنکھیں سوجی ہوئی لگتی ہیں اور چہرے پر بھی کبھی سوجن ہوجاتی ہے جس دن چاول کھاتی ہوں اس دن چہرے پر سوجن زیادہ ہوتی اور آنکھوں کو بھی کچھ ہوجاتا ہے' صاف دکھائی نہیں دیتا اس کی کیا وجہ ہے؟ اس کے علاوہ میرے ہونٹ ہر وقت پھٹے رہتے ہیں' گرمی ہو یا سردی ہر موسم میں پھٹتے ہیں' کوئی ایسا ٹوٹکا بتائیں کہ میرے ہونٹ نرم و گلابی ہوجائیں۔ آپ میرے مسائل کا حل بتادیں' بڑی مہربانی ہوگی۔ (نادیہ' ہری پور)

جواب: آپ چہرے سے بال صاف کرسکتی ہیں' تھوڑی پھٹکری اس کے برابر نمک ہموزن ملا کر رات کو سوتے وقت کچھ دیر متاثرہ جگہ پر مساج کریں' صبح اٹھ کر منہ دھو لیں' اس کے ساتھ دفتر عبقری کا بار سوز شفاء مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ ہونٹ پھٹنے کے علاج کیلئے اپنی ناف میں ہر روز تیل لگائیں۔ (دانش' کراچی)

چہرے پر کھڈے

محترم قارئین! میرا مسئلہ چہرے پر گڑھوں اور کھڈوں کا ہے جس کی وجہ سے میرے اندر خود اعتمادی ختم ہوتی جارہی ہے۔ مہربانی فرما کر مجھے اس مسئلے کا کوئی آسان گھریلو اور آسان اسلامی علاج بتائیں۔ میرا دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ ہمیں ہمارے رشتہ داروں نے بہت تنگ کر رکھا ہے۔ ناحق ہم سے حسد کرتے ہیں' طرح طرح سے ہمیں تنگ کرتے ہیں اس کیلئے بھی مجھے کچھ بتائیں۔ (ح،ز)

جواب: آپ گل منڈی تین گرام' عناب تین گرام'

پیٹ کے کیڑے ختم کرنے کیلئے کلونجی کو پانی میں ابال کر اس کا پانی رات کو سونے سے پہلے پئیں۔ ان شاء اللہ جلد ہی پیٹ کے کیڑے ختم ہو جائیں گے۔

شاہترہ تین گرام تینوں کو رات کو گرم پانی میں بھگو دیں' صبح مل کر چھان کر پی لیں۔ یہ گرمیوں اور مہاسوں کیلئے بے حد مفید اور اچھی دوا ہے۔ دوسرا مسئلہ: اس کیلئے آپ روزانہ 313 مرتبہ سورۂ انعام آیت نمبر 45 کا ورد کرتے رہیں' انشاء اللہ کچھ ہی عرصہ میں آپ کے رشتہ دار آپ کو تنگ کرنا چھوڑ دیں گے۔ (محمد اسلم عادل' لاہور)

مسئلہ شوہر کا

محترم قارئین! میں مختصراً یہ کہوں گی کہ میرے شوہر نارمل شکل و صورت کے ہیں لیکن اللہ کا کروڑہا کروڑ شکر ہے کہ انہوں نے مجھے بہت خوش رکھا ہوا ہے میں اپنے شوہر کے مقابلے میں خوبصورت ہوں پر میں چاہتی ہوں کہ لوگ انہیں بھی اتنی ہی اہمیت دیں' پہلے کوئی اتنا مسئلہ نہیں تھا لیکن پچھلے ایک سال سے ان کے دائیں گال آنکھ کے نیچے اور ناک کی ایک سائیڈ پر کالے نشان ہو گئے ہیں بلکہ کالی سیاہ چھائیاں سی بن گئیں ہیں جس سے ان کے چہرے کی ایک سائیڈ سیاہ لگتی ہے۔ براہ مہربانی کوئی ایسا نسخہ بتائیں کہ ان کے چہرے کی دائیں طرف چھائیاں ختم ہو جائیں اور بائیں گال جیسی صاف ہو جائے۔ ان کا رنگ سانولا ہے لیکن چھائیوں کی وجہ سے کالا سیاہ لگنا شروع ہو گیا ہے۔ دوسرا مسئلہ: میری بہن اچھی شکل و صورت کی ہیں' پڑھی لکھی ہے' اللہ کا دیا سب کچھ میرے ماں باپ کے پاس ہے' پر اس کے رشتے کا مسئلہ حل نہیں ہو رہا' میری بہن نے ایم ایس سی کیا ہوا ہے' پچھلے دو سال سے مسلسل اس کے رشتے کی کوشش کر رہے ہیں کوئی کہتا ہے بندش ہے' کوئی کہتا ہے اللہ کی طرف سے دیر ہے۔ لوگ آتے ہیں لیکن بغیر جواب دیئے چلے جاتے ہیں۔ براہ مہربانی اس کی جلد شادی کیلئے کوئی اچھا سا عمل بتائیں۔ (پوشیدہ)

جواب: آپ اپنے شوہر کے خون صفاء کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کروائیں۔ اس کے علاوہ کسی اچھی سی ہربل کریم کی مالش بھی چہرے پر کروائیں۔ انشاء اللہ فرق پڑے گا۔ آپ اپنی بہن کے رشتہ کیلئے درج ذیل وظیفہ خود بھی کریں اور آپ کی بہن سمیت سارا گھر کرے۔ انشاء اللہ بہت جلد بہت اچھا رشتہ مل جائے گا۔ آپ بعد نماز عشاء اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف اور درمیان میں 121 مرتبہ خَلَقْنَاكُمْ أَزْوَاجًا پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ نیک اور تندرست ساتھی عطا کرے۔ ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں۔ خوب بھکاری اور سائل بن کر کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے پڑھیں۔ (محمد طارق شاہ' گجرات)

سیاہ حلقے

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے گھر والے ماہنامہ عبقری بڑے شوق سے پڑھتے ہیں اور وظیفے وغیرہ بھی کرتے ہیں۔ محترم حکیم صاحب میرا قارئین سے سوال ہے کہ میری عمر تقریباً 18 سال ہے آنکھوں کے نیچے سیاہ حلقے ہیں' مختلف کریمیں بھی استعمال کیں کوئی فرق نہیں پڑا۔ براہ مہربانی کوئی آسان سا گھریلو نسخہ بتائیں اور اگر کسی قاری کے پاس روحانی نسخہ بھی ہو تو ضرور بتائیں۔ شکریہ! (ام ہمزہ' چکوال)

جواب: آپ ہر روز نیم گرم دودھ میں ایک چمچ خالص شہد ڈال کر پیا کریں۔ سبزی پھل استعمال کریں۔ اپنی خوراک بہتر کریں یہ حلقے خود بخود چلے جائیں گے۔

پوشیدہ امراض

محترم قارئین! میری عمر 16 سال ہے' میرا مسئلہ ماہواری اور بواسیر کا ہے' پاخانے سے خون کے قطرے خارج ہوتے ہیں' پڑھنے لکھنے کو دل نہیں چاہتا' نظر کمزور یعنی نزدیک کی نظر کمزور ہے جب بھی میں پڑھتی تو سارا یاد کیا ہوا سبق بھول جاتا ہے۔ استاد کے سامنے شرمندگی اٹھانی پڑتی ہے۔ نماز باقاعدگی سے پڑھتی ہوں' غصہ بہت آتا ہے کہ قابو نہیں کر سکتی۔ میرے چہرے پر بہت بال ہیں لیکن میں نے اس کیلئے کبھی کوئی کریم وغیرہ استعمال نہیں کی۔ دل چاہتا ہے کہ میں سمارٹ و خوبصورت ہو جاؤں۔ (پوشیدہ' سکھر)

جواب: آپ عمدہ سا ''گلقند گلاب'' 24 گرام صبح یا رات کو سوتے وقت کھائیے' آنتوں کیلئے خوب چیز ہے۔ ماہواری کے مسئلہ کیلئے عبقری دواخانہ کا ''پوشیدہ کورس'' استعمال کریں' کمال کی چیز ہے۔ دماغی کمزوری کیلئے آپ یہ نسخہ استعمال کریں۔ ھوالشافی: بادام' پستہ' کالے چنے بھنے ہوئے' خشخاش' کالی مرچ' چھوٹی الائچی' سونف' مصری۔ تمام چیزیں ہم وزن لے کر گرائنڈ کر لیں اور سب چیزوں کے وزن کے برابر اس میں شہد مکس کر کے صبح و شام ایک ایک چمچ چائے والا استعمال کریں۔ یہ نسخہ نظر کی کمزوری اور دماغی کمزوری کی شاندار ہے۔ غصہ کیلئے آپ اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے ہر وقت درود شریف پڑھتی رہا کریں۔ (والدہ کشور' مردان)

اثرات

محترم قارئین! ہماری ایک بچی سکول میں جایا کرتی تھی' اچانک اس کو پیشاب کی حاجت ہوئی اور وہ لیٹرین میں چلی گئی لیٹرین سے فارغ ہونے کے بعد گھبرا گئی اور اچانک اس کو بیہوشی کے دورے پڑنے شروع ہو گئے۔ بڑی جدوجہد کے بعد اب دورے تو نہیں پڑتے مگر دوسری حرکتوں سے سب کو بہت تنگ کرتی ہے' بہت ضدی ہو گئی ہے' جو بات زبان سے نکالتی ہے پوری کر کے چھوڑتی ہے' بھائیوں سے لڑائی' ماں کے ساتھ لڑائی' باپ سے لڑائی' ہر وقت چیخنا چلانا رہتی ہے۔ (محمد ادریس' لاہور)

جواب: آپ اپنی بیٹی کیلئے صبح و شام گیارہ گیارہ سو مرتبہ يَاقَهَّارُ کا ورد کیا کریں۔ خود بیٹی کو بھی کہیں کہ وہ بھی ہر وقت يَاقَهَّارُ کا ورد کرتی رہے۔ انشاء اللہ کچھ ہی عرصہ میں بیٹی کی یہ کیفیت ختم ہو جائے گی۔

چہرے پر رونق

محترم قارئین السلام علیکم! مسئلہ ہم دو بہنوں کا ہے میری عمر چوبیس اور میری بہن کی عمر بیس سال ہے' متوازن غذا کے باوجود ہم بہنوں کے چہرے پر رونق نہیں' رنگت زرد اور آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے ہیں' نسوانی حسن نہ ہونے کے برابر ہے۔ (م ش۔ جہلم)

جواب: چہرے میں کشش کیلئے کشمش کھائیے' رات کو بادام چودہ عدد اور کشمش پچیس گرام پانی میں بھگو دیں' صبح دودھ کے ساتھ کھائیے۔ بہترین ناشتہ ہے۔ خون خوب پیدا ہوگا۔ ایک مالٹا روز کھائیں' صبح ذرا سی ورزش بھی کرنی چاہیے۔

جوؤں کا مسئلہ

محترم قارئین میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرے بچوں کے سر میں جوئیں پڑ جاتی ہیں' بڑے بچوں کے سر میں سکول سے آجاتی ہیں' پھر سارے گھر والوں کے سر میں پڑ جاتی ہیں۔ میں نے بہت نسخے ٹوٹکے حالانکہ لوشن' شیمپو استعمال کیے لیکن کوئی مستقل حل نہیں ہوا براہ مہربانی کسی کو اگر کوئی آزمودہ ٹوٹکہ معلوم ہو تو بتا دیں کہ جوئیں ساری مر جائیں اور کوئی ایسا تیل یا ئیل میں ملانے والی چیز کہ جوئیں پڑیں بھی نہیں۔ (ام محمد مصعب)

جواب: سر میں جوئیں پیدا ہو جائیں تو بڑی مشکل سے جاتی ہیں۔ آپ ہمدرد کی ''جرمین'' لے لیں اور رات کو سوتے وقت یہ پیسٹ سر میں لگائیے اسی طرح جس طرح ذرا سا تیل سر میں ڈالتے ہیں۔ ذرا سی جرمین بالوں میں مل لیا کریں۔ چند دنوں میں جوئیں مر جائیں گی۔

بال رنگنے کا طریقہ

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری کی دو سال سے قاری ہوں اور اس رسالے کی جتنی تعریف کروں کم ہے۔ میں نے روحانی مراقبہ سے بہت کچھ حاصل کیا۔ ہر ماہ باقاعدگی سے میں روحانی مراقبہ کرتی ہوں۔ میرا قارئین

کمائی میں برکت کیلئے: اگر کسی شخص کی کمائی میں برکت نہ ہوتو اس کو چاہیے صبح و شام (19) بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر اکتالیس دفعہ یَانَافِعُ پڑھا جائے' کمائی میں برکت ہوگی۔

سے سوال ہے کہ مجھے آپ سے بال رنگنے کا طریقہ پوچھنا ہے۔ الحمدللہ میرے بال لمبے اور خوبصورت ہیں۔ میں ان کو کلر کرنا چاہتی ہوں۔ میرے سر میں خشکی بھی بہت ہے۔ کوئی ایسا نسخہ بتائیں جس سے میرے سر پر یا میرے بالوں پر کوئی نقصان نہ ہو اور دیر پا گہرا رنگ آئے۔ میں آپ کی بہت مشکور ہوں گی۔ **(مصباح محمود' چشتیاں)**

جواب: بالوں میں خشکی کیلئے بہن آپ صفائی کا بہت زیادہ خیال رکھا کریں' آپ ایسا کریں کہ ذرا سے آملے صبح کو پانی میں بھگو دیں' رات کو ان کو باریک پیس کر سر میں لگالیں۔ صبح دھو ڈالیں۔ اس کے علاوہ دہی کی بالائی بھی سر میں لگانے سے فائدہ ہوتا۔ بال رنگنے کیلئے گرم پانی میں مہندی گھولنے کے بعد کھولتے پانی میں رکھ کر دس منٹ سے آدھے گھنٹے تک گرم کر کے ٹھنڈا کر لینا چاہیے' اب اس لیپ کو چولھے پر رکھ کر اچھی طرح پکالیں اور جب یہ ذرا ٹھنڈا ہونے لگے' اس میں انڈا اور کیسٹر آئل (ارنڈی کا تیل) ملائیں' اور قابل برداشت گرم گرم بالوں میں خوب اچھی طرح لگالیں۔ سر میں لیپ کی مالش کے وقت دستانے پہننے چاہئیں تاکہ ہاتھوں پر مہندی کا رنگ نہ چڑھے۔ لیپ آدھے سے تین گھنٹوں تک لگا رہنے دیں۔ اس سے بالوں میں بہت اچھا رنگ چڑھتا ہے اور کوئی سائیڈ ایفکیٹ بھی نہیں۔ اس کے علاوہ آپ جو کوئی بھی ہیئر کلر استعمال کریں اس میں موجود کیمیکل سے آپ کے بالوں اور سر کی جلد کو نقصان ضرور ہوگا۔ لہٰذا بہتر یہی ہے کہ آپ اپنے بالوں کے قدرتی رنگ پر ہی اکتفا کریں۔

شوگر کا علاج

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! گزارش ہے کہ بندہ عبقری اور آپ کی دیگر تصانیف کا 2008ء سے قاری اور معترف ہے۔ بنی نوع انسان کی انتہائی پرخلوص خدمت کرنے پر جناب کا تہہ دل سے مشکور ہوں اور دعا گو ہوں۔ میرا قارئین سے سوال ہے کہ مجھے کچھ سے بادی بواسیر کا مریض چلا آرہا تھا' علاج اور پرہیز کی سعی جاری تھی لیکن مجموعی صحت قابل رشک تھی لیکن دو سال ہوئے مجھے معلوم ہوا کہ شوگر کا مریض بھی بن چکا ہوں جس کی وجہ سے ازحد غم' پریشانی' مشکل' تنہائی اور مایوسی کا شکار ہو چکا ہوں۔ اگر کسی کے پاس شوگر کا حتمی علاج ہو تو ضرور بتائیں۔ کیونکہ صحت کے گرنے کی وجہ سے انتہائی خوبصورت اور دلکش چہرہ دن بدن اپنی خوبصورتی کھو رہا ہے اور آنکھیں اندر کو دھنس رہی ہیں اور رنگت سیاہی مائل ہو رہی ہے۔ بہت پریشان کن صورتحال ہے۔ **(محمد ندیم' واہ کینٹ)**

جواب: آپ ادارہ عبقری کا ''بواسیر کورس'' اور ''شوگر کورس'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں' انشاءاللہ کچھ عرصہ بعد آپ کی صحت پہلے جیسی قابل رشک ہو جائے گی۔ اپنی خوراک پر پرہیز کے ساتھ زیادہ سے زیادہ توجہ رکھیں۔

منہ پر خارش زدہ دانے

محترم قارئین! میری عمر 50 سال ہے' جوں جوں عمر بڑھ رہی ہے۔ منہ پر سیاہ مکوڑی والے دانے ہیں جو کہ میرا وراثتی مسئلہ ہے۔ جب مکوڑی بننے لگتی ہے تو خارش ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ حکیم صاحب! میں اس مسئلے سے کافی پریشان ہوں' اس کے علاج کیلئے رہنمائی فرما دیں۔ آپ کی مہربانی ہوگی۔ **(ابو محمد' جھنگ)**

جواب: آپ رات کو سوتے وقت اچھا تیار کردہ گلقند گلاب چوبیس گرام کھائیے اور کافی دنوں تک اس کا استعمال جاری رکھیں۔ اس کے علاوہ ادارہ عبقری کی دوائی ''خون صفاء'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔

موٹا ہونا چاہتا ہوں!

محترم قارئین! میری عمر 25 سال ہے' قد درمیانہ اور آفس میں ملازم ہوں۔ قارئین! میں کمزور سا ہوں میں چاہتا ہوں تھوڑا موٹا ہو جاؤں' وزن بڑھ جائے' جسم میں طاقت رہے۔ براہ مہربانی نسخہ سستا بھی ہو اور آسان بھی۔ **(محمد مسعود' ملتان)**

جواب: مناسب ورزش پر توجہ سب سے پہلی کرنی چاہیے۔ صبح کم از کم ایک ڈیڑھ میل تیز رفتار کے ساتھ چلیں۔ ناشتے میں کشمش پچیس گرام' مغز بادام شیریں بارہ دانے لازما کھانے شروع کر دیں۔ ان دونوں کو رات کے وقت بھگو دیں اور صبح کھالیں۔ اس کے ساتھ پاؤ ڈیڑھ پاؤ خالص دودھ پی لیں۔ ساتھ ادارہ عبقری کی ''اکسیر البدن'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔

بھوئیں' پلکیں ختم

مجھے بالچر ہوا' ڈاکٹر نے منرائیڈ استعمال کروائی' بال آگئے' دوائی چھوڑتے ہی ڈاڑھی' مونچھ' سر' بھوئیں اور پلکیں سب ختم ہو گئیں۔ کسی اللہ والے کو علاج معلوم ہو تو ضرور تحریر کریں۔ **(واجد علی)**

جواب: اگر آپ کی صحت اچھی ہے تو آپ کے بالوں کی جڑیں کمزور ہو گئی ہیں۔ روغن لبوب سبعہ 60 گرام' روغن قسط 60 گرام' دونوں کو ملا کر رکھ لیں' جہاں جہاں سے بال گر رہے ہیں وہاں یہ تیل لگایا کریں۔ بال گرنے بند اور نئے آنا شروع ہو جائیں گے۔ اس کے ساتھ ادارہ عبقری کی ''اکسیر البدن'' کچھ ماہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔

سردیوں کے مسائل

محترم قارئین! میری عمر 22 سال ہے' میرا مسئلہ یہ ہے کہ سردیوں میں ہاتھ پاؤں کی انگلیوں پر خون جم جاتا ہے اور انگلیاں سوج جاتی ہیں۔ ہاتھ پاؤں بالکل ٹھنڈے رہتے ہیں' انگلیوں میں بہت خارش ہوتی ہے اور درد بھی ہوتا ہے' مجھے بچپن سے یہ مسئلہ ہے' میں نے اپنا بہت علاج کروایا لیکن کوئی افاقہ نہیں ہوا۔ انگلیوں پر گہرے سیاہ نشان بھی پڑ گئے ہیں۔ براہ مہربانی کوئی مؤثر علاج تجویز کریں۔ **(کنول' چکوال)**

جواب: سرسوں کا تیل نیم گرم کر کے اس میں تھوڑا تیل ڈال کر وہ رات کو سوتے وقت انگلیوں پر لگائیں۔ اس کے علاوہ موم لے کر اسے گرم کر لیں اور نیم گرم ہونے پر اس میں ویزلین مکس کر کے پاؤں اور ہاتھوں کی انگلیوں پر لگائیں۔ چند دن لگانے سے آپ کا مسئلہ حل ہو جائیگا۔

عبقری روحانی اجتماع

20، 21، 22 نومبر 2015ء بروز جمعہ' ہفتہ' اتوار

تربیتی اصلاحی تعلق مع اللہ' روحانیت کے پراسرار حقائق اور گھریلو الجھنوں' مشکلات اور پریشانیوں کے خاتمہ کیلئے حضرت حکیم صاحب کی طرف سے دعوت عام اور اجازت عام ہے۔ خواتین' مرد اور جوانوں کیلئے تین روزہ اجتماع میں شرکت کریں۔ حسب موسم گرم بستر ہمراہ لائیں' لنگر اور رہائش کا مکمل انتظام تسبیح خانہ میں ہوگا۔ اتوار کے دن صبح درس کے بعد دعا ہوگی اور واپسی کی اجازت ہوگی۔

طلباء اور اساتذہ کے اجتماع کے حیران کن تاثرات

یکم جنوری ظہر سے لے کر 4 جنوری تک طلباء اور اساتذہ کا اجتماع جس میں ملک بھر اور بیرون ملک سے خواتین اور مرد تسبیح خانہ تشریف لائے۔ حضرت حکیم صاحب کے جمعرات کے درس کے ساتھ کل آٹھ درس ہوئے۔ بالمشافہ حضرت حکیم صاحب کی زیارت' سوالات کے جوابات اور دن رات اعمال' تربیت' ذکر' مراقبہ' تعلیمی حلقے' طبی و روحانی چٹکلے' ٹوٹکے ان سب کے بہترین حلقے لگے۔ خواتین اور مرد حضرات بہت مطمئن ہوئے کیونکہ لنگر' رہائش کا بہترین انتظام' زمینی گرم پانی جس نے سردی کا احساس تک نہ ہونے دیا۔ حاضرین کا تقاضا تھا کہ آئندہ بھی سال میں دو دفعہ ایسے اجتماع ہوں' حضرت حکیم صاحب نے مخلصین کے مطالبے کی قدردانی کرتے ہوئے نومبر میں اجتماع کی اجازت دے دی ہے۔ جس میں ہر طبقے کے لوگوں کو اجازت عام ہوگی۔ موجودہ اجتماع کی کامیابی پر لوگ مسلسل مبارکباد دے رہے ہیں اور بہت مطمئن ہیں اللہ تعالیٰ اس کو امت میں برکت' عافیت' ایمان' ہدایت اور مشکلات کے حل کا ذریعہ بنائے اور حاضرین کی حاضری کو نہایت اعلیٰ درجہ میں قبول فرمائے۔ آمین!

آدمی کو اس قدر عقل کافی ہے کہ راست روی اور گمراہی اور سعادت و شقاوت میں تمیز کر سکے کیونکہ بھلائی کی تمام راہیں خطرے سے محفوظ ہیں۔

یاحفیظ یاسلامُ نے دیارِ غیر میں بچالیا

نگہت عائشہ، کراچی

میں قصبہ دیو بند میں تھی کہ اچانک بابری مسجد کا ہنگامہ کھڑا ہوگیا۔ وہ دسمبر کی ایک خنک رات تھی اور کوئی ساڑھے گیارہ بجے تھے کہ میرے چچا گھبرائے ہوئے ہم لوگوں کے پاس آئے۔ (ہم سب ایک کمرے میں بیٹھے باتیں کر رہے تھے اور لڈو کھیل رہے تھے) کہ غضب ہوگیا ہے

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! تقریباً دو سال پہلے عبقری سے تعارف ہوا اور یہ تعارف اتنا خوبصورت تھا کہ دائمی دوستی اور رفاقت میں بدل چکا ہے' جو کام آپ مخلوق خدا کیلئے کر رہے ہیں اس کا اجر دینے والی ذات صرف اللہ تعالیٰ کی ہے۔ ہم صرف تحسین و آفرین پیش کر سکتے ہیں اور آپ کیلئے دعاگو ہیں۔ آپ فرماتے ہیں کہ ہم بھی کچھ قیمتی باتیں شیئر کیا کریں۔ چنانچہ میں آج آپ کو اپنی زندگی کا سب سے بڑا واقعہ اور اس سنگین صورتحال سے محفوظ نکلنے والا مجرب نسخہ لیکر حاضر ہوئی ہوں۔

یہ 1992ء کی بات ہے جب میں انڈیا گئی جس روز میں وہاں پہنچی وہ دیوالی کی رات تھی۔ خیر میں اپنے خالہ زاد بھائی کے ہاں مقیم ہوئی' رات کا کھانا کھا کر بھائی نے کہا چلو چھت پر آتش بازی دیکھتے ہیں مگر مجھے کوئی دلچسپی نہ تھی' پھر اصرار کیا کہ اگلی گلی میں ماموں کے ہاں چلتے ہیں' میں ڈر رہی تھی میں نے کہا کہ مجھے آتش بازی سے ڈر لگتا ہے' راستے میں کہیں کچھ آ کر نہ گر جائے۔ مگر وہ زبردستی یہ کہہ کر گھسیٹ لے گئیں کہ بس یاحفیظ یاسلامُ کا ورد کرتے چلیں گے پھر کچھ نہیں ہوگا۔ چنانچہ ہم آتش بازی کے اس سیلاب سے ہو کر واپس خیریت سے گھر پہنچ گئے۔ انہوں نے کہا کہ اس ورد میں بڑی طاقت ہے۔ خیر پھر میں سہارنپور اپنے ددھیال والوں سے ملنے چلی گئی۔ میں قصبہ دیو بند میں تھی کہ اچانک بابری مسجد کا ہنگامہ کھڑا ہوگیا۔ وہ دسمبر کی ایک خنک رات تھی اور کوئی ساڑھے گیارہ بجے تھے کہ میرے چچا گھبرائے ہوئے ہم لوگوں کے پاس آئے۔ (ہم سب ایک کمرے میں بیٹھے باتیں کر رہے تھے اور لڈو کھیل رہے تھے) کہ غضب ہوگیا ہے باہر بلوائیوں کا ایک بڑا ہجوم جو سخت مشتعل اور ہتھیاروں سے لیس ہے' مسلمانوں کی آبادی (جہاں ہم تھے) پر حملے کیلئے دوڑا چلا آرہا ہے' اتنے میں خوفناک شور کی آوازیں بھی ہم تک پہنچ گئیں۔ سارے گھر میں ہم چھ جوان لڑکیاں اور ایک خاتون تھیں جبکہ مردوں میں ایک بوڑھے چچا اور دو جوان لڑکے تھے' سب ایک دم سراسیمہ ہوگئے۔ یہ میرے چچا کے سالے کا گھر تھا جس کا بیرونی دروازہ بھی لکڑی کا تھا کہ ایک لات سے ٹوٹ سکتا تھا۔ طے یہ ہوا کہ چھت پر لکڑی کی سیڑھی لگا کر برابر والے گھر میں اتر جائیں کیونکہ ان کا گھر کافی محفوظ تھا اور گیٹ کم از کم لوہے کا تھا۔ اس عجلت میں ہم سب بڑی مشکل سے پڑوسیوں کے ہاں چلے گئے۔ مرد چھت پر اینٹوں سے مورچے بنانے لگے اور پتھر اکٹھا کرنے لگے جب ہم پہنچے گئے تو وہاں بہت سی خواتین و کمسن و نوعمر لڑکیاں موجود تھیں جو سب خوفزدہ ہو کر رو رہی تھیں میں نے کہا سب نماز میں لگ جاؤ اور قرآن پڑھو اور دعا کرو۔ ہم سب اس میں لگ گئے۔ ہجوم اس گلی میں داخل ہونے کے قریب تھا کہ اچانک مجھے بھائی کے بتائے ہوئے اسماء الحسنیٰ یاد آئے میں نے سب سے کہا باآواز بلند یاحفیظ یاسلامُ کا ورد کریں اور کمرہ اس ورد سے گونج اٹھا۔ ابھی ہمیں چند سیکنڈ ہی ہوئے تھے کہ اچانک ہجوم کی آوازیں ہلکی ہو کر غائب ہوگئیں۔ اوپر سے کسی نے آ کر اطلاع دی کہ پتہ نہیں کیا معجزہ ہوا ہجوم ایک دم غائب ہوا کہ سب حیرت میں پڑ گئے اور کمرے میں یہ سن کر ایک حیرت و شکر و اللہ سے سرشاری کے احساس سے سکوت طاری ہوگیا۔ اللہ اللہ۔۔۔ سبحان اللہ! بس وہ دن ہے اور آج کا دن بائیس سال ہو چکے ہیں یہ وظیفہ میرے دل و زبان کا حصہ بن چکا ہے' جو ملتا ہے اسے بتاتی ہوں' پچھلے دنوں اپنی دوست کے ساتھ گاڑی میں بیٹھی تھی گن پوائنٹ پر انگوٹھیاں اتروائیں میں نے دل میں ورد شروع کیا اور ڈاکو میرے ہاتھ میں انگوٹھیاں واپس پھینک کر چلا گیا اس کے علاوہ بھی ایسے برکات و فیوض حاصل ہوئے کہ طوالت کے باعث احاطہ تحریر میں لانا مشکل ہے۔ اس کے ساتھ ایک ضروری نسخہ بھی بتانا چاہتی ہوں کہ خون جو رک نہ رہا ہو اس پر فوراً پتی کا تیل لگالیں فوراً رک جائے گا۔

جوڑوں کے درد کیلئے

ھوالشافی: سناء مکی' لاجونتی' سونٹھ' کلونجی ہم وزن پیس لیں' پھر شہد کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنالیں' ایک گولی صبح اور ایک رات کو دودھ کے ساتھ لیں' انشاء اللہ جوڑوں کے درد سے نجات ملے گی۔ (محمد صادق' سکھر)

فطری ڈھال

مولانا وحید الدین خاں

کوئی انسان آپ کے اوپر صرف اس وقت وار کرنے کی ہمت کرتا ہے جب کہ آپ اپنی کسی نادانی سے اس پر یہ ظاہر کر دیں کہ آپ اس سے کمزور ہیں

ایک حدیث میں ہے کہ اللہ رب العزت نے آدم کو اپنی صورت پر بنایا (خلق اللہ آدم علی صورتہ) یہ روایت اگرچہ باعتبار سند کمزور ہے مگر باعتبار معنی وہ درست ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ انسان کا چہرہ ساری معلوم کائنات میں سب سے زیادہ پرشوکت چیز ہے وہ اپنے اندر ایک برتر عظمت لیے ہوئے ہے۔ خدا نے آپ کے چہرہ اور آپ کی شخصیت کو آپ کیلئے ایک غیر مفتوح ڈھال بنایا ہے۔ آپ ہر ضرورت کے موقع پر اسے استعمال کر سکتے ہیں۔ مگر اس معاملہ میں آپ کی کامیابی کا سارا انحصار اس بات پر ہے کہ آپ نے دوسروں کی نظر میں اپنی کیا تصویر بنائی ہے۔ اگر آپ نے اپنے ماحول میں اپنی یہ تصویر بنائی ہو کہ آپ ایک سطحی اور بے قیمت انسان ہیں' آپ صرف جھوٹی لڑائی لڑنا جانتے ہیں۔ آپ اقدام کا نعرہ لگاتے ہیں اور دھمکی سن کر اقدام ملتوی کر دیتے ہیں۔ ایسی حالت میں جب آپ دوسروں کے سامنے آئیں گے تو آپ کا آنا ایک بے دین انسان کا آنا ہوگا۔ اس وقت آپ گویا ایک ٹوٹی ہوئی ڈھال ہوں گے جس کے اندر لوگوں کیلئے کوئی زور نہیں۔ اس کے برعکس اگر آپ نے اپنے آس پاس اپنی یہ تصویر بنائی ہے کہ آپ ایک بھاری بھرکم انسان ہیں' آپ کے اعلیٰ اخلاق نے لوگوں کو آپ کا معترف بنا رکھا ہو۔ ایسی حالت میں آپ کے سامنے آتے ہی لوگوں کی نظریں آپ کیلئے جھک جائیں گی۔ آپ کا آنا وہ آیا اس نے دیکھا' اس نے فتح کرلیا' کا ہم معنی بن جائے گا۔ آپ کا انسانی چہرہ آپ کے حق میں ایک مرعوب کن ڈھال ہے۔ کوئی انسان آپ کے اوپر صرف اس وقت وار کرنے کی ہمت کرتا ہے جب کہ آپ اپنی کسی نادانی سے اس پر یہ ظاہر کر دیں کہ آپ اس سے کمزور ہیں۔ دانش مندی کے ذریعے اپنے رعب انسانی کو قائم رکھیے اور پھر کوئی شخص آپ کے اوپر وار کرنے کی جرأت نہیں کرے گا۔

(روحانی محفل سے فیض پانے والے)

گزر چکی ہیں مجھے اس مرتبہ الرجی نہیں ہوئی اور یہ سردیاں بڑی خوشگوار گزر رہی ہیں۔ الحمدللہ! روحانی محفل بھی جاری ہے اس روحانی محفل سے میرے اور بھی بڑے مسائل حل ہو رہے ہیں۔ (شرافت علی' لاہور)

لبنیٰ بنت جمیل، لاہور

پُرمسرت ازدواجی زندگی

یہ گُر اپنالیں تو آپ کی ہو جائے

کسی بھی دوسرے رشتے کی مانند شادی بھی مسلسل توجہ چاہتی ہے۔ اس کیلئے آپ کو اپنے حقوق کے علاوہ فرائض کا تعین بھی کرنا پڑتا ہے اور کسی اچھے مقصد کی خاطر کبھی کبھی اپنے اصولوں کی قربانی بھی دینی پڑتی ہے۔ تب کہیں جا کر ایک خوشگوار اور سایہ دار رشتہ استوار ہوتا ہے۔

دنیا میں کوئی انسان مکمل ہونے کا دعویٰ نہیں کرسکتا۔ ہر انسان میں کوئی نہ کوئی کمی یا خامی ضرور ہوتی ہے۔ لہٰذا ازدواجی زندگی کے معاملات میں پرفیکشن کی توقع کرنا درست نہیں۔ اگر یہ تسلیم کرلیں کہ آپ کا شریک حیات آپ کی زندگی کا لازمی حصہ ہے اور وہ ایک عام انسان ہے لہٰذا اس سے بھی غلطیاں سرزد ہوسکتی ہیں تو سمجھ لیں کہ آپ آدھی جنگ جیت گئیں لیکن اگر آپ اپنے تعلقات پر مطمئن نہیں تو اس کا یہی مطلب ہوسکتا ہے کہ آپ زندگی کے حقائق کو قبول نہیں کرپاتیں۔ اس کی وجہ آپ کا اپنا رویہ یا پھر آپ دونوں کے مابین افہام و تفہیم کی کمی ہے۔ یہاں آپ کیلئے کچھ تجاویز پیش کی جارہی ہیں جن کے باعث ایک دوسرے کو سمجھنے اور زندگی کو سہل بنانے میں مدد ملے گی۔

بات چیت ضروری ہے

ہمیشہ ایک دوسرے سے اپنے محسوسات مسائل اور خواہشات کے بارے میں بات چیت کرتے رہیں۔

ایک دوسرے کے خیالات سے آگاہ رہنا اچھا رہتا ہے۔ حال کو بہتر بنانے اور مستقبل کے منصوبوں پر بات کرنا بھی ضروری ہے۔ مل بیٹھ کر اپنے مسائل کا حل تلاش کرنے کی کوشش کریں اس طرح شریک حیات کے ساتھ آپ کی ذہنی قربت میں اضافہ ہوگا۔ یہاں اس بات کا بھی خیال رکھیں کہ سننا بھی اسی قدر اہم ہے جتنا کہ بولنا۔ آپ خاموشی کی زبان میں بھی اپنے محبت بھرے انداز لمس توجہ اور احترام کے ذریعے شریک حیات سے ہم کلام ہوسکتی ہیں۔

زیادہ توقعات نہ باندھیں

زیادہ توقعات باندھنا ہمیشہ خرابی کا پیش خیمہ ثابت ہوتا ہے۔ خصوصاً اس صورت میں آپ کو لازماً مایوسی کا سامنا کرنا پڑے گا جب آپ شوہر سے ایسی توقعات وابستہ کرلیں جن کا پورا کرنا اس بیچارے کیلئے کسی طور ممکن نہ ہو۔ لہٰذا توقعات باندھیں لیکن ایسی جنہیں آپ کا ساتھی باآسانی نبھا سکے۔ اسی طرح اپنی جانب سے بھی یہی کوشش کریں کہ فرائض کی ادائیگی میں کسی قسم کی کوتاہی نہ ہونے پائے۔ شریک حیات کے ساتھ رعایت برتیں اور اس کی خواہشات کا اہتمام کرنا سیکھیں۔

اختلاف سے خوفزدہ نہ ہوں

کبھی کبھی کسی بڑے مسئلے سے بچنے کیلئے آپس میں چھوٹی موٹی بحث ناگزیر ہوجاتی ہے۔ لہٰذا ایک دوسرے کو اپنے نظریات سے آگاہ کرتے رہیں کیونکہ ریت میں منہ چھپانے سے خطرہ ٹلتا نہیں۔ اختلافی مسائل پر بات کرنا بھی ضروری ہے۔ لیکن جب کسی مسئلے پر بحث چھڑ جائے تو تحمل سے کام لیں اور غور سے شوہر کی بات سنیں۔ غصے میں آنے یا چیخنے چلانے کی ضرورت نہیں۔ اپنا موقف بیان کرنے کے ساتھ ساتھ دوسرے کی بات بھی سنیں اور کوئی درمیانی سمجھوتے کی راہ نکالیں۔ جوش میں ہوش کھونے اور پرتشدد رویہ اختیار کرنے کی ضرورت نہیں۔ نہ ہی شریک حیات کی جانب سے ایسا رویہ برداشت کریں۔

زیادتی برداشت نہ کریں

خواتین اکثر اوقات صدمے ڈر و خوف یا شرمندگی کے باعث اپنے اوپر کی گئی کسی زیادتی پر چپ رہتی ہیں اور اندر ہی اندر گھلتی رہتی ہیں۔ بہت سی خواتین اس بات کا اعتراف کرتی ہیں کہ زیادتی پر بات نہ کرنے کے باعث ان کے خلاف یہ سلسلہ دراز ہوتا چلا گیا۔ لہٰذا ایسی غلطی کبھی نہ کریں۔ خود کو تکلیف برداشت کرنے کا عادی نہ بنائیں اور نہ ہی دوسرے فریق کو یہ اجازت دیں کہ وہ آپ کی خاموشی سے فائدہ اٹھائے۔ اپنی ضروریات، محسوسات اور پسند و ناپسند سے اسے آگاہ رکھیں۔

ایک دوسرے کو وقت دیں

کوئی بھی تعلق ایک ساتھ رہنے اور ایک دوسرے کا ساتھ دینے سے ہی استوار ہوتا ہے اور محبت بھی اسی طرح نمو پاتی ہے۔ بیتی ہوئی خوشگوار گھڑیوں کو ایک ساتھ بیٹھ کر دہرائیں سیر و تفریح کے لیے ساتھ باہر جائیں اور اس وقت کو شکوے شکایات کی نذر نہ کریں بلکہ اس سے زیادہ سے زیادہ لطف اندوز ہونے کی کوشش کریں۔

اعتماد اور احترام کرنا سیکھیں

ضرورت سے زیادہ حساس یا شکی مزاجی ہونا آپ کی ازدواجی زندگی میں زہر گھول سکتا ہے۔ ان عادات کے باعث آپ کی زندگی میں وہ مسائل بھی سر اٹھا سکتے ہیں جن کا سرے سے کوئی وجود ہی نہ ہو۔ لہٰذا ہوشیار ضرور رہیں، اپنی آنکھیں اور کان ہمیشہ کھلے رکھیں لیکن ہمہ وقت شمشیر بکف بند رہیں۔ شادی شدہ زندگی میں ایک دوسرے پر اعتماد بہت ضروری ہے۔ سو اپنے شوہر کا احترام کریں اور اس پر اعتماد رکھیں تا آنکہ اپنی آنکھوں سے اس کے خلاف کوئی ثبوت نہ دیکھ لیں۔

اپنی خواہشات کو بھی اہمیت دیں

پرمسرت ازدواجی زندگی کیلئے ضروری ہے کہ آپ اپنی خواہشات اور چھوٹی چھوٹی خوشیوں کا گلا نہ گھونٹیں۔ انہیں اپنے ساتھ لے کر چلیں۔ اگر آپ انہیں اندر ہی اندر دباتی رہیں تو بالآخر ایک روز فرسٹریشن کا شکار ہوجائیں گی۔

کسی بھی دوسرے رشتے کی مانند شادی بھی مسلسل توجہ چاہتی ہے۔ اس کیلئے آپ کو اپنے حقوق کے علاوہ فرائض کا تعین بھی کرنا پڑتا ہے اور کسی اچھے مقصد کی خاطر کبھی کبھی اپنے اصولوں کی قربانی بھی دینی پڑتی ہے۔ تب کہیں جا کر ایک خوشگوار اور سایہ دار رشتہ استوار ہوتا ہے۔

درد گردہ سے ہمیشہ کیلئے نجات

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کی خدمت میں قارئین کیلئے ایک تحفہ پیش کررہا ہوں:۔ **ھوالشافی:** گردے کا درد جو پتھری کی وجہ سے ہورہا ہو آپ دیسی مرغی کے پوٹے لیکر اگر دیسی نہ ملے تو برائلر کے لے لیں ان کے اوپر سے جو زرد رنگ کا چھلکا اترتا ہے اس کو خشک کرلیں اور پیس کر آدھی چمچ صرف تین بار کھائیں اور اوپر سے دودھ اگر گائے کا مل جائے تو اچھا ورنہ جو میسر ہو پی لیں۔ گلقند بھی دو چمچ کھالیں۔ انشاء اللہ جو آپریشن کروانے جارہے تھے وہ بھی ٹھیک ہوگئے ہیں اور یہ ایسے اور اتنی جلدی سے اثر کرتا ہے جیسے پین کلر کھالی ہو۔ میں نے ایک چیز کا اس میں اضافہ کیا ہے جو کہ اصل نسخہ میں نہیں تھا وہ یہ کہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود پاک اور گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر اگر یہ دوائی استعمال کی جائے تو پھر تو جو بھی کھائے گا دوبارہ کبھی درد گردہ نہ ہوگا۔ (محمد اکبر، ہارون آباد)

17

یانُورُ سے روشنی کا تصور: اس تصور کے ساتھ کہ آسمان سے نور آ کر میرے جسم میں داخل ہو رہا ہے **یانُورُ** 113 بار پڑھنے سے ظاہر باطن اللہ کے نور سے روشن ہو جائیں گے۔

گھر کی آرائش اور آپ

مدیحہ بدر

اگر آپ اپنے گھر کی سجاوٹ کریں گی تو آپ کا سادہ اور چھوٹا سا گھر بھی دیکھنے والے کو بہت خوبصورت لگے گا۔ ضروری نہیں ہے کہ بہت مہنگی مہنگی چیزیں خرید کر ہی گھر کو سجایا جائے بلکہ آپ اپنے ہاتھ سے بنی ہوئی چھوٹی چھوٹی چیزوں سے بھی گھر کی سجاوٹ کر سکتی ہیں۔

شاید ہی کوئی ایسی خاتون ہوں کہ جنہیں اپنے گھر کو سجانے اور خوب سے خوب تر بنانے کی تمنا نہ ہو لیکن بہت سی خواتین کے ساتھ کچھ یوں بھی ہوتا ہے کہ جب وہ اپنے گھر کی سجاوٹ میں تبدیلی کرنے کی خواہاں ہوتی ہیں تو بہت سارے خیالات ان کے ذہن میں گڈمڈ ہو جاتے ہیں اور انہیں سمجھ میں بھی نہیں آتا کہ کس طرح گھر کو سجایا جائے تو آیئے! ہم آپ کو بتاتے ہیں کہ اپنا گھر کس طرح سجایا جائے۔ ذیل میں گھر کو سجانے کے مختلف طریقے بیان کیے جا رہے ہیں' شاید یہ طریقے گھر سجانے میں آپ کی مدد کر سکیں۔

ڈرائنگ روم گھر کا وہ حصہ ہے کہ جسے مہمان سب سے پہلے دیکھتا ہے اور اگر آپ کا ڈرائنگ روم سلیقے سے سجا ہوا نہ ہو تو اس سے آپ کے گھر آنے والے مہمان پر آپ کی شخصیت کا تاثر کچھ اچھا نہیں پڑے گا۔

اگر ڈرائنگ روم کی سجاوٹ کی بات کی جائے تو یوں محسوس ہوتا ہے کہ اس کام میں بہت پیسے خرچ ہو جائیں گے نہیں! آپ کا یہ خیال درست نہیں ہے۔ اگر ڈرائنگ روم کی سجاوٹ میں کچھ چیزوں کا خیال رکھا جائے تو آپ کا سادہ سا ڈرائنگ روم بھی آنے والے مہمانوں پر بہت اچھا تاثر قائم کر سکتا ہے۔ ڈرائنگ روم کی سجاوٹ میں سب سے پہلی بات تو یہ یاد رکھی جائے کہ کبھی بھی آپ اپنی سینٹر ٹیبل کو مختلف شو پیس سے نہیں بھریں، کیونکہ جب آپ مہمانوں کیلئے چائے' مشروبات یا دیگر لوازمات کی ٹرے اندر لا کر رکھیں گی تو سب سے پہلے وہ شو پیس آپ کو سائیڈ میں کرنا پڑیں گے جو کہ ظاہر ہے آنکھوں کو بھلا محسوس نہیں ہوں گے۔ سینٹر ٹیبل پر اگر صرف آپ ایک گلدان میں تازہ یا کاغذی پھول ہی رکھ دیں تو اس سے ایک تو ٹیبل بھی خالی نہیں لگے گی اور ٹرے رکھتے وقت آپ کو جلدی جلدی چیزیں بھی نہیں ہٹانا پڑیں گی۔

اگر آپ کے ڈرائنگ روم کے صوفوں کا رنگ گہرا ہے تو اس پر ہلکے رنگ کے کشنز رکھیں اور اگر صوفوں کا رنگ ہلکا ہے تو پھر اس پر گہرے رنگ کے بیک کشنز نمایاں اور اچھے لگیں گے۔

اگر کشنز سادہ ہیں تو پھر آپ ان پر خوبصورت سی کڑھائی یا پینٹنگ کر لیں تو اس سے ان کی خوبصورتی میں مزید اضافہ ہو جائے گا۔

اگر ڈرائنگ روم کی کسی دیوار پر آپ بڑی سی پینٹنگ کر لیں تو اس سے ان کی خوبصورتی میں مزید اضافہ ہو جائے گا۔

اگر ڈرائنگ روم میں رکھے شو پیسز کی جگہیں تھوڑے تھوڑے عرصے کے بعد تبدیل کرتی رہیں۔ علاوہ ازیں ضروری نہیں ہے کہ آپ اپنے گھر میں موجود سارے شو پیسز سے ڈرائنگ روم کو بھر دیں بلکہ تھوڑے سے شو پیسز علیحدہ بھی رکھ دیں اور کچھ دنوں کے بعد انہیں تبدیلی کیلئے ڈرائنگ روم میں رکھ دیں جبکہ پہلے والے سٹور میں رکھ دیں' اس طرح آپ کا ڈرائنگ روم مہمانوں کو اچھا تاثر دے گا۔

ہمیشہ یہ بات یاد رکھیں کہ اگر آپ کا ڈرائنگ روم بڑا ہے اور اس کی دیواریں ہلکے رنگ کی ہیں تو آپ گہرے رنگ کے صوفے اور پردے استعمال کریں اور اگر چھوٹا ہے تو ہلکے رنگ کے صوفے اور پردے استعمال کریں۔

بیڈ روم: بیڈ روم کی سجاوٹ کرتے وقت اس بات کا ضرور خیال رکھیں کہ آپ کے بیڈ روم میں کون سا رنگ پینٹ کیا گیا ہے۔ اسی رنگ کی مناسبت سے آپ کارپٹ کا رنگ منتخب کریں یعنی اگر آپ کا بیڈ روم کا پینٹ ہلکا گلابی ہے تو اس میں میرون' سرخ یا گلابی شیڈ کا کارپٹ خوبصورت معلوم ہوگا۔ اس کے برعکس اگر آپ نیلے یا ہرے رنگ کا کارپٹ بچھا لیں گی تو وہ آنکھوں کو بہت بدنما لگے گا۔ اگر آپ کے کمرے میں سفید پینٹ کیا ہوا ہے تو اس پر آپ کسی بھی رنگ کے کارپٹ اور پردے استعمال کر سکتی ہیں۔

بیڈ روم کی دیواروں پر آپ اس کمرے کے سائز اور اس میں سونے والوں کی شخصیت کے مطابق پینٹنگز بھی لگائیں۔ یعنی اگر کمرہ بچوں کے سونے کا ہے تو آپ اس میں بچوں کی پسند کی چیزیں رکھیں نہ کہ اپنی پسند۔۔۔ اس کے علاوہ بچوں کے کمرے میں ایک Toy Rack ہونا بہت ضروری ہے تاکہ بچے کھیلنے کے سارے کھلونے اس ریک میں رکھ دیں اور کھلونے ادھر ادھر بکھرے ہوئے نظر نہ آئیں۔

لاؤنج: آپ لاؤنج میں مختلف سدابہار پھول رکھ سکتی ہیں' کرسیاں ساتھ ساتھ جوڑ کر نہ رکھیں کچھ فاصلے پر رکھیں۔ اگر لاؤنج بہت چھوٹا ہے تو اس میں کارپٹ کے اوپر اگر آپ فلور کشنز رکھیں تو آپ کا لاؤنج اور بہت خوبصورت لگے گا۔

مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھتے ہوئے اگر آپ اپنے گھر کی سجاوٹ کریں گی تو آپ کا سادہ اور چھوٹا سا گھر بھی دیکھنے والے کو بہت خوبصورت لگے گا۔ ضروری نہیں ہے کہ بہت مہنگی مہنگی چیزیں خرید کر ہی گھر کو سجایا جائے بلکہ آپ اپنے ہاتھ سے بنی ہوئی چھوٹی چھوٹی چیزوں سے بھی گھر کی سجاوٹ کر سکتی ہیں۔ مثلاً گھر میں اکثر اچار اور جیم وغیرہ کی جو شیشیاں خالی ہو جاتی ہیں آپ ان میں پانی بھر کے منی پلانٹ کی چھوٹی چھوٹی شاخیں کاٹ کے لگائیں اور ان بوتلوں کو تار کی مدد سے یا تو دیوار پر لٹکا دیں یا پھر ٹیبل یا ریک پر رکھ دیں۔

آپ گلاس پینٹنگ سے بھی دیواروں کو سجا سکتی ہیں اور آپ پوٹ پینٹنگ کر کے اس سے ڈرائنگ روم' لاؤنج اور بیڈ روم کو بھی سجا سکتی ہیں۔

اگر آپ اپنے ہاتھوں سے بنی ہوئی چیزوں سے اپنے گھر کو سجائیں گی تو اس سے نہ صرف آپ کا گھر خوبصورت معلوم ہوگا بلکہ جب آنے والے مہمان آپ کے سگھڑ پن کی تعریف بھی کریں گے تو یقیناً آپ کا سیروں خون بڑھ جائے گا۔

لیکوریا' کمردرد' طاقت رحم کیلئے مجرب نسخہ

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس پوشیدہ امراض میں مبتلا بہنوں کیلئے مجرب نسخہ ہے' جس نے مجھے دیا وہ بڑا عالم باعمل حکیم ہے۔ بقول ان کے پچاس سے زیادہ خواتین پر استعمال کیا ہے۔ مجھے دیا میں نے بھی کئی عورتوں پر استعمال کروایا' خود اپنی بیوی پر بھی استعمال کیا الحمدللہ! چند یوم کے استعمال سے رزلٹ آنا شروع ہو جاتی ہے۔ نسخہ درج ذیل ہے:۔

ھوالشافی: کمرکس' اسگندھ' موچرس ہر ایک چھٹانک چھٹانک' کیکر پھلی' مازو سبز' سپاری کا لی دو دو تولہ' کشتہ مرجان اصلی' کشتہ بیضہ مرغ ایک ایک تولہ' چینی پانچ تولہ۔ تمام چیزوں کا سفوف بنا کر بعد میں کشتہ جات ملایئے۔ خوراک: صبح و شام نہار منہ آدھا چمچ دودھ سے استعمال کریں۔ پرہیز: گرم چیزیں نہ کھائیں' استعمال کریں دعاؤں میں یاد رکھیں۔ (سعید الرحمٰن' بنوں)

سرفراز خان، اسلام آباد

باپ اور بیٹی کا جذباتی رشتہ اور اثرات

اس بات پر عام اتفاق پایا جاتا ہے کہ ایک باپ اپنی بچیوں کو جو آسائش مہیا کرتا ہے وہ اس کی محبت اور بچیوں کو وقت نہ دیئے جانے کا نعم البدل نہیں ہوسکتا۔ دن میں چند گھنٹے ایسے ضرور ہوتے ہیں جب بیٹیاں اپنے باپ کی غیر موجودگی کو مس کرتی ہیں

عام طور پر کہا جاتا ہے کہ مائیں بیٹیوں کے مقابلے میں بیٹوں کو زیادہ چاہتی ہیں جبکہ بیٹیاں اپنی ماں کے مقابلے میں باپ کو زیادہ پیار کرتی ہیں تاہم پدرانہ شفقت کے معیار کا تعین کرنا مشکل ہے۔ باپ اپنی بیٹیوں کیلئے ایک تناور درخت کی طرح ہوتا ہے جس کے سائے میں وہ پرورش پاتی ہیں۔ باپ کا حوصلہ افزا رویہ بیٹیوں کی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ نازک قدار کی پاسداری باہمی اعتماد غیر مشروط اور باپ کی پرخلوص بے لوث محبت ایک بیٹی کو مستقبل میں کامیاب زندگی گزارنے کیلئے معاون ثابت ہوتے ہیں۔ ایک باپ کا اپنی بیٹی کے ساتھ مشفقانہ رویہ اور محبت ایک ایسا بہترین تحفہ ہے جس سے اس بچی کی شخصیت میں نہ صرف خود اعتمادی پیدا ہوتی ہے بلکہ وہ مستقبل میں ایک کامیاب زندگی بھی بسر کرتی ہے۔

اکثر باپ کا رویہ اپنی بیٹی یا بیٹیوں کے ساتھ دلی طور پر مشفقانہ ہی رہتا ہے لیکن کہیں کہیں یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ باپ کو اپنے دل میں بیٹی کی محبت کو چھپانا پڑتا ہے۔

پیار کا اظہار کون کرے؟: ایک بات جس کا اظہار بیٹیاں نہایت آزادانہ طور پر کرتی ہیں وہ یہ کہ ''میں چاہتی ہوں کہ میرے والد مجھے بتائیں کہ وہ مجھے کتنا پیار کرتے ہیں؟'' اس سوال کے بارے میں ایک ماہر نفسیات کا کہنا ہے کہ ''بیٹے کے مقابلے میں بیٹی ہوش سنبھالنے سے لے کر اپنے گھر بار کی ہونے تک کے اس لمبے درمیانی عرصے میں اپنے والد کی توجہ کی زیادہ طالب ہوتی ہے اور جوں جوں اس کی عمر بڑھتی جاتی ہے اس کے دل میں باپ کو چاہنے اور ان کی جانب سے چاہے جانے کیلئے اس کی خواہش میں اضافہ ہی ہوتا رہتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ لڑکیاں اپنے والد کے متعلق اپنی اس خواہش کا برملا اظہار بھی کرتی رہتی ہیں۔''

مطمئن اور آسودہ خاندانوں میں یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ وہ باپ جو اپنی بیٹی یا بیٹیوں کے سامنے اپنی محبت کا برملا اظہار کرنے میں دشواری محسوس کرتے ہیں وہ اپنی بیٹیوں سے محبت اور ان سے دلی لگاؤ کے اظہار کیلئے مصنوعی اور مادی چیزوں کا سہارا لیتے ہیں مثلاً ان کی زندگی کا کوئی خاص دن یاد رکھنا امتحان میں کامیابی اور مزید کامیابیوں کے حصول کی لگن پیدا کرنے کی حوصلہ افزائی کی خاطر انعامات دینا یا پھر ان کے ہاتھ کے بنے ہوئے کھانوں کی تعریفیں وغیرہ۔۔۔

بعض باپ اپنی بیٹیوں سے اپنی محبت کے اظہار کیلئے ان بچیوں کی ماں یعنی اپنی بیوی سے انسیت کا اظہار کرتے ہیں۔ ماہرین نفسیات کہتے ہیں کہ ''ایک شوہر کا اپنی بیوی سے انس اور دلی لگاؤ کے اثرات بڑی حد تک ان کے بچوں خصوصاً لڑکیوں پر پڑتے ہیں۔ ایسے خاندانوں میں جہاں میاں بیوی کے تعلقات ناخوشگوار رہتے ہوں ان کے بچوں میں بعض ایسے مختلف اقسام کے جسمانی عوارض جنم لے لیتے ہیں جو بعد ازاں پوری زندگی ان بچوں کا ساتھ نہیں چھوڑتے ہیں۔ اس طرح نہ صرف ان کی شخصیت شکستہ ہوجاتی ہے بلکہ ان کی خود اعتمادی بھی ساری زندگی غیر مستحکم ہی رہتی ہے۔

وقت کی اہمیت: اس بات پر عام اتفاق پایا جاتا ہے کہ ایک باپ اپنی بچیوں کو جو آسائش مہیا کرتا ہے وہ اس کی محبت اور بچیوں کو وقت نہ دیئے جانے کا نعم البدل نہیں ہوسکتا۔ دن میں چند گھنٹے ایسے ضرور ہوتے ہیں جب بیٹیاں اپنے باپ کی غیر موجودگی کو مس کرتی ہیں۔ ایسے وقت میں لڑکیاں اپنے باپ کو گھر پر دیکھنا چاہتی ہیں کم سن بچے باپ کی جانب سے مہیا کی جانے والی آسائشوں سے زیادہ وہ اپنے باپ کی گھر پر موجودگی کو زیادہ اچھا محسوس کرتے ہیں۔ بچیوں کے نزدیک گھر پر باپ کی عدم موجودگی کیلئے کوئی بھی چیز اس کا نعم البدل نہیں ہوسکتی ہے۔ ایک چیز جو بیٹیوں کے ذہن میں ہمیشہ ہمیشہ کیلئے محفوظ رہ جاتی ہے وہ گھر پر باپ کے ہمراہ گزرا ہوا خوشگوار وقت ہوتا ہے۔ یہ خوشگوار لمحات بعد کے آنے والے وقت میں بھی ان کی زندگی میں رچ بس جاتے ہیں لہٰذا ایک باپ کو چاہیے کہ وہ اپنے روزمرہ کے معمولات اور کام کاج سے تھوڑا سا وقت نکال کر اسے اپنی بچیوں کو دے۔ ان کے ساتھ باتیں کرے بچیوں کے ہمراہ چھوٹے چھوٹے کھیل مثلاً کیرم بورڈ، کرکٹ، فٹ بال، لڈو، بیڈمنٹن وغیرہ گھر میں ہی کھیلے جاسکتے ہیں۔ وقتاً فوقتاً انہیں کہیں باہر کھانا یا آئس کریم وغیرہ کھلانے کیلئے لے جائیں۔ اس طرح کی باتوں سے بچیوں کی خود اعتمادی میں بھی اضافہ ہوتا ہے اور یہ محسوس کرتی ہیں کہ ان کے والد بھی ان سے ''دلی پیار'' کرتے ہیں۔ یوں باپ اور بیٹیوں کے درمیان خود اعتمادی اور محبت کا رشتہ مستحکم ہوتا ہے۔

نظم وضبط کی پابندی اور باپ کا رویہ: بچے ضدی مزاج کے ہوتے ہیں دیکھا گیا ہے کہ اکثر والدین یہ کوشش کرتے ہیں کہ ان کے بچے نظم وضبط کی پابندی کریں اور بغیر کوئی تکلیف اٹھائے اپنے والدین کے تجربات سے سبق حاصل کریں تو عموماً بچے اس طرح کے رویے کے خلاف مزاحمت کرتے ہیں اس سلسلے میں بعض والدین بچوں پر سختیاں بھی کرتے ہیں ماہرین نفسیات اس سلوک کو غلط بتاتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ بچے ٹیچر کے علاوہ کسی دوسرے کی جانب سے سخت گیری سے دیئے گئے حکم کو آسانی سے تسلیم نہیں کرتے ہیں۔ یہاں والدین کو یہ بات ذہن نشین رکھنی چاہیے کہ بچے خصوصاً لڑکیاں اپنے والدین خصوصاً باپ سے کس قسم کے رویے کی خواہش رکھتی ہیں۔ بچے اندھیرے کمرے میں کرسی پر بیٹھے ہوئے تنہا اور خوفزدہ شخص کی مانند ہوتے ہیں۔ ان کا ذہن کورے کاغذ کی مانند ہوتا ہے جس پر والدین کے رویے اپنا گہرا نقش چھوڑتے ہیں۔ اگر آپ اپنے بچے یا بچوں کو نظم وضبط کا پابند بنانا چاہتے ہیں اور اس کیلئے سخت گیر رویہ اختیار کرتے ہیں تو پھر ضرورت اس بات کی ہے کہ آپ اپنے رویئے پر غور کریں اور اسے تبدیل کریں۔ اگر آپ انہیں محبت اور نرم رویئے سے نظم وضبط کا پابند بنائیں تو یہ سختی کے مقابلے میں زیادہ صحت مندانہ رویہ ہوگا۔

بیٹیاں، باپ کو اپنا آئیڈیل سمجھتی ہیں لہٰذا اگر باپ کا رویہ سخت ہو تو اس سے بچیوں کی شخصیت پر منفی اثر پڑتا ہے اور وہ ماں کے مقابلے میں باپ سے زیادہ سہمی ہوئی رہنے لگتی ہیں۔ ہمارے مشرقی ماحول میں باپ کو گھر کے سربراہ کا رویہ ہی دوستانہ کے بجائے حاکمانہ ہو تو اس سے بچوں، خصوصاً بچیوں کی شخصیت پر دباؤ کی سی کیفیت طاری رہتی ہے اور پھر وہ پوری زندگی مرد کو سخت گیر ہی سمجھتی رہتی ہے اور اس طرح آگے چل کر ان کی ازدواجی زندگی بھی متعدد مسائل کا شکار ہوسکتی ہے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ بچوں خصوصاً لڑکیوں کو نظم وضبط کا پابند بنانے کے سلسلے میں باپ کو مشفقانہ رویہ اپنانا چاہیے۔ اس طرح بچیاں نہ صرف پابندیوں یا نظم وضبط کو خوشدلی سے قبول کرلیتی ہیں بلکہ ان پر دل سے عمل کرتی ہیں اور جیسے جیسے ان کی عمر بڑھتی جاتی ہے وہ باپ کے اصول کی تعریف اور ان کے مثبت اثرات کا اعتراف بھی کرتی ہیں۔

دل خورشید ہری پور ہزارہ

تنگدست و بیروزگار افراد کیلئے نبویؐ نسخے

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما حضور نبی اکرم ﷺ کا ارشاد مبارک نقل کرتے ہیں کہ جو شخص بھوکا ہو حاجت مند ہو اور وہ لوگوں سے اپنی حاجت پوشیدہ رکھے تو اللہ تعالیٰ شانہٗ پر بوجہ اس کے لطف و کرم کے یہ حق ہے کہ اس کو سال کی روزی حلال مال سے عطا فرمائے۔

گھر میں السلام علیکم کہنا: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: بیٹا جب تم اپنے گھر والوں کے پاس جاؤ تو سلام کرو اس سے تم پر اور تمہارے گھر والوں پر برکت نازل ہوگی۔

بعض علماء کا کہنا ہے جو شخص اپنے گھر والوں کو پہلے سلام کرتا ہے اس کے مال و عیال میں برکت دی جاتی ہے۔

بیوی کیلئے نفقہ میں فراخی: رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: عورتوں کے بارے میں اللہ سے ڈرو کیونکہ وہ تمہاری قیدی ہیں تم نے انہیں اللہ کے عہد و پیمان کے ساتھ حاصل کیا ہے اور اللہ کے کلمے کے ساتھ تم نے ان کو حلال بنایا ہے لہٰذا تم ان کیلئے لباس اور نفقہ کی فراخی رکھو تاکہ اللہ تمہارے لیے لذتوں میں فراخی روے اور تمہارے لیے عمروں میں برکت عطا فرمائے جو تم چاہو گے۔ اللہ تعالیٰ تمہارے لیے کردے گا۔ (سرور خاطر)

اشراق کے نوافل: حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: حق تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ابن آدم! تو چار رکعت نفل پڑھ میرے لیے اخلاص سے اول دن میں تو میں تجھے تیرے کاموں میں کفایت کروں گا۔ (ترمذی)

نماز سے رزق میں برکت: ایک حدیث میں ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا نماز اللہ کی رضا کا سبب ہے فرشتوں کی محبوب چیز ہے انبیاء علیہم السلام کی سنت ہے اس سے معرفت کا نور پیدا ہوتا ہے دعا قبول ہوتی ہے رزق میں برکت ہوتی ہے۔ (فضائل اعمال ص 315)

حاجت اور بھوک کو پوشیدہ رکھنا: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما حضور نبی اکرم ﷺ کا ارشاد مبارک نقل کرتے ہیں کہ جو شخص بھوکا ہو حاجت مند ہو اور وہ لوگوں سے اپنی حاجت پوشیدہ رکھے تو اللہ تعالیٰ شانہٗ پر بوجہ اس کے لطف و کرم کے یہ حق ہے کہ اس کو سال کی روزی حلال مال سے عطا فرمائے۔ (مشکوٰۃ)

صلہ رحمی: حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کے رزق میں وسعت کی جائے اور اس کے نشانات قدم میں تاخیر کی جائے اس کو چاہیے کہ صلہ رحمی کرے۔ (مشکوٰۃ)

فقر کو دور کرنے والا کلمہ: حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ ننانوے بیماریوں کی دوا ہے جن میں سب سے کم درجہ کی بیماری فکر و بیماری ہے۔ (ترمذی) اگر لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ کے ساتھ لَا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اس سے ستر بلائیں دور فرمائیں گے جن میں سب سے کم درجہ کی بلا فقر ہے۔ (مشکوٰۃ بحوالہ ترمذی)

خدا پر توکل: حضرت عمران بن حصین سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص اپنے (دل سے) اللہ تعالیٰ ہی کا ہو رہے تو اللہ تعالیٰ اس کی سب ذمے داریوں کی کفالت فرماتا ہے اور اس کو ایسی جگہ سے رزق دیتا ہے کہ اس کو گمان بھی نہیں ہوتا اور جو شخص دنیا کا ہو رہے اللہ تعالیٰ اس کو دنیا کے حوالے کر دیتا ہے۔ (حیوٰۃ المسلمین 128)

تقدیر پر راضی رہنا: حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو جو کچھ دیتا ہے اس سے ان کی آزمائش کرتا ہے اگر وہ اپنی قسمت پر راضی ہوجائیں تو ان کی روزی میں برکت عطا فرماتا ہے اور راضی نہ ہوں تو ان کی روزی کو وسیع نہیں کرتا۔ (مسند احمد)

تجارت کرنا: حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ سوداگری کرو کیونکہ روزی کے دس حصے ہیں جن میں نو حصے صرف سوداگری میں ہیں۔ (احیاء العلوم)

رمضان المبارک کے تحفے

جون 2015ء کا شمارہ رمضان المبارک کے حوالے سے خاص تحریروں سے مزین ہوگا۔ ابھی سے اپنی طبی و روحانی تحریریں خصوصاً گرمی و پیاس ختم کرنے کے ٹوٹکے فوراً ارسال کریں تاکہ بروقت شامل اشاعت ہو سکیں اور آپ کا بھی اس کار خیر میں بھرپور حصہ ہو سکے۔ نوٹ: تحریریں آزمودہ ہوں کاپی شدہ نہ ہوں اگر ہوں تو حوالہ ضرور دیں۔ (ادارہ)

عبدالمجید، فیصل آباد

لمبی عمر کا راز

تم تھوڑے سے آدمیوں کی دعا سے ایسا پہاڑ جڑ سے اکھڑ گیا' تمہارے بادشاہ جو ظلم کرتے ہیں' اسی باعث خلق کی بددعا سے ان کی عمر نہیں بڑھتی۔"

ترکستان کے ایک بادشاہ نے ایک ایلچی کے ساتھ دس آدمی دے کر ہندوستان کے راجے کو لکھ بھیجا کہ ہمیں معلوم ہوا ہے کہ ہند کی زمین میں کوئی ایسی چیز پیدا ہوتی ہے جس کے کھانے سے انسان کی زندگی بڑھ جاتی ہے' اسی لیے ہندوستان کے رئیس دراز عمر ہوتے ہیں۔ راجے نے خط پڑھتے ہی ایلچی اور اس کے ہمراہیوں کو قلعہ سنگین بلند کے نزدیک لے جا کر کہا: ''جب تک یہ کوہ گر نہ پڑے تمہیں رخصت نہ کروں گا اور جواب بھی اس خط کا نہ دوں گا'' وہ لوگ ناچار اسی پہاڑ کے تلے خیمے ایستادہ کروائے اور شب و روز بارگاہ الٰہی میں دعا کرتے کہ یااللہ! اس پہاڑ کو گرا دے! اتفاقاً زلزلہ آیا اور اس قلعہ سنگین کی فصیل ٹوٹ پڑی۔ تب اس وکیل نے راجے کو اطلاع کی راجا نے کہا: ''تم تھوڑے سے آدمیوں کی دعا سے ایسا پہاڑ جڑ سے اکھڑ گیا' تمہارے بادشاہ جو ظلم کرتے ہیں' اسی باعث خلق کی بددعا سے ان کی عمر نہیں بڑھتی۔''

بواسیر کے مسوں کیلئے آزمایا تیل

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری کا شمارہ مئی 2011ء کے صفحہ نمبر 7 پر ''بواسیر کے مسوں کیلئے'' ایک باکس شائع ہوا تھا کہ 50 گرام غیر مدبر کچلہ لے کر ایک پاؤ روغن ارنڈی میں جلالیں۔ پھر تیل چھان لیں رات کو مسوں پر چند دن لگائیں تمام خشک ہوجائیں گے' تیل کے ساتھ اگر کوئی بواسیر کی دوائی کھا رہے ہیں تو جاری رکھیں۔ حکیم صاحب! آپ یقین کریں میں نے مذاق مذاق میں یہ دوا بنائی اور کسی کو دی تو اللہ تعالیٰ نے اسے شفا دی اس نے دوسرے کو بتایا پھر اس نے آگے کسی کو بتایا اس طرح اب میں اس حوالے سے بہت مشہور ہوگیا ہوں' یہ تیل امریکہ تک بھی گیا ہے اور وہاں بھی بہت سے مریض اللہ تعالیٰ کی کرم نوازی سے صحت یاب ہوگئے ہیں۔ اس تیل کا رزلٹ 98 فیصد ہے۔ میں تیل فی سبیل اللہ دیتا ہوں۔ (ہمایوں اشرف' ملتان)

آپ کا سوال ـــ حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ 2۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ' یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ' بےچینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔ 3۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔ 4۔ مستقل پڑھیں' جلدی نہ کریں۔ 5۔ تمام گھر والے پڑھیں' ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ 6۔ بعض جادو' جنات' بندشیں' اثرات' مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ 7۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ 8۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

شہلا ارم' کراچی۔ مشتاق احمد' فیصل آباد۔ ثناء اللہ' پشاور۔ قاری عرفان اللہ' گلگت۔ مسز غلام رسول' واہ کینٹ۔ افتخار احمد' چکوال۔ انجم خورشید' فیصل آباد۔ سعیدہ حفیظ' جہلم۔ نویلہ پرویز۔ ذکیہ' لاہور۔ حفصہ مہرین۔ عبدالباریہ' اوکاڑہ۔ محمد ریاض راجہ' راولپنڈی۔ ابرار علی' راولپنڈی۔ شیفا رحمٰن۔ ناصر اقبال۔ احمد عظیم۔ سعدیہ بشیر' ہری پور۔ رحیمہ گل' پشاور۔ صبیحہ بی بی' لاہور کینٹ۔ ارشد محمود۔ عشرت یاسمین' لاہور۔ محمد پرویز احمد' واہ کینٹ۔ افشین اعوان' لاہور۔ فرخندہ جبین' لاہور۔ محمد عمران' فیصل آباد۔ محمد ذوالقرنین' مظفر گڑھ۔ ام کلثوم۔ نادیہ۔ ن' کوئٹہ۔ نورالٰہی خان' ساہیوال۔ ہ' بی بی' کراچی۔ محمد اظہر سلیم' گجرات۔ بنت امانت علی' لاہور۔ فرحت' سیالکوٹ۔ نادیہ۔ رانا کامران' بہاولپور۔ چاند محمد' کراچی۔ گل احمد' کراچی۔ مہوش' لاہور۔ سید خالد حسین' لاہور۔ سید خالد حسین' لاہور۔ صائمہ تبسم' لاہور۔ حمیرا شعیب' گوجرانوالہ۔ حمزہ خان' سندھ۔ ثمینہ ناز' سندھ۔ احمد اللہ' چشتیاں۔ عروسہ۔ کوثر' لاہور۔ لدیفاں بی بی' لاہور۔ فوزیہ' فیصل آباد۔ انور قیوم' راولپنڈی۔ تاہد بشیر' راولپنڈی۔ انیلا ناز' لاہور۔ شعیب قیصر' لاہور۔ محمد نوید اختر' راجن پور۔ اشفاق علی خان' لاہور۔ فرحان احمد' کراچی۔ غزالہ نعیم' کراچی۔ شمائلہ طارق' لاہور۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

سورۂ اخلاص کا عمل: دو رکعت نماز نفل پڑھیں اس کی ہر رکعت میں 101 بار سورۂ اخلاص پڑھیں دوران نفل ہاتھ میں تسبیح لے سکتے ہیں لیکن تسبیح صرف نوافل کیلئے ہے فرائض کیلئے نہیں۔ دو نفل پڑھنے کے بعد سجدے میں گر کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں پھر سجدے سے اٹھ کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں' پھر سجدے میں گر کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں' پھر سجدے سے اٹھ کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ اسی طرح گیارہ سجدے کرنے ہیں اور ہر سجدے میں گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھنی ہے اور اٹھ کر بھی گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھنی ہے۔ اس کے بعد گیارہ دفعہ کوئی سا بھی استغفار پڑھنا ہے اس کے بعد گیارہ دفعہ درود ابراہیمی پڑھنا ہے اور گیارہ منٹ کم از کم انتہائی زاری کے ساتھ اپنے مقصد کیلئے دعا کرنی ہے۔ **یہ عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔**

کامل علی' سیالکوٹ۔ شیخ جبار حسین' راولپنڈی۔ راحیلہ۔ محمد شریف۔ شمیم اختر' لاہور۔ نجمہ' منڈی بہاؤالدین۔ عالم شیر خان' گجر خان۔ ق۔ م' حکیم۔ نورین' نوشہرہ واہ کینٹ۔ ریحانہ کوثر۔ آمنہ' فیصل آباد۔ عابدہ صدیقی۔ شفیع محمد' کنڈیارو۔ ص (ر)۔ عامر' اسلام آباد۔ محمد زعیم شریف' ملتان۔ سکینہ بیگم۔ نوشین۔ محمد سلیم' ملتان۔ شہناز اکرم' گجرات۔ جاوید اختر' کراچی۔ میانداد خان' کراچی۔ ام کلثوم' لاہور۔ ثریا بیگم' اسلام آباد۔ سید محمد الیاس' گجرات۔ ملک اشتیاق احمد' گجرات۔ اعجاز احمد۔ آمنہ جاوید۔ فرزانہ جبین' تلہ گنگ۔ حنا رفیع' ملتان۔ ا' ک' م' لاہور۔ ثمینہ' بہاولپور۔ محمد سلیم قیوم' لاہور۔ ثمن جمیل' لاہور۔ اریبہ جمیل۔ بنارس خان' کراچی۔ عمران صدیق' پشاور۔ رشید احمد۔ کاکا۔ محمد ادریس' ایبٹ آباد۔ کشور ساجد' راولپنڈی۔ رسول بخش' کراچی۔ شازیہ بشیر' گجرات۔ جنید اختر' اٹک۔ ہارون الرشید جان' نوشہرہ۔ چوہدری محمد اقبال' پشاور۔ سحر عباس۔ وصال محمد' پشاور۔ کلثوم' حیدرآباد۔ مسرت' وزیر آباد۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

یَاقَهَّارُ کے خاص الخاص عمل کا طریقہ: کچا برتن' پرات یا کوئی لوہے کا تھال نما برتن لے کر پانی سے بھر لیں۔ چارپائی پر بیٹھ کر اس میں اپنے پاؤں ڈبو لیں۔ اگر گرمی ہے تو پانی ٹھنڈا ہو اور اگر سردی ہو تو گرم پانی میں پاؤں ڈبو لیں' پاؤں ڈبونا بہت ضروری ہے اور باوضو بیٹھ کر آپ گیارہ سو بار یَاقَهَّارُ پڑھیں اور تصور کریں جس جادو سے' جس گناہ سے' جس عیب سے' جس بدکاری سے' یا شراب اور جوئے اور نشے سے نجات آپ چاہتے ہیں یا کسی کو دلانا چاہتے ہیں۔ اپنے لیے بھی پڑھ سکتے ہیں کسی کا تصور کر کے بھی پڑھ سکتے ہیں۔ وہ پڑھنا شروع کر دیں۔ روزانہ ایک وقت مقرر ہو' قبلہ رخ بیٹھ کر' پانی روز بدلنا ہے' اس پانی کو گرا دیں۔ اس وظیفہ کو روز پڑھنا ہے' گیارہ دن' اکیس دن' اکہتر دن' اکانوے دن۔ آپ پڑھیں۔ صبح و شام پڑھنا چاہیں تو فائدہ زیادہ ہوگا ورنہ ایک وقت بھی پڑھ سکتے ہیں۔ **یہ عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔**

ارم ضمیر۔ شاہد حسین' اسلام آباد۔ شاہد اقبال۔ خالدہ یاسمین' کراچی۔ مرید سلطان' فیصل آباد۔ ادیبہ' گجرات۔ امتیہ فردوس' گوجر خان۔ محمد اسلم۔ ناظمہ فراز۔ محمد سلمان ناری' ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ ثمینہ نعیم' بھکر۔ سامعہ' لاہور۔ نصرت یاسمین' چکوال۔ مصباح بنارس' راولپنڈی۔ فیض بتول۔ طارق مسعود۔ محمد منیب انور' بہاولپور۔ محمد منیر منور' فیصل آباد۔ کاشف لیاقت' لاہور۔ کرن' واہ کینٹ۔ عذرا بی بی' چکوال۔ نسرین بی بی' لیہ۔ رضا خالد' سیالکوٹ۔ صائم ڈار' سیالکوٹ۔ ثاقب محمود۔ امیر اسلم خان' لکی مروت۔ شمع' حیدرآباد۔ انیلا تبسم' سیالکوٹ۔ نوید خالد' سیالکوٹ۔ سعدیہ خالد' سیالکوٹ۔ مسز عامر۔ جہانگیر خالد' سیالکوٹ۔ مشتاق احمد' وہاڑی۔ عائشہ رضوی' لاہور۔ فیصل مسعود' اوکاڑہ۔ عبدالحمید اکرم' لاہور کینٹ۔ شمیم اختر' لاہور کینٹ۔ عمران خان' واہ کینٹ۔ بنیامین خان' کوہاٹ۔ ثوبیہ نورین۔ نصرت جہاں' ساہیوال۔ محمد علی شاہ' ڈی جی خان۔ عبدالرحمٰن' نواب شاہ۔ صائمہ رضوان' لاہور۔ رخسانہ' فیصل آباد۔ فائزہ فاطمہ' کراچی۔ فرزانہ نذیر' صادق آباد۔ فیروز الدین' سکھر۔ جاوید اختر' نارووال۔ محمد مرتضیٰ اطہر' سرگودھا۔ نعیمہ' دینہ۔ مظہر حسین۔ مہناز بیگم' اسلام آباد۔ عمرانہ ناز' اٹک۔ محمد اصغر' بہاولنگر۔ خالد

مجید' کراچی۔ شفیق احمد' سکھر۔ محمد عبداللہ یونس' لاہور۔ عبدالغفور' کراچی۔ محمد افضل رفیق رحمانی' کامرہ اٹک۔ محمد ناصر۔ سندس خالد' اسلام آباد۔ شاہ گل۔ منور حسین شاہ۔ فہمیدہ۔ شمشاد بیگم' گجرات۔ محمد رئیس قریشی' کراچی۔ خالف نور' راولپنڈی۔ رضیہ نثار' اسلام آباد۔ فیصل کامران' چکوال۔ سید سجاد عنایت احمد' راولپنڈی کینٹ۔ نائیلہ' گوجرخان۔ مقصود الٰہی ہری پور ہزارہ۔ عبدالمنعم' سرگودھا۔ محمد بلال' خانیوال۔ شاہدہ اقبال' حیدرآباد۔ مسز طارق۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

3۔ **اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ** کا نادر النادر وظیفہ: دو رکعت نماز نفل حاجت کی نیت سے پڑھیں اور اس میں ثناء کے بعد سورۂ فاتحہ شروع کریں جب **اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ** پر پہنچے اس کو بار بار دوہرائیں اور اتنا دوہرائیں' اتنا دوہرائیں کہ تین سو، چار سو، دو ہزار، تین ہزار کی تعداد میں اس کو دوہرا اگر کھڑے ہو کر نفل پڑھ لیں تو سعادت اگر کھڑے نہیں ہو سکتے تو بیٹھ کر پڑھ لیں۔ جتنا کریں گے اتنا کمال پائیں گے۔ **یہ عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔**

محمد حامد یونس' لاہور۔ ثریا بیگم' حضرو۔ حق داد خان' پشاور۔ صغراں بی بی' ساہیوال۔ نوید حسین شاہ' راولپنڈی۔ گل شیر' ملتان۔ ساجدہ پروین' لالہ موسیٰ۔ معظمہ النساء۔ عیش محمد' لاہور۔ سعیدہ' کراچی۔ عمر فیاض۔ صاحبزادہ فیصل مشتاق' اٹاوالی۔ عقیلہ جبیں' گوجرانوالہ۔ عشیہ سرفراز' لائبہ سرفراز' واہ کینٹ۔ شازیہ' کراچی۔ شازیہ ممتاز' کراچی۔ فاطمہ بی بی' اٹک۔ فخرالدین۔ شبیر احمد' ملتان۔ سعدیہ۔ تمیرا فرحین۔ محمد امین' گوجرانوالہ۔ غلام حسنین' اسلام آباد۔ حافظ عبدالرؤف' ڈیرہ اسماعیل خان۔ محمد اسلم' لاہور۔ ثروت پروین' منڈی بہاؤالدین۔ سمیعہ فیاض' مظفرگڑھ۔ نسرین طاہرہ۔ ح،س،ا' کراچی۔ فیصل کامران' چکوال۔ شگفتہ شاہین۔ اقصیٰ محمود۔ شہناز' کراچی۔ یاسمین اختر' کوٹلی۔ فاطمہ اخلاق' لاہور۔ محمد عمران' ڈیرہ اسماعیل خان۔ نادرہ احسن' لاہور۔ فرزانہ کوثر' صادق آباد۔ افتخار حسین۔ روبی جاوید' لاہور۔ فوزیہ مغل' بہاولپور۔ الیاس احمد' کراچی۔ محمد سہیل طارق' راولپنڈی۔ بشریٰ تبسم' راولپنڈی۔ عماد الحق۔ نذیر السبیلہ۔ محمد اسلم' باغ۔ غلام محمد' پشاور۔ ینبیٰ زہرہ۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

شریر جنات سے حفاظت کا خاص الخاص عمل: آپ رات کے بارہ بجے کے بعد یعنی آدھی رات کے بعد (اگر چاہیں تو دن کے وقت بھی پڑھ سکتے ہیں) آپ دو رکعات نفل پڑھیں' نیت کرلیں حفاظت کی' دو نفل پڑھنے کے بعد پہلے تین دفعہ درود ابراہیمی پڑھیں پھر ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھیں جب پہنچیں **وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ** اس کی بہت زیادہ تکرار کریں۔ اتنے وجدان سے تکرار کریں کہ آپ کو پسینہ آجائے آپ کا جسم شرابور ہو جائے اور حفاظت کے نظام کا تصور کرتے ہوئے اس کی تکرار کرتے جائیں۔

وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ. وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ. وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ. وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ. وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ...... اسے مسلسل دھراتے جائیں دھراتے جائیں جب یہ تکرار اتنا ہو جائے اتنا ہو جائے کہ آپ کو احساس ہو کہ اللہ کا نظام آپ کے ساتھ ہو گیا ہے تو اس وقت رک جائیں' پھر آپ سجدے میں چلے جائیں اور سجدے میں جا کر پھر اس کی تکرار کریں پھر سجدے میں جا کر اتنی تکرار کریں۔۔۔ اتنی تکرار کرتے ہوئے آپ کا جسم پھر پسینہ پسینہ ہو جائے حتیٰ کہ آپ تھک جائیں پھر دوسرے سجدے میں چلے جائیں پھر اس کی بہت دیر تک تکرار کریں اس کے بعد اپنے پاس تیل' شہد اور پانی کی بوتل رکھی ہوئی ہو اس پانی میں اگر زم زم کا پانی اور بارش کا پانی شامل ہو تو اور بھی اچھی بات ہے ورنہ ویسے ہی دم کردیں اور جہاں جہاں کی حفاظت کرنی ہے وہ جان ہے' اولاد ہے' دکان ہے' مکان ہے' سواری ہے اس کا تصور کرکے حصار کردیں۔ **یہ عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔**

رخسانہ بی بی' گجرات۔ ستارہ افضل' گجرات۔ اصغر' سرگودھا۔ عاصم کمال' ایبٹ آباد۔ عظمیٰ فضل۔ غلام اکبر' کراچی۔ محمد زیان شہزاد' فیصل آباد۔ رخسانہ' لاہور۔ محمد فہد' لاہور۔ ثروت پروین' راجن پور۔ غلام فرید چوہدری' ڈیرہ غازیخان۔ آصف امیر' لاہور کینٹ۔ مرشد گل' ایبٹ آباد۔ عصمت طاہرہ' بہاولنگر۔ سیدہ شائستہ جبیں۔ محمد اویس' سیالکوٹ۔ تابندہ ستار' گوجرہ۔ عظمت سعید' گوجرانوالہ۔ ایم زاہد' ملتان۔ فوزیہ مظفر' کراچی۔ غلام یاسین' سکھر۔ ساجدہ پروین' لاہور۔ پروین رانی' لاہور۔ سید شاہد حسین شاہ' ساہیوال۔ محمد اسد' کراچی۔ محمد ارشد' لاہور۔ فضائلہ عروج' مظفرگڑھ۔ نگہت' گوجرانوالہ۔ رخسانہ شہباز' گوجرانوالہ۔ محمد علی' اٹک۔ فاخرہ تبسم' لاہور۔ راشدہ انصاری' کراچی۔ رمیض فرید' ملتان۔ محمد یعقوب بھٹی' راولپنڈی۔ راحمہ اسحاق' راولپنڈی۔ میمونہ عشرت' گوجرخان' مہوش رحمان' عبیدالرحمان' نوشہرہ۔ جہاں زیب' مریدکے۔ پروین اسد' بورے والا۔ سیماب۔ آمنہ' فیصل آباد۔ شاہدہ بتول' سرگودھا۔ عبدالخالق' کراچی۔ محمد اشرف بھٹی' اسلام آباد۔ روبینہ طارق' واہ کینٹ۔ نگہت فیاض' راولپنڈی۔ ماریہ توقیر۔ شیخ محمد عاطف' اسلام آباد۔ فرح ناصر۔ ظفر اقبال' سرگودھا۔ کامران سرور' لاہور۔ عدنان سخاوت' راولپنڈی۔ محمد اویس' پشاور۔ ام عبداللہ' گوجرانوالہ۔ انعم زرین' چکوال۔ عبدالغفار' ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ فاطمہ حسین۔ سرفراز احمد' سیالکوٹ۔ فرح ناز' کراچی۔ عمران احمد' لاہور۔ اشتیاق احمد' گجرات۔ ثوبیہ منظور' کوہاٹ۔ وقاص ستار' مظفرگڑھ۔ اب ح' لاہور۔ ریحانہ کوثر' بہاولنگر۔ احسان اللہ' گجرات

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

ایک دفعہ کلمہ پڑھیں اور جب **محمد رسول اللہ** پر پہنچے تو اس کو لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں۔ یہ ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں' وضو ناوضو' پاک ناپاک۔ **یہ عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔**

قارئین کی موصول شدہ منتخب تحریریں

محمد عبداللہ گل' علی پور۔ محمد رحمن جگنو' لاہور۔ وحید تبسم' سندری۔ م۔ا' لاہور۔ فیاض احمد قریشی' پشاور۔ کلیم اللہ انصاری' کراچی۔ احسان الحق' لاہور۔ غلام اکبر' چکوال۔ عظمیٰ اعجاز' لاہور۔ محمد طیب فاروق' ایبٹ آباد۔ ڈاکٹر ثمینہ۔ م۔ا' ہزارہ۔ اہلیہ محمد صدیق' چکوال۔ ڈاکٹر محمد اشرف' گوجرانوالہ۔ محمد اعجاز' تلہ گنگ۔ ظفر علی شاہ' سیالکوٹ۔ غوری برادرز' لاہور۔ انیس' لاہور۔ محمد سلیم' فیصل آباد۔ شفاعت حسین' لاہور۔ طاہرہ ظفر' لاہور۔ سہیل احمد' ملتان۔ غلام حسین' خانیوال۔ محمد شاہد' میلسی۔ فقیر محمد' ٹوبہ۔ محمد علیم' لاہور۔ امجد حسین' اسلام آباد۔ شمیم المظفر' کراچی۔ محمد شعیب' کوئٹہ۔ نازیہ احسان' کراچی۔ مرزا رضا کریم۔ محمد صفی اللہ' اٹک۔ محمد وقاص' لاہور۔ قاری صداقت حسن' گجرات۔ سلمیٰ عروج' جہلم۔ آصف ندیم' راولپنڈی۔ نصرہ نثار' اسلام آباد۔ محمد راشد' سیالکوٹ۔

چولہے پر معمول کا کام کرتے وقت جو بھاپ پتیلی سے اٹھے اس سے منہ سینکیں اور تولیے سے صاف کرلیں وائٹ سیڈز کا خاتمہ ہوجائے گا۔

سالہا سال پرانا کمر درد صرف 30 دن میں ٹھیک

یہ تقریباً سوا سال پہلے کی بات ہے کہ مجھے بائیں ٹانگ میں درد ہوا اور پھر وہ چند ہی روز میں بڑا شدید ہوگیا کہ میرا اٹھنا' بیٹھنا' چلنا سب بہت دشوار ہوگیا تو میں نے اپنے شہر کے بڑے مشہور حکیم کو دکھایا تو اس نے بتایا کہ عرق النساء کا درد ہے۔

(محمد لطیف' اسلام آباد)

میری بیٹی میڈیکل کالج میں ایم بی بی ایس سال دوم کی طالبہ ہے' عبقری کی برکت سے طب کا کچھ شوق پیدا ہوگیا ہے' اللہ کریم کے فضل و کرم سے عبقری کے نسخہ جات آخری علاج تصور کرتا ہوں کہ ان پر تصدیق کس کی ہے' ایک ولی کامل کی۔۔۔

میری بیٹی کے کانوں میں انفیکشن ہوگیا' پیپ پڑگئی' اس نے ای این ٹی کو چیک اپ کروایا' اینٹی بائیوٹک اور کان کے ڈراپ استعمال کیے لیکن اس کو صحیح سنائی بھی نہیں دیتا تھا۔ پیپ بھی ختم نہیں ہوئی کبھی کہ ابو آرام نہیں ہے اور سنائی بھی نہیں دیتا۔ پیپ بھی برابر جاری تھی۔ میں نے اس کو کہا کہ بہ نیت شفاء وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پیو اور ساتھ ہی میرے طبی رازوں کا خزانہ کے صفحہ 181 پر ''**کان کے جملہ امراض کا مجرب ٹوٹکہ**'' کے مطابق لیموں کا رس ایک چمچ لیں اور اس میں ایک بھری ہوئی چٹکی میٹھے سوڈے کی ڈالیں گھول کر وہ ڈراپر میں ڈال کر کان میں ڈالنے سے پہلے اس کو ہلائیں اور وہ کان میں ڈالیں' دن میں تین دفعہ' تین قطرے۔ چند دن ایسا کریں' چند دن یا چند ہفتے۔ میری بیٹی نے صرف صبح و شام استعمال کیا۔ پیپ ختم ہوگئی اور بند کان کھل گیا۔ ٹھیک سنائی دینے لگا جو کان مہنگی اینٹی بائیوٹک اور ڈراپر سے ٹھیک نہ ہوسکا وہ لیموں کے رس اور چٹکی میٹھے سوڈے سے ٹھیک ہوگیا۔ کان کا درد کتنا پرانا اور لاعلاج ہو' ریشہ ہو' کان دکھتا ہو' پیپ ہو اور کان کی کسی بھی قسم کی تکلیف ہو' لاجواب چیز ہے' استعمال کریں اور دعائیں دیں۔ کان کے امراض کیلئے سوپر اینٹی بائیوٹک دوا ہے۔

ہیضہ کا آسان علاج

ہیضہ کسی قسم کا ہو یہی دوائی آٹھ دس قطرے ہینگ والے مریض کو پلاتے رہیں' ہیضہ اللہ کریم کے فضل و کرم سے فوراً ختم ہوجائے گا۔

لاکھوں کا نسخہ صرف دو سو میں

(سید عامر علی شاہ' سکھر)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میری آپ سے شناسائی کے بعد میری زندگی کا سب سے بڑا مسئلہ حل ہوا جس کی وجہ سے میرے دل میں آپ کیلئے بے پناہ عزت ہے۔

میری تعلیم بی ایس سی ہے اور میں ایک موٹر مکینک ہوں' میری اپنی ایک دکان ہے' جہاں ایک اخبار والا اخبار دے کر جاتا ہے' آج سے تقریباً دو سال پہلے وہی اخبار والا اخبار دینے آیا تو میری نظر اس کے پاس رکھے ہوئے رسالے عبقری پر پڑی تو میں نے یونہی اس سے وہ خرید لیا اور جب گھر آکر پڑھا تو مجھے وہ بہت اچھا لگا تو میں ہر مہینے اس سے وہ لیتا رہا۔

یہ تقریباً سوا سال پہلے کی بات ہے کہ مجھے بائیں ٹانگ میں درد ہوا اور پھر وہ چند ہی روز میں بڑا شدید ہوگیا کہ میرا اٹھنا' بیٹھنا' چلنا سب بہت دشوار ہوگیا تو میں نے اپنے شہر کے بڑے مشہور حکیم کو دکھایا تو اس نے بتایا کہ عرق النساء کا درد ہے' اڑھائی مہینے ان سے دوائی لیتا رہا' پر کوئی فرق نہ پڑا' میرا اپنی دکان پر جانا بھی بہت کم ہوگیا جس کی وجہ سے کام بہت متاثر ہوا' پھر میں نے ڈاکٹروں کو دکھایا تو انہوں نے کہا کہ آپریشن ہوگا ڈسک میں مسئلہ ہے' رگ دب گئی ہے' میں بڑا پریشان تھا' آپریشن میں کرانا نہیں چاہتا تھا کہ اس سے اور مسائل پیدا ہوجائیں گے۔ والد کو بھی بتایا تو انہوں نے اپنے کسی دوست سے ذکر کیا تو اس نے ایک تیل کی بوتل منگوا کر دی۔ جب میں نے وہ دیکھی تو وہ آپ کا ''کراماتی تیل'' تھا یہاں میں آپ کو بتاتا چلوں کہ آپ کا رسالہ پڑھتا تو ضرور تھا پر دوائی کے بارے میں نہ دلچسپی تھی نہ کوئی اتنا زیادہ یقین۔۔۔!

تو میں نے ان سے وہ بوتل لی اور آپ کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق لگانا شروع کردی اور اس کے ساتھ (تسکین درد) نامی گولیاں جو ہر ہومیو پیتھک سٹور سے ملتی ہے' وہ بھی کھاتا رہا' صرف ایک مہینے میں میرا درد 95 فیصد اللہ کے فضل سے ختم ہوگیا اور پھر میں نے اس کا استعمال چھوڑ دیا۔ یقین کریں' میرے دل سے آپ کیلئے بہت دعائیں نکلتی ہیں۔ میں نے اس درد کی وجہ سے ڈاکٹروں اور حکیموں میں 25 سے 30 ہزار برباد کردیا تھا لیکن پھر بھی کوئی فرق نہیں' پڑا تھا لیکن آپ کا ''کراماتی تیل'' جو صرف دو سو روپے کا ہے اس سے مجھے اللہ نے شفاء دی' میں نے جس کو بھی بتایا وہ حیران ہوا' اب بھی اکثر لوگ میرے پاس آتے ہیں' پوچھنے کیلئے کہ تمہارا درد کیسے صحیح ہوا تھا تو میں آپ کے رسالے کے بارے میں اور کراماتی تیل کے بارے میں بتا دیتا ہوں۔ یہ لاکھوں کا نسخہ ہے جو آپ صرف دو سو روپے میں لوگوں کو دے رہے ہیں اور خلق خدا کی خدمت کر رہے ہیں' اللہ آپ کو اس کا اجر دے۔ آمین!

ریڑھ کی ہڈی کے مہروں اور ڈسک پرابلم کیلئے

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک نسخہ ریڑھ کی ہڈی کے مہروں' ڈسک پرابلم اور جوڑوں کے درد اور اعصاب کی تقویت کیلئے حاضر ہے۔ **ھوالشافی:** اسگندھ کی تازہ جڑیں لیکر تقریباً ایک کلو دھو کر مٹی وغیرہ سے اتار لیں اور دو انچ کے ٹکڑے کرکے چار کلو پانی میں بھگودیں اور بیس گھنٹے بعد اسے چولہے پر چڑھا دیں جب شربت کی شکل اختیار کرلے تو تین تین چمچ دودھ نیم گرم پانی میں ڈال کر صبح و شام استعمال کریں۔ ان شاء اللہ فائدہ مند چیز ہے مجرب ہے۔

لکنت' بلڈ پریشر' الرجی اور خارش کیلئے آزمایا نسخہ

ستیاناسی بوٹی تازہ کا دودھ دو تین قطرے صبح نہار منہ زبان پر ملنا لکنت والے کیلئے بے حد مفید ہے۔ ستیاناسی بوٹی کی جڑ اور اس کا چھلکا تقویت اعصاب کیلئے مفید اور مجرب ہے۔ ستیاناسی بوٹی کے بیج ایک تا دو رتی صبح نہار منہ کھانا بلڈ پریشر' الرجی اور خارش کیلئے بھی مفید و مجرب ہے۔

(ماسٹر محمد اکرم' خانیوال)

شوگر کیلئے کامیاب و نادر نسخہ

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کی کتاب ''شوگر کا کامیاب علاج'' کا مطالعہ کیا اس میں ایک نادر اور کامیاب نسخہ آپ نے لکھا ہے جو کچھ یوں ہے:۔ **ھوالشافی:** گوند کیکر' کلونجی' تمہ خشک' تخم سرس تمام سو سو گرام۔ مرجان دس گرام' سچے موتی تیس گرام' کستوری پانچ گرام' عنبر پانچ گرام' ابرک دس گرام۔ ان کو کوٹ پیس کر پھکی بنالیں۔ مجھے تقریباً بیس بائیس سال سے شوگر ہے' یہ نسخہ میں نے خود بھی استعمال کیا اور دوسرے کئی مریضوں کو استعمال کیا انہیں بے حد فائدہ ہوا۔ (ڈاکٹر خورشید احمد شیخ' کراچی)

23

منہ میں چند قطرے زیتون کے فائدے

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں' آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

ڈینٹل میڈیکل یعنی دانتوں کی سائنس یہ کہتی ہے کہ جسم سے اٹھنے والی نوے فیصد بیماریوں کا تعلق ہمارے منہ سے ہے اور یہ بات واقعی ٹھیک ہے ہم منہ سے کھاتے ہیں' پیتے ہیں' چباتے ہیں اور منہ ہی سے زیادہ یا غلط کھا کر بیمار ہوتے ہیں انسان بیمار اس وقت ہوتا ہے جب منہ کا پرہیز نہ کرے آپ ساری غذائیں با پرہیز کھالیں' پھر بھی آپ کو منہ کی طرف توجہ ضرور کرنی ہوگی۔ کیوں؟ اس کی وجہ یہ ہے بقول ایک دانشور کے جو لوگ کھانے کے بعد خلال کرتے ہیں وہ شوگر' بلڈ پریشر' ٹانسلز' موٹاپا' جوڑوں کے درد اور اعصابی کھچاؤ اور جسمانی تھکاوٹ اور ٹینشن سے محفوظ ہوجاتے ہیں۔ یہ سو فیصد حقیقت ہے' خلال ایک مستقل سنت ہے۔ سنت حرف آخر ہوتی ہے' سائنس کی ہر تحقیق حرف آخر نہیں' قیامت تک سنت پر ریسرچ ہو رہی ہے اور ہوتی رہے گی۔ میں قارئین کو ایک تجربہ اور مضبوط مشاہدہ دینا چاہتا ہوں کہ اگر آپ صحت' تندرستی اور دانتوں کی عمر سو سال سے زیادہ چاہتے ہیں اور آپ کے دانت آپ کا ساتھ دیں' آپ کی صحت وتندرستی میں آپ کو ہمیشہ تر وتازہ رکھیں اور صحت مند رکھیں تو پھر آپ ایک چیز میری مان لیں اور وہ یہ ہے کہ خلال کا استعمال اپنی مجبوری اور اپنی ضرورت بنالیں۔

میں نے ایک ڈینٹل سرجن کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ صبح ناشتے کے بعد برش دوسروں کیلئے کرو یعنی تمہارے منہ سے بدبو نہیں آئے گی اور رات کو برش اپنے لیے کرو کہ تمہارے دانتوں سے بیماریاں جسم میں داخل نہیں ہوں گی۔ یوں دانت بھی محفوظ اور جسم بھی محفوظ لیکن برش بھی ہمارے دانتوں کو سو فیصد صاف نہیں کرتا بلکہ وہ بھی اوپر کے حصے کو صاف کرتا ہے جبکہ نیچے اندر سے دانتوں کی صفائی نہیں ہوتی۔ خلال واحد چیز ہے جو دانتوں کو بہت ہی اندر سے صاف کرتا ہے' خلال کبھی لوہے' پیتل' تانبے کا نہ ہو بلکہ ہمیشہ تنکا اور لکڑی کا ہو کیونکہ اس کا دانتوں پر بہت اثر پڑتا ہے اور خلال تیز دھار نہ ہو ایک صاحب میرے پاس تینتیس سال پرانے معدے' آنتوں اور جگر کی کئی بے شمار خطرناک امراض میں مبتلا آئے میں نے انہیں مختصر دوائیں تجویز کیں لیکن دو چیزوں کی خصوصی تاکید کی اور ساتھ یہ بھی کہا کہ یہ دو چیزیں آپ کا علاج بھی ہے صحت مندی بھی ہے اور شفایابی بھی۔ پہلی چیز یہ ہے کہ آپ اپنی جیب میں خلال رکھیں اور کھانے کے بعد مستقل صرف ایک منٹ آپ خلال کریں اور دوسری چیز رات کو سوتے وقت خلال کرکے برش یا مسواک ضرور کریں اور اس کے بعد آپ زیتون کے تیل کے تین قطرے اپنی زبان پر ڈال کر اس زبان کو پورے دانتوں پر مل لیں۔ بس! یہ اس وقت کریں جب آپ اس کے بعد نہ کچھ کھائیں نہ پئیں بلکہ سو جائیں۔ سائنس کی آخری ترقی اس بات کو مان گئی ہے کہ جس زیتون کی اللہ نے قسم اٹھائی ہے وہ آج دنیا کا بہترین اینٹی بائیوٹک اور اینٹی سیپٹک یعنی اس سے بڑا جراثیم کش کوئی اور لوشن ہو نہیں سکتا۔

جب ہم سوتے ہیں تو ہمارے غذائی ذرات متعفن ہوکر جراثیم بیکٹیریا اور وائرس کی شکل اختیار کرلیتے ہیں یہی جراثیم جسم کی خطرناک بیماریوں اور پریشانیوں میں مبتلا ہونے کا ذریعہ بنتے ہیں اور ان جراثیموں کی وجہ سے جسم طرح طرح کی خطرناک بیماریوں میں مبتلا ہوجاتا ہے۔

ہم جب سوتے ہیں تو ہمارے غذائی ذرات متعفن ہوکر جراثیم بیکٹیریا اور وائرس کی شکل اختیار کرلیتے ہیں یہی جراثیم جسم کی خطرناک بیماریوں اور پریشانیوں میں مبتلا ہونے کا ذریعہ بنتے ہیں اور ان جراثیموں کی وجہ سے جسم طرح طرح کی خطرناک بیماریوں میں مبتلا ہوجاتا ہے اور یہ بیماریاں انسانی جسم کو اتنا نڈھال کردیتی ہیں کہ انسان کو احساس بھی نہیں ہوتا کہ میری بیماری کی اصل بنیاد کیا ہے' حالانکہ اس کی بیماری کی اصل بنیاد دانت ہوتے ہیں اور دانتوں کی نگہداشت نہیں ہوتی۔ بڑے بڑے سمجھدار لوگ اس پہلو کی طرف کوئی توجہ نہیں کرتے۔ میں ایک اخباری دنیا کے نہایت مشہور کالم نگار سے ان کی علاج معالجے کے سلسلے میں گفتگو کررہا تھا۔ انہوں نے بے ساختہ جیب سے نوٹ نکالا اور اس کو دانتوں کی طرف لے جانے لگے شاید کھانے کے بعد ان کے دانتوں میں کوئی خوراک کا ذرہ اٹکا ہوا ہوگا' میں نے ان کا ہاتھ وہیں پکڑ لیا اور بہت پیار سے ان کے ہاتھ سے بیس روپے کا نوٹ لے لیا اور ان کی جیب میں ڈال دیا اور میرے قریب ایک خلال ٹوتھ پک پڑا تھا وہ میں نے انہیں دے دیا کہ اس نوٹ کو طرح طرح کے ہاتھ اور طرح طرح کے ماحول سے گزرنا ہوتا ہے اور اس میں بہت طاقتور جراثیم ہوتے ہیں۔ میری بات پر وہ صاحب چونک پڑے کہنے لگے اوہ! میں نے خیال ہی نہیں کیا' میرے سامنے کوئی کاغذ پڑا ہو' نوٹ ہو میں اسی سے گزارا کرلیتا ہوں۔ نامعلوم مجھے کیا سوجھی۔۔۔! میں نے ان کے تمام دانت چیک کیے حالانکہ میں ڈینٹل سرجن نہیں ہوں لیکن میں نے کچھ تھوڑی سی طب پڑھی ہے اور طب کی کتب تالیف کی ہیں تو میں نے ان سے کہا آپ کے دل کی بیماری کی بنیادی وجہ آپ کے صرف دانت ہیں جن سے پیپ رس رس کر آپ کو دل کا اور معدے کا مریض بنادیا ہے۔ وہ میری طرف جن نگاہوں سے دیکھنے لگے وہ نگاہیں متنازعہ تھیں ان میں حیرت بھی تھی اور حقارت بھی۔۔۔ کیونکہ وہ اس سے پہلے اندرون بیرون ملک بڑے بڑے ڈاکٹروں سے ملاقات کرچکے تھے۔ میں ان کی آنکھوں سے حیرت اور حقارت کو بھانپ گیا۔ میں نے کہا ٹھیک ہے! آپ کو میری بات سمجھ نہیں آئی آپ کچھ عرصہ کیلئے میری صرف دو باتیں آزمائیں! اگر افاقہ ہوجائے تو ٹھیک ورنہ آپ کی حیرت تو بے جا نہ ہوگی لیکن حقارت بری ہوگی۔

کہنے لگے کیا بات؟ انہیں یہی دو چیزیں ہر کھانے کے بعد خلال اور سوتے وقت چند قطرے زیتون کے تیل کے منہ میں ڈال کر زبان سے اس سے مل لیں اور سو جائیں جن لوگوں نے یہ ٹوٹکہ لیا ان کے اور خود میرے اپنے مشاہدات بہت وسیع ہیں کہ یہ دانتوں کا خلال اور زیتون کے تیل کے چند قطرے مندرجہ ذیل بیماریوں سے بچاتے ہیں اگر کسی کو شک ہے تو میری تحریر پڑھنے کے بعد کچھ عرصہ کرے ضرور۔۔۔ کچھ عرصہ اگر نہ کیا تو پھر اس کا شکوہ بے جا ہوگا۔

1۔ مسوڑھے اور دانتوں کی کمزوری' خون آنا' یا منہ سے بدبو آنا۔ 2۔ نظر اور یادداشت اور بے اثر اور اس کی کمزوری۔ 3۔ دل کی بیماریاں اور خاص طور پر ہائی بلڈ پریشر اور دل کی تھیلی میں پانی کا بھر جانا۔ 4۔ ٹینشن اور ذہنی کھچاؤ۔ 5۔ معدے کے وہ امراض جس میں انسان وقتی طور پر معدے کے سیرپ' گولیاں یا پاؤڈر کھا کھا کر عاجز آچکا ہوتا ہے۔ 6۔ جگر کی بیماریاں اور وہ بھی ایسی خطرناک جس میں عام انسانی عقل بھی ساتھ چھوڑ جائے۔ یہ چند بیماریاں ہیں ایسی جو صرف خلال اور زیتون کے چند قطروں سے ایسے جاتی ہیں کہ شاید تھیں ہی نہیں اور بڑی بات یہ ہے کہ خود آتی ہی نہیں' ان بیماریوں میں آپ اگر تھوڑی سی توجہ کرلیں کہ آپ اگر چاہتے ہیں کہ یہ بیماریاں سو فیصد چلی جائیں تو پھر یہ دو عمل آپ ضرور کیجئے کیونکہ میرے پاس خلال اور زیتون کے بہت واقعات ہیں کتنے واقعات سناؤں یقین والے کیلئے ایک بات کافی ہے' بے یقین کیلئے سو دلیلیں بھی ناکافی ہیں۔

پریشان اور بدحال گھرانوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

نفسیاتی گھریلو الجھنیں

اور آزمودہ یقینی علاج

مکمل پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ضرور بھیجیں' جواب میں جلدی نہ کریں

بیرون ملک ملازمت

میں چاہتی ہوں کہ شوہر ملک سے باہر رہیں وہ جب سے وطن واپس آئے ہیں یہاں کوئی کام نہیں کر سکے۔ جمع شدہ رقم بھی خرچ ہو رہی ہے مجھے خوف ہوتا ہے کہ بعد میں کہاں سے گزارہ ہوگا۔ میں نے انہیں اپنا زیور بیچ کر بھیجا تھا۔ دکھ ہوتا ہے کہ وہ زیور تو دوبارہ نہ بن سکا اور ملازمت بھی ختم ہوگئی۔ اگر زیور کا ذکر کیا جائے تو گھر کا ماحول خراب ہوتا ہے۔ (س، ملتان)

مشورہ: ان مشکل حالات میں بہت برداشت اور سمجھداری سے کام لینا ہوگا۔ آپ کا اصل مسئلہ اب زیور نہیں ہے بلکہ روزگار ہے۔ لہٰذا اسی موضوع پر بات کرنے کی ضرورت ہے تاکہ اصل مسئلے کا جائزہ لیا جائے۔ یہ فیصلہ آپ کے شوہر کو ہی کرنا ہے کہ وہ باہر نہیں جاسکتے تو اپنے ملک میں ہی ملازمت وغیرہ کرلیں یا پھر دوبارہ بیرون ملک ملازمت کا موقع ملتا ہے تو چلے جائیں لیکن آپ اس بات کا خیال رکھیں کہ ایک شوہر کیلئے یہ بات بہت تکلیف دہ ہوگی کہ اس کی بیوی اسے ملک سے باہر بھیجنے پر بضد ہے۔

زندگی سے مایوس

میں اپنی زندگی سے بہت مایوس ہوں' کسی بات میں سکون نہیں۔ نیند اچھی نہیں آتی۔ طب کے پیشے سے منسلک ہوں' گولڈ میڈل بھی مل چکا ہے۔ سب کہتے ہیں تم بہت ذہین ہو لیکن مجھے لگتا ہے یونہی ہمدردی کر رہے ہیں۔ بار بار خیال آتا ہے کہ شکل اچھی نہیں ہے اس وجہ سے کسی سے بات نہیں کرتی۔ ڈیپریشن کی وجہ سے ایک مرتبہ ہسپتال میں داخل ہو چکی ہوں۔ سائیکاٹرسٹ کہتے ہیں کہ مجھے دوائیں کھانی ہیں۔ مگر میری امی اور بہن کو یہ بات پسند نہیں۔ بہت مجبور ہو کر خط لکھ رہی ہوں۔ (رقیہ' گوجرانوالہ)

مشورہ: مایوسی سے ہر انسان کا واسطہ پڑتا ہے لیکن جب مایوسی شدت اختیار کر جائے اور مرض کی صورت میں لاحق ہو جائے تو اس کا علاج کروانا ضروری ہے۔ ورنہ مایوسی کی شدت جینے نہیں دیتی۔ ایک مرتبہ ڈیپریشن میں ہسپتال میں داخل ہو چکی ہیں اب دوبارہ ایسی نوبت آنے سے پہلے احتیاطی تدابیر ضروری ہیں۔ سائیکاٹرسٹ کی ہدایت کے مطابق باقاعدگی سے ادویات لیں۔ یہ کوئی لباس یا خوراک کا معاملہ تو ہے نہیں جس میں پسند ناپسند دیکھی جائے۔ یہ تو سنجیدہ مسئلہ ہے لہٰذا جب بات ذہنی صحت کی ہو تو اس میں لاپرواہی ہرگز نہیں ہونی چاہیے۔ آپ تو طب کے شعبہ سے منسلک ہیں' ادویات کی اہمیت جانتی ہوں گی۔

فیصلہ پر پریشان...!!!

میری خالہ بہت ضعیف ہیں۔ ان کے بچے ان کا خیال نہیں کرتے۔ ایک روز میں انہیں دیکھنے گئی تو انہوں نے مجھ سے سب ہی شکایتیں کیں۔ میں نے فیصلہ کرلیا کہ انہیں میں اپنے گھر لے آؤں گی اور یہ بات سب کو بتا بھی دی۔ میں سمجھی تھی کہ سب انہیں روئیں گے مگر وہ لوگ تو خوش ہو گئے۔ ادھر شوہر کو پتا چلا تو وہ سخت ناراض ہوئے کہ وہ اپنے بچوں سے کہیں اگر وہ خیال نہیں کرتے تو ہم انہیں سمجھائیں گے۔ لیکن ہمارا گھر بہت چھوٹا ہے یہاں ان کا رہنا ممکن نہیں۔ اب شوہر کی بات مانوں یا خالہ سے ہمدردی کروں۔ میں تو اپنے فیصلہ پر پریشان ہوں۔ (س ر' لاہور)

مشورہ: آپ کو اپنے شوہر کے مزاج کا علم ہوگا۔ اپنے دل کی نرمی کے باوجود ان کی اجازت کے بغیر کوئی فیصلہ کرنے سے گریز کریں اور کسی سے توقع رکھ کر بھی کوئی بات نہ کہیں' ورنہ مایوسی ہونے کا زیادہ امکان ہوگا۔ شوہر کی بات مانتے ہوئے خالہ سے ہمدردی کی جاسکتی ہے۔ وہ اس طرح کہ انہیں اپنے گھر تو نہ لائیں لیکن ان کے گھر جا کر ان کے کام آتی رہیں' وہ بھی اس طرح کہ گھر کے معاملات اور شوہر سے تعلقات میں خرابی پیدا نہ ہو۔

عادت سے پریشان

اگر کوئی مجھے دکھ پہنچاتا ہے یا میری دل شکنی کرتا ہے تو میری آنکھیں بھر آتی ہیں۔ اسی طرح اگر کوئی بھری محفل میں میری تعریف یا حوصلہ افزائی کرتا ہے تب بھی میری آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔ ایسا میرے ساتھ بچپن سے ہوتا ہے اور اب میں شادی شدہ اور ایک بچے کا باپ ہوں' اب بھی یہی عالم ہے اور اب اپنی عادت سے پریشان ہوں۔ (علی' کراچی)

مشورہ: آپ بہت حساس طبع معلوم ہوتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ اپنے احساسات اور جذبات پر بھی قابو نہیں۔ اسی لیے ذرا سی بات پر آنسو نکل آتے ہیں۔ آئندہ جب بھی کسی کی بات دل پر اثر کرتی محسوس ہو آپ اپنی توجہ دوسری جانب کرلیں۔ فارغ اوقات میں اچھی کتابوں کا مطالعہ کریں۔ قابلیت اور معلومات میں اضافے سے شخصیت میں اعتماد پیدا ہوگا۔ آپ اچھی گفتگو کر سکیں گے اور دوسروں کی حوصلہ افزائی کرنے کے قابل ہوں گے۔

ذہنی مریض

میں پچھلے پندرہ سال سے ایک لڑکی سے محبت کرتا ہوں' ہر روز بات ہوتی ہے' جب بات نہ ہو تو دیوانوں کی طرح لوگوں سے لڑتا ہوں اور وہ دن میرے لیے قیامت سے کم نہیں ہوتا۔ میں سو فیصد یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ میں اسے بھول نہیں سکتا۔ وہ کہتی ہے اب ہم دوستوں کی طرح ہیں لیکن جس سے ساری زندگی محبت کی جائے اس سے دوستوں کی طرح تو نہیں رہا جاسکتا۔ میرا دل کہتا ہے کہ وہ صرف میری ہے اور ہمیشہ میری رہے گی۔ حالانکہ وہ شادی شدہ ہے۔ (شاہد' شیخوپورہ)

مشورہ: آپ ایک شادی شدہ خاتون سے محبت کا دعویٰ کرتے ہوئے یہ بھی کہہ رہے ہیں کہ وہ ہمیشہ آپ کی رہے گی۔ یقیناً آپ خیالوں کی دنیا میں رہ رہے ہیں یا ذہنی مسئلہ ہے کیونکہ اس سے بات نہ کرنے پر غصہ کی شدت سے یہ ظاہر ہو رہا ہے کہ رویہ ٹھیک نہیں۔ قوت برداشت بے حد کم ہے۔ حقیقت کی دنیا میں رہ کر زندگی گزاریں۔ مرضی کے خلاف بھی بہت کچھ ہوسکتا ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ نہ خود ٹھیک سے جئیں اور نہ دوسروں کو جینے دیں۔ اگر خاتون کے شوہر کو آپ کے خیالات کا علم ہو گیا تو کیا ہوگا۔ خود کو سنبھالیں اور یہ یقین کرلیں کہ خاتون سے کسی بھی طرح کا تعلق رکھنا آپ کا حق ہرگز ہرگز نہیں۔

(کسی قدیم عبادت گاہ کو تباہ کرنا جائز نہیں)

معلوم کیا' وہ میں نے بیان کر دیا اگر آپ کو شریعت کی پرواہ نہیں ہے تو مجھ سے پوچھنے کی ضرورت ہی کیا تھی' یہ سخت جواب سن کر سکندر چپ ہو گیا کچھ دیر کے بعد اس کا غصہ ٹھنڈا ہو گیا اور مجلس برخاست ہوئی تو مولانا سے کہا "میاں عبداللہ آپ مجھے ملتے رہا کریں۔ (واقعات مشتاق' صفحہ نمبر 16) (مرسلہ: محمد سعید علوی' چکوال)

مسور کی دال دودھ میں بھگو کر پھینٹ لیں' چہرے پر لگا کر خشک ہونے پر اتار لیں' چہرے کی میل صاف کرنے کیلئے مفید ہے۔ (عینی سحر' ہری پور ہزارہ)

محمد فاران ارشد بھٹی' مظفر گڑھ

اماں جنو نے بتایا رہائی کا حیرت انگیز ٹوٹکہ

کوئی شخص اگر کسی مقدمے بازی میں پھنس گیا ہو' چاہے وہ بے گناہ ہو یا مجرم ہو یہ ٹوٹکہ اس کی رہائی کیلئے اکسیر ہے۔ اگر پہلوٹھی کے بچے کا کپڑا اور بلی کی جیر کا ٹکڑا اس کے پاس ہو تو وہ شرطیہ رہا ہو جائے گا۔ بلی کی جیر وہ چیز ہے جسے آنول بھی کہتے ہیں

اماں جنت عرف اماں جنو نے یہ عجیب و غریب ٹوٹکہ بتایا ہے انہوں نے بتایا ہے کہ کوئی شخص اگر کسی مقدمے بازی میں پھنس گیا ہو' بالخصوص جب وہ بے گناہ ہو تو یہ ٹوٹکہ اس کی رہائی کیلئے اکسیر ہے۔ اگر پہلوٹھی کے بچے کا کپڑا اور بلی کی جیر کا ٹکڑا اس کے پاس ہو تو وہ شرطیہ رہا ہو جائے گا۔ بلی کی جیر وہ چیز ہے جسے آنول بھی کہتے ہیں' ہر ذی روح جو بچہ پیدا کرتی ہے جو بچہ ایک جھلی کے اندر بند ہوتا ہے' اس جھلی کو جیر یا انول کہتے ہیں۔ اب پوچھا گیا اماں چلو پہلوٹھی کے بچے کا کپڑا تو عام مل جائے گا لیکن یہ جیر کہاں سے لی جائے' اس بات پر اماں نے بتایا کہ میں نے کسی سے یہ ٹوٹکہ سنا تو اسے آزمانے کا ارادہ کرلیا' میری پالتو بلی تھی' اس کے بچوں کی پیدائش کا وقت آیا تو سردیوں کے دن تھے' میں نے اسے اپنی چارپائی کے نیچے بٹھالیا' جوں ہی بچے پیدا ہوئے میں نے بلی پر نگاہ رکھی جیسے ہی اس کی جیر خالی ہوئی' بلی نے اسے کھانے کیلئے منہ کھولا میں نے چھڑی اٹھا کر اسے دور کردیا اور جلدی سے جیر اٹھائی اس کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا کاٹ لیا اور دھو کر اسے پاؤڈر لگایا وہ جب سوکھ گیا تو اسے عطر میں بسا کر ایک چھوٹے سے کپڑے میں تعویذ کی طرح سی دیا۔ کافی لوگوں نے ضرورت کے وقت یہ ٹوٹکہ آزمایا اور سو فیصد اکسیر پایا۔ پہلوٹھی کے بچے کا وہ کپڑا ہو جو کسی اور نے نہ پہنا ہو' وہ ملزم عدالت کے فیصلے کے وقت اپنی جیب میں دونوں چیزیں رکھ لے تو وہ یقینا رہا ہو جائے گا۔ اماں نے کہا کہ کئی دفعہ کا یہ آزمودہ تھا لیکن اماں کہنے لگی کہ آخری دفعہ ایک ملزم کے لواحقین مجھ سے لے گئے ان کا لڑکا رہا ہو گیا' ایک ہفتے کے بعد وہ رہائی کی خوشی میں مجھے مٹھائی دینے آئے میں نے تعویذ واپس مانگا تو انہوں نے کہا اماں ہمیں بہت افسوس ہے ہم سے وہ تعویذ کہیں کھو گیا ہے اب واللہ عالم یہ سچ تھا یا جھوٹ۔۔۔۔ لیکن مجھ سے تو وہ انمول چیز گم ہو گئی ہے۔ اماں کہتی ہیں جو اس تعویذ کو حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ ایک بلی خود پالے جب وہ بچے پیدا کرے تو اس پر نگاہ رکھے کیونکہ بلی اپنی جیر کو جھٹ کھا جاتی ہے۔ فوراً جیر اپنے قبضے میں لے کر اس کا ٹکڑا کاٹ کر اسے دھو سکھا کر کپڑے میں سی کر رکھ لیں' بوقت ضرورت قیدی کو دونوں چیزیں دے دیں' انشاء اللہ وہ رہا ہو جائے گا اور مزا یہ ہے' اکثر مجرم بھی رہا ہو جاتے ہیں۔ ہم تو اماں سے یہ حیرت انگیز ٹوٹکہ سن کر حیرت میں ڈوب گئے یقیناً آپ بھی یہ پڑھ کر حیرت زدہ ہو گئے ہوں گے۔

ہر مشکل آسان


بعد نماز تہجد یعنی پہلے تہجد کی نیت سے دو رکعت پڑھ لیں پھر تہجد کے بعد دو رکعت نفل کی نیت کریں اور اس طریقے سے پڑھیں' الحمد شریف کے بعد گیارہ دفعہ سورۃ اخلاص پڑھیں' رکوع میں جا کر رکوع کی تسبیح کے بعد گیارہ دفعہ سورۃ اخلاص پڑھیں پھر سجدے میں سجدے کی تسبیح کے بعد گیارہ دفعہ سورۃ اخلاص پڑھیں' دوسرے سجدے میں بھی تسبیح کے بعد گیارہ بار سورۃ اخلاص پڑھیں۔ دوسری رکعت میں بھی اسی طرح پڑھیں' سات دن تک یہ وظیفہ کریں انشاء اللہ مشکل حل ہو جائے گی۔

اکیس دن میں سخت مزاج خاوند مہربان

بعد نماز عشاء ہزار دفعہ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ پڑھیں مشکل حل ہو جائے گی' خاوند سخت مزاج ہے تو مہربان ہو جائے گا' اکیس دن تک پڑھیں انشاء اللہ کام پہلے ہو جائے گا۔

پتھری کا آسان علاج

نوشادر ٹھیکری اور قلمی شورہ برابر وزن کا جوہر اڑانا ہے۔ جوہر اڑانے کی ترکیب طب کی کتابوں میں عام طور پر مل جاتی ہے۔ یہ جوہر دو یا چار رتی مکھن کے ساتھ صرف صبح کھا کر اوپر گائے کے دودھ کی لسی پی لیں۔ اگر کسی کو لسی سے تکلیف ہوتی ہو سونف' دھنیا اجوائن کا قہوہ استعمال کریں۔ چند ہفتے استعمال کریں' زندگی بھر کیلئے پتھری ختم ہو جائے گی۔ (مراسلہ: عبدالخالق)



نسخہ: کشتہ مرجان 30 گرام' عود لکڑ 15 گرام' گاؤزبان 100 گرام' بادرنجبویہ 30 گرام' صندل سفید 50 گرام' پھول گلاب 50 گرام' تخم بلنگو 30 گرام' چھڑ چھڑیلہ 50 گرام' بہمن سفید 30 گرام' بہمن سرخ 30 گرام' درنج عقربی 50 گرام' کشنیز 50 گرام' تودری سرخ 50 گرام' دارچینی 50 گرام' الائچی کلاں 50 گرام' آملہ مقشر 50 گرام' تخم خرفہ 50 گرام' شہد ساڑھے 3 کلو۔

تیاری نسخہ: ان تمام چیزوں کا سفوف تیار کریں اور شہد میں معجون بنائیں۔ **افعال و استعمال:** پانچ پانچ گرام صبح و شام نہار منہ استعمال کریں۔ اگر آپ دس دن مغز بادام کو رات کے وقت پانی بھگو دیں۔ صبح ان تمام مغز بادام کو چھیل لیں اور پھر ان باداموں کو کوٹ کر ایک دو کپ دودھ لے کر ان کوٹے ہوئے باداموں دودھ میں ڈال دیں جب ایک یا دو ابال آجائے تو اس دودھ کو اتار لیں۔ ایک چمچہ معجون دماغی کا نوش فرمائیں اور اوپر سے بادام والا دودھ پئیں انشاء اللہ دس دن میں ہی آپ کو نسیان یعنی بھول جانا ٹھیک ہو جائے گا اور نظر بھی ٹھیک ہونا شروع ہو جائے گی۔ اس معجون سے بہت لڑکے حافظ قرآن بنے۔

مصیبت سے نجات حصول مقاصد کا مجرب نسخہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کو مصیبت سے نجات اور حصول مقاصد کیلئے یہ تلقین فرمائی کہ کثرت کیساتھ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ پڑھا کریں۔ حضرت مجدد الف ثانی رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا کہ دینی اور دنیوی ہر قسم کے مصائب اور مضرتوں سے بچنے اور منافع و مقاصد کو حاصل کرنے کیلئے اس کی کثرت بہت مجرب عمل ہے اور اس کثرت کی مقدار یہ بتلائی ہے کہ روزانہ پانچ سو مرتبہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ پڑھا کرے اور سو سو مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھ کر مقصد کیلئے دعا کرے۔ (ماہنامہ عبقری جلد 6)

بچوں کا صفحہ

والدین کی کمائی ضائع کرنے والے متوجہ ہوں!

امکان نعیم

اپنے بھائی کو روتا ہوا دیکھ کر بہن کا بھی دل نرم ہو گیا اور اس نے فوراً اسے کچھ روپے تھما دیئے۔ اس مرتبہ شام کو جب تاجر نے اپنے بیٹے سے اس کی کمائی کے متعلق پوچھا تو اس نے فوراً روپے دکھا دیئے۔ تاجر نے روپے دیکھے اور بیٹے سے کہا "جاؤ انہیں کنویں میں پھینک دو۔"

ایک متمول تاجر اپنے سست، کاہل اور آرام طلب بیٹے سے سخت پریشان تھا۔ تاجر اسے محنت و مشقت کی اہمیت سے آگاہ کرنا چاہتا تھا تاکہ اسے احساس ہو یہ پُرآسائش طرز رہائش اور دولت یوں ہی حاصل نہیں ہو جاتی بلکہ اس کیلئے بہت محنت کرنی پڑتی ہے۔ وہ چاہتا تھا کہ اس کا بیٹا ذمے دار نوجوان کی طرح زندگی گزارے اور کاروبار میں اس کا ہاتھ بٹائے۔ ایک روز تاجر نے اپنے بیٹے سے کہا: "بیٹا! آج تمہیں مزدوری کر کے پیسے کما کر لانے ہوں گے اور یاد رکھو کہ پیسے کما کر نہ لانے کی صورت میں تمہیں آج رات کو کھانا نہیں ملے گا۔" اپنے والد کا یہ فرمان سن کر لڑکے کے اوسان خطا ہو گئے کیونکہ وہ کسی بھی قسم کی محنت مزدوری کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا تھا۔ والد کے اس مطالبے نے اسے انتہائی خوفزدہ کر دیا تھا۔ وہ روتا ہوا اپنی والدہ کے پاس پہنچ گیا۔

اپنے بیٹے کو روتا ہوا دیکھ کر والدہ کا دل پسیج گیا اور اس نے فوراً اپنے بیٹے کو ایک سونا کا سکہ تھما دیا۔ شام کو جب والد نے بیٹے سے اس کی کمائی کے متعلق پوچھا تو بیٹے نے فوراً اپنی جیب سے سکہ نکال کر باپ کو دکھا دیا۔ تاجر نے وہ سکہ دیکھا اور پھر اپنے بیٹے سے کہا "جاؤ اسے کنویں میں پھینک دو۔"

بیٹے نے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے سکے کو کنویں میں پھینک دیا۔ والد بہت زیرک، دانا اور تجربہ کار تھا۔ وہ بھانپ گیا کہ یہ سکہ اسے اس کی والدہ نے دیا ہوگا لہٰذا اگلے روز تاجر نے اپنی بیوی کو دوسرے قصبے اس کے والدین کے پاس بھیج دیا اور لڑکے کو پھر دھمکی دی کہ اگر وہ آج کچھ کما کر نہیں لایا تو اس کا کھانا پینا بند کر دیا جائے گا۔ اس مرتبہ لڑکا روتا ہوا اپنی بہن کے پاس پہنچ گیا تاکہ اس کی ہمدردی حاصل کر سکے۔ اپنے بھائی کو روتا ہوا دیکھ کر بہن کا بھی دل نرم ہو گیا اور اس نے فوراً اسے کچھ روپے تھما دیئے۔ اس مرتبہ شام کو جب تاجر نے اپنے بیٹے سے اس کی کمائی کے متعلق پوچھا تو اس نے فوراً روپے دکھا دیئے۔ تاجر نے روپے دیکھے اور بیٹے سے کہا "جاؤ انہیں کنویں میں پھینک دو۔"

بیٹا فوراً گیا اور پیسے کنویں میں پھینک دیئے۔ تاجر نے اپنی زیرک فہمی سے فوراً اندازہ لگا لیا کہ اس مرتبہ پیسوں کا ذریعہ یقیناً اس کی بہن ہی ہوگی۔ اب تاجر نے اپنی بیٹی کو اس کے سسرال بھیج دیا اور بیٹے سے ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا "اگر اس مرتبہ بھی تم کچھ کما کر نہیں لائے تو یاد رکھو تمہارا کھانا پینا اور جیب خرچ بند کر دیا جائے گا۔"

اب تو وہ بہت پریشان ہوا کیونکہ اب اس کی مدد کرنے والا کوئی نہ تھا۔ لہٰذا اس نے فیصلہ کیا کہ آج تو کام کی تلاش میں جانا ہی پڑے گا۔ اس نے بازار پہنچ کر کئی دکانداروں سے کام مانگا۔ آخرکار ایک دکاندار نے اس سے کہا کہ "اگر وہ اس کا صندوق اس کے گھر تک پہنچا دے تو وہ اسے اس کے عوض دو روپے دے گا۔"

لڑکا فوراً راضی ہو گیا۔ صندوق کو دکاندار کے گھر تک لے جانے میں لڑکے کی حالت خراب ہو گئی۔ وہ پسینے میں شرابور تھا۔ کام ختم کرنے کے بعد اس کی ٹانگیں کانپ رہی تھیں اس کی گردن اور کمر میں شدید درد ہو رہا تھا اور بوجھ لادنے کی وجہ سے اس کی کمر پر کئی خراشیں بھی پڑ چکی تھیں۔ جوں ہی وہ گھر پہنچا اس نے اپنے والد کو منتظر پایا۔

اس نے اپنے والد کو فوراً دو روپے دکھائے۔ والد نے پیسے دیکھتے ہی کہا "جاؤ انہیں کنویں میں ڈال دو۔" ان پیسوں کو کنویں میں پھینکنے کے خیال ہی نے لڑکے کو خوف زدہ کر دیا اور وہ زور زور سے رونے لگا۔ وہ سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ اس قدر محنت سے کمائی ہوئی رقم کو یوں کنویں میں پھینک دے۔ اس نے روتے روتے کہا "ابا جان! میرے جسم میں درد کی ٹیسیں اٹھ رہی ہیں، میری کمر زخمی ہو چکی ہے، گردن اکڑ گئی ہے اور آپ مجھ سے کہہ رہے ہیں کہ میں یہ پیسے کنویں میں پھینک دوں؟" یہ سن کر تاجر مسکرایا اور بولا "بیٹا! جب کسی کی محنت کی کمائی کو ایسے تلفے میں ضائع کیا جا رہا ہو تو اس شخص کو بھی بڑی تکلیف ہوتی ہے۔ اس سے قبل دو مواقع پر تمہاری والدہ اور بہن نے تمہاری مدد کی تھی اس لیے تمہیں ان کی دی ہوئی رقم کنویں میں پھینکتے ہوئے کسی قسم کا دکھ اور تکلیف محسوس نہیں ہوئی۔ لیکن آج تمہیں محنت کی قدر ہوئی ہے۔ اب تمہیں پتا چلا کہ چند روپوں کیلئے کتنی محنت کرنی پڑتی ہے۔" اس دن نوجوان نے اپنے والد سے وعدہ کیا کہ اب وہ سستی و کاہلی کی بجائے محنت کرے گا اور اپنے والد کے کاروبار میں ہاتھ بٹائے گا۔

جھوٹ کا انجام

(احمر جٹ)

کسی ملک میں ایک نجومی رہتا تھا۔ بہت ہی جھوٹا اور مکار تھا لیکن لوگ اس پر اتنا یقین کرتے تھے کہ وہ جو کہتا ویسا ہی ہو جاتا۔ اس ملک کے بادشاہ نے ایک مرتبہ نجومی کو اپنے دربار میں بلایا۔ پاس ہی بادشاہ کا وزیر بیٹھا ہوا تھا۔ بادشاہ نے نجومی سے کہا: "میاں نجومی! آج کچھ ہمارے متعلق بھی بتاؤ۔" یہ سن کر نجومی کچھ دیر حساب کتاب کرتا رہا پھر کہنے لگا: "حضور یہ سال آپ کیلئے منحوس ثابت ہوگا، ممکن ہے آپ اسی سال وفات پا جائیں۔"

یہ سب سن کر بادشاہ بہت پریشان ہوا، وزیر نے بادشاہ کو فکرمند دیکھا تو اسے نجومی پر شدید غصہ آیا۔ وزیر نے دوبارہ حساب لگانے کو کہا اس بار بھی نجومی نے یہی بات کہی۔ اب تو بادشاہ کو اپنی موت کا پکا یقین ہو گیا اور اس کا رنگ زرد پڑنے لگا۔ بادشاہ کی یہ حالت دیکھ کر وزیر سوچ میں پڑ گیا۔

آخر اس نے بادشاہ سے کہا کہ "فکر کرنے کی کوئی ضرورت نہیں یہ نجومی بالکل جھوٹا ہے اس کا جھوٹ میں ابھی ثابت کر دیتا ہوں۔"

لہٰذا وزیر بولا: "تم نے بادشاہ سلامت کے بارے میں بتایا ہے، کچھ اپنے بارے میں بھی بتاؤ تم کتنا عرصہ زندہ رہو گے؟" نجومی یہ سن کر سوچنے لگا اور کافی دیر بعد بولا۔ "میں ابھی تیس برس اور زندہ رہوں گا۔"

یہ سن کر وزیر نے جلاد کو بلایا اور کہا "اس نجومی کا سر اڑا دیا جائے۔" جلاد نے ایک ہی وار میں نجومی کا سر تن سے جدا کر دیا۔ اس نجومی کی لاش بادشاہ کے سامنے تھی۔ وزیر نے بادشاہ سے کہا "حضور دیکھیے! یہ کہہ رہا تھا کہ ابھی مزید تیس سال زندہ رہے گا لیکن یہ آپ کے سامنے قتل ہو چکا ہے۔ جو شخص خود اپنی موت کے متعلق ٹھیک نہیں بتا سکتا وہ دوسروں کے بارے میں کیسے کچھ بتا سکتا ہے۔"

نجومی کے قتل کے بعد بادشاہ کا دل سکون آ گیا اور رعایا بھی خوش ہو گئی کہ ایک جھوٹ بولنے والا شخص اپنے انجام کو پہنچ گیا۔ بادشاہ اس واقعہ کے بعد بھی سالہا سال تک زندہ رہا۔

سبق: نجومیوں کے پاس جانا یا ہاتھ دکھانا گناہ ہے، غیب کا علم سوائے اللہ کے کسی کے پاس نہیں اور نہ ہی کوئی کسی کی زندگی اور موت کا فیصلہ کر سکتا ہے۔

(ج،ر)

جنات نے مجھے میرے بھائی اور بہن کو برباد کر دیا

میں جب 15 سال کی ہوئی تو میری منگنی ہو گئی سسرال والے بہت پیار کرنے والے تھے مگر اچانک ایک خواب میں اُسی جن کو دیکھا اس نے مجھے ایک پرانے گھر میں بند کر رکھا تھا اور وہ مجھے کہہ رہا تھا میں تجھے کسی سے شادی کرنے نہیں دوں گا۔

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! بارہ یا تیرہ سال کی عمر میں تو جادو اور آسیب کی لپیٹ میں آ چکی تھی۔

میری والدہ بھی شروع ہی سے جادو، آسیب اور جنات کے عذاب میں مبتلا تھی مگر مجھے اللہ تعالیٰ نے ایک بشارت کے ذریعہ تمام جادو اور جادو کرنے والے کے بارے میں علم عطا کر دیا مگر اس کو ختم کرنے کا جو طریقہ تھا وہ میں آج تک کرنے سے محروم ہوں۔ یہ جادو میری ایک ذاتی ڈائری پر ایک شخص نے کروایا تھا اور اس جادو کے بعد یہ ڈائری مجھے دیوانوں کی طرح عزیز ہو گئی تھی' میں اس ڈائری کو ہر لمحہ اپنے سینے کے ساتھ لگا کر پھرتی تھی مگر بشارت کے بعد جب میں نے اس کو پھینکنے کی نیت سے ڈھونڈا تو وہ اچانک غائب ہو گئی اور آج اس بات کو تقریباً آٹھ یا نو سال گزر گئے ہیں' ڈائری آج تک غائب ہے' بہت ڈھونڈا پر نا کام رہی۔

اس کے ساتھ ہی آپ کو بتانا چاہتی ہوں جب مجھے جنات نظر آنے شروع ہوئے تو میں بہت بیمار ہو گئی حتیٰ کہ میں قریب المرگ ہو گئی' مگر اللہ نے مجھے اپنے خاص فضل سے زندگی عطا کی۔ صحت یاب تو ہو گئی مگر ان جنات نے سانپوں کی شکل اختیار کر لی اور میرے ساتھ ہو لیے' ہر وقت میری نظروں کے سامنے رہتے' کبھی کم ہو جاتے' کبھی زیادہ' ان کے سردار کا نام ہری والا ہے اور وہی میرا خریدار بنا ہوا ہے۔

میں جب 15 سال کی ہوئی تو میری منگنی ہو گئی' سسرال والے بہت پیار کرنے والے تھے مگر اچانک ایک خواب میں اُسی جن کو دیکھا اس نے مجھے ایک پرانے گھر میں بند کر رکھا تھا اور وہ مجھے کہہ رہا تھا میں تجھے کسی سے شادی کرنے نہیں دوں گا۔

تو میری بیوی ہے' میں نے اس خواب کو صرف خواب ہی سمجھا لیکن زندگی میں حقیقت کچھ ایسی ہی ہو گئی۔ منگنی تو سال کے اندر ہی ٹوٹ گئی اور خوبصورتی کے باوجود کسی نے آج تک مجھے شادی کی نیت سے پسند نہیں کیا۔ بیماری بڑھ چکی اور پوشیدہ امراض میں مبتلا ہو گئی۔ عمر 34 سال ہو چکی ہے مگر پچاس سال کی لگتی ہوں' بیماریاں چھائی رہتی ہیں۔ بہن کا رشتہ بھی نہیں ہونے پاتا۔ بھائی اچھے روزگار سے محروم ہے۔ ماں بھی بہت بیمار رہتی ہے۔ اس جن کا کہنا ہے تمہارا بھائی اور تمہاری بہن کو بھی برباد کر دوں گا۔ آج تک ان جنات سے حالت جنگ میں ہوں۔ یہ جن نہ مجھے جینے دیتا ہے نہ مرنے دیتا ہے' ہر وقت اذیت میں مبتلا رکھتا ہے۔ مگر۔۔۔! اب پہلے سے حالات قدرے بہتر ہیں' آخری چھ سورتوں اور روحانی غسل سے بھی بہت فائدہ ہو رہا ہے' موتی مسجد جا کر بھی کافی سکون اور فائدہ ملا ہے۔

آج بھی آپ کو خط لکھتے ہوئے جنات نے میری بازو کو بری طرح جام کر دیا ہے' کمر میں شدید تکلیف شروع ہو گئی ہے' صرف اللہ تعالیٰ ہی کی مدد سے یہ خط لکھوا رہا ہے۔

رزق بڑھانے کا آزمودہ عمل

اپنا کاروبار شروع کرنے سے پہلے یعنی دکان کھولنے کے فوراً بعد گیارہ مرتبہ سورۂ فاتحہ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھیں اور دکان کے چاروں کونوں میں پھونک کر دم کریں ان شاء اللہ صرف چند دنوں میں فرق واضح محسوس ہوگا۔ نوٹ: اس عمل کیلئے نماز کی پابندی لازمی ہے' عمل کریں دعائیں دیں۔

معاشی تنگی سے نجات

ایک ہزار مرتبہ استغفار اور بعد نماز ظہر سورۂ المائون اکتالیس مرتبہ تیسرے نمبر پر حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ پانچ سو مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور اس کی روزی پوری ہوگی۔

صرف جائز مراد کیلئے مجرب و کامیاب عمل

اگر کسی کی کوئی ایسی جائز مراد جو پوری نہ ہوتی ہو تو وہ شخص ہر نماز کے بعد سجدہ میں سر سجدہ میں رکھ کر خوا تین گھروں میں سورۂ فاتحہ اس طریقہ سے پڑھیں جب اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ پر پہنچیں تو اس کو اکیس مرتبہ پڑھیں پھر سورۂ فاتحہ مکمل کر کے سجدہ سے سر اٹھائیں اور اللہ سے اپنی حاجت کیلئے دعا کریں ان شاء اللہ بہت جلد آپ فائدہ اٹھائیں گے یہ عمل آزمودہ ہے۔ (محمد اشفاق' کاموکی)

مخدوم یوسف عزیز

دوزخیوں کی صورت

میری امت میں سے بعض اشخاص کے جسم اتنے بڑے کر دیئے جائیں گے کہ ایک ہی آدمی دوزخ کا ایک کونہ بھر دے گا۔

اور جنہوں نے برائیاں کمائیں' تو برائی کا بدلہ اسی جیسا' اور ان پر ذلت چڑھے گی انہیں اللہ سے بچانے والا کوئی نہ ہوگا گویا ان کے چہروں پر اندھیری رات کے ٹکڑے چڑھا دیئے ہیں' وہی دوزخ والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ (یونس 27) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ دوزخیوں کے چہرے انتہائی سیاہ ہوں گے۔ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ اگر دوزخیوں کی طرف سے کوئی جنت میں نکال دیا جائے تو اس کی صورت دیکھ کر دنیا والے ضرور مرجائیں گے اس کے بعد حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما بہت روئے۔ سورۂ مومنون میں ہے کہ آگ ان کے چہروں کو جھلساتی ہوگی اور اس میں ان کے چہرے بگڑے ہوئے ہوں گے'' حدیث میں ہے کہ'' دوزخی کو آگ جلائے گی جس کی وجہ سے اس کا ہونٹ سکڑ کر بیچ سر تک پہنچ جائے گا اور نیچے کا ہونٹ لٹک کر ناف تک پہنچ جائے گا' ان کی زبان تین کوس اور چھ کوس تک کھینچ کر باہر نکال دے گا' لوگ اس کو روندیں گے یعنی اس کے اوپر چلیں گے۔ (ترمذی)

دوزخیوں کے دونوں مونڈھوں کا درمیانی فاصلہ تین دن کی مسافت کے برابر ہوگا جبکہ کوئی تیز سوار چل کر جائے اور کافر کی ڈاڑھ احد پہاڑ کے برابر ہوگی اور اس کی کھال کی موٹائی تین دن کے راستے کے برابر ہوگی۔ (مسلم شریف)

ترمذی میں ایک روایت ہے کہ کافر کی ڈاڑھ احد پہاڑ کے اور ران بیضا پہاڑ کے برابر ہوگی اور دوزخ میں اس کی بیٹھنے کی جگہ تین دن کے راستے کے برابر لمبی چوڑی ہوگی جتنی دور مدینہ سے ربذہ گاؤں ہے' ایک اور روایت ہے کہ دوزخی کے بیٹھنے کی جگہ اتنی لمبی ہوگی جتنی مکہ اور مدینہ کے درمیان فاصلہ ہے۔ (مشکوٰۃ)

بعض روایات میں بھی ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ: ''میری امت میں سے بعض اشخاص کے جسم اتنے بڑے کر دیئے جائیں گے کہ ایک ہی آدمی دوزخ کا ایک کونہ بھر دے گا''۔

ہونٹوں کی سیاہی گلابی رنگت میں بدلنے کیلئے: ملائی اور اصلی گھی ہم وزن لے کر سونے سے پہلے ہونٹوں پر لگائیں' ہونٹوں کی سیاہی گلابی رنگت میں تبدیل ہو جائے گی۔

غ،ز

حلال میں حرام کی آمیزش اور بربادی شروع!

اس وقت ہمارا بچپن تھا' ہمیں والدہ مختلف آدمیوں کے پاس لے جاتیں کہ یہ تمہارے انکل ہیں ان سے پیسے لو پھر وہ والدہ اور ہمیں بہت سے پیسے دیتا۔ میری بڑی بہن بہت سمجھدار تھی اس کی ہر وقت والدہ سے لڑائی ہوتی تھی کہ یہ کام چھوڑ دیں لیکن والدہ نہ مانتی۔

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میری زندگی کی کہانی بہت طویل ہے لیکن میں مختصراً بیان کروں گا تاکہ قارئین کو حرام رزق کے نقصانات کا پتہ چل سکے۔ محترم قارئین! یہ حقیقت آج میں اپنی قلم سے پہلی مرتبہ آپ کے سامنے بیان کروں گا۔ قارئین! میرے والد ایک ادارے میں کلرک تھے' نہایت نیک اور پرہیزگار انسان تھے' حالانکہ وہ ایسی جگہ ملازمت کرتے تھے جہاں حرام کی ریل پیل تھی لیکن الحمدللہ والد محترم نے ایک پیسہ حرام نہیں کمایا۔ ہمارا گھرانہ ایک درمیانے طبقے کا گھرانہ تھا' ہم سب بہت خوش تھے' بظاہر ہمیں کسی چیز کی کمی میرے والد نے محسوس نہ ہونے دی۔ مگر۔۔۔!!! میرے والد جب تنخواہ میری والدہ کے حوالے کرتے تو میری والدہ کہتیں کہ اس تنخواہ میں گزارہ نہیں ہوتا۔ مختصراً میری والدہ میرے والد کو حرام رزق کمانے کا کہتیں کہ تمہارے دفتر میں اور لوگ بھی تو ہیں وہ بھی تو ڈھیروں (حرام) کماتے ہیں تمہیں کیا مسئلہ ہے' جب انہیں کوئی نہیں پوچھتا تو تم کیوں ڈرتے ہو؟ مگر میرے والد محترم اللہ والے تھے' انہوں نے پھر بھی کبھی حرام کو ہاتھ نہیں لگایا۔ اسی دوران میری والدہ کی ایک دوست تھی' اس نے والدہ کو ناپسندیدہ اور برے کاموں کی طرف مائل کیا چونکہ میری والدہ کو مال و دولت سے محبت تھی' اس لیے والدہ جلد ہی اپنی دوست کی بتائی ہوئی بدترین راہ پر چل پڑی۔

اس وقت ہمارا بچپن تھا' ہمیں والدہ مختلف آدمیوں کے پاس لے جاتیں کہ یہ تمہارے انکل ہیں ان سے پیسے لو پھر وہ والدہ اور ہمیں بہت سے پیسے دیتا۔ میری بڑی بہن بہت سمجھدار تھی اس کی ہر وقت والدہ سے لڑائی ہوتی تھی کہ یہ کام چھوڑ دیں لیکن والدہ نہ مانتی۔ پھر آہستہ آہستہ والد محترم کی حلال و پاک کمائی میں میری والدہ کی ناجائز و گندی کمائی شامل ہوگئی۔ والد محترم نہایت سادہ انسان تھے' انہیں گھر کے حالات کا کچھ اندازہ ہی نہیں تھا' وہ دن رات بس دفتر میں مصروف رہتے تھے۔ بہرحال حالات یونہی چلتے رہے' آخرکار والد پر بڑھاپا آگیا اور پھر آپ کو پتہ ہے کہ بڑھاپا آجائے تو انسان راستے پر آ ہی جاتا ہے مگر والدہ کو راستہ پر آنا تھا نہ آئیں۔۔۔ میرے والد ریٹائرڈ ہوگئے اور اچانک پتہ چلا کہ والد محترم کے گردے بالکل ختم ہو چکے ہیں پھر ان کی ادویات کا خرچہ اوپر سے پھر پنشن۔۔۔ میری والدہ سے برداشت نہ ہوتا کہ پیسہ والد پر لگ رہا ہے۔ گھر کے حالات بہت خراب ہوتے گئے' والدہ دن رات والد محترم کو گالی گلوچ کرتیں لیکن میرے والد محترم بہت صبر والے انسان تھے وہ خاموش رہتے۔ آخرکار والد صاحب انتقال کر گئے اور اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ بس وہ دن ہماری صحیح بربادی اور ناکامیوں کا آغاز تھا۔ والد کی خواہش تھی کہ ڈاکٹر بنوں' میرا لاہور میں داخلہ ہوگیا اور میری بڑی بہن کا اسلام آباد میں داخلہ ہوگیا ہم دونوں اپنی اپنی منزل کی طرف چل پڑے اب پیچھے گھر میں والدہ اور میری چھوٹی بہن اکیلی تھیں' پھر کیا تھا کہ میرے موبائل پر عجیب و غریب پیغامات آتے کہ اپنی چھوٹی بہن کو سنبھالو برے راستے پر چل رہی ہے وغیرہ وغیرہ۔۔۔ میں بہت پریشان کہ آخر حرام رزق نے اپنا اثر دکھانا شروع کر دیا ہے' پھر وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ رشتہ داروں' محلہ داروں نے ہم سے منہ موڑ لیا' جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ میں ایم بی بی ایس نہ کر پایا اور پریشانی کی وجہ سے فیل ہونے لگا اور آخرکار گھر آ کر بیٹھ گیا۔ یہاں آ کر پتہ چلا کہ میری بہن بھی انہی راستوں پر چل پڑی جن پر کبھی میری والدہ چلتی تھیں کیونکہ والدہ میری بہن سے پیسوں کی فرمائش کرتیں اور اسے اس کام کیلئے اکساتیں۔

میرے والد محترم کی ساری زندگی کی عزت سڑکوں پر نیلام ہو رہی تھی' والد نے تو حلال کھلایا تھا ہمیں پھر کیوں یہ ہوا۔۔۔ پھر سب سوچنے کے بعد والدہ کا وہ راستہ یاد آیا کہ ہماری زندگیوں میں آگ ہماری والدہ کی لگائی ہوئی ہے۔ میری والدہ نے اپنی گندی کمائی سے بہت سے پلاٹ اور زیورات بنا رکھے تھے مگر کچھ بھی نہ بچا۔۔۔ حرام رہتا کب ہے۔ آج ہمارے پاس میرے والد محترم کے حلال رزق کے بنائے گھر کے سوا کچھ بھی نہیں۔ کیونکہ اللہ پاک برے کام اور بری کمائی کا نتیجہ ضرور دکھاتا ہے' میں ڈاکٹر نہ بن سکا سب کچھ ختم ہوگیا۔ عزت رخصت ہوگئی' اللہ پاک کی ناراضگی نازل ہوگئی۔ میری بڑی بہن کا کوئی رشتہ نہیں آتا تھا' آخرکار ایک شادی شدہ کا رشتہ آیا اور میں نے ہاں کر دی' تاکہ عزت سے ہمارے گھر کے گندے ماحول سے نکل جائے۔ میں نے پرائیوٹ بی اے کیا' بے روزگار ہوں' والدہ پر سختی بھی کی کہ ان راہوں سے باز آجائیں ہمیں اور کتنا برباد کریں گی مگر وہ پیچھے ہٹنے کو اب بھی تیار نہیں۔ میں ہر جگہ نوکری کیلئے گیا لیکن کچھ نہ ہوا' لوگ مجھ سے نفرت کرتے ہیں کوئی ہم سے تعلق رشتہ نہیں رکھنا چاہتا' مسجد میں نماز کیلئے جاؤں تو صف میں لوگ میرے ساتھ نہیں ٹھہرتے۔ واقعی اللہ پاک کا ہم پر عذاب ہے' ہر اگلا دن پچھلے دن سے زیادہ ذلت آمیز اور رسوا کن ہوتا ہے۔ کوئی کام ٹھیک نہیں ہوتا کچھ بھی ٹھیک نہیں' پریشانی' بے برکتی' تنزلی' ہمارے گھر پر راج کرتی ہے۔ اس سب میں میرا کچھ اپنا بھی قصور ہے کہ سب کچھ معلوم ہونے کے باوجود احتجاج نہیں کیا' سمجھ نہیں آتی کہاں جاؤں؟ کیا کروں؟ یہ زندگی اور دنیا تنگ ہوگئی ہے' ہم پر ہر طرف بدنامی ہے' رزق بند ہے۔ میری! قارئین سے ہاتھ جوڑ کر درخواست ہے کہ اگر آپ کے گھر میں کسی بھی سوراخ سے حرام یا مشکوک رزق آرہا ہے تو خدارا! ان کو آج ہی بند کر دیں۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ۔۔۔! آپ کی زندگیاں بھی میری طرح جل اٹھیں۔۔۔ حرام رزق اپنا اثر ضرور دکھاتا ہے' یہ نسلوں کو تباہ و برباد کر دیتا ہے۔ اس رزق نے ہمارے جنت جیسے گھر کو جہنم کا ایک گڑھا بنا کر رکھ دیا ہے۔ محترم حکیم صاحب براہ نوازش میرا نام و پتہ خفیہ رکھا جائے۔

شوہر کے دل میں محبت ڈالنے کا عمل

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کا رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں میری والدہ رحمۃ اللہ علیہ کے پاس اکثر عورتیں ایسی آتی تھیں جو یہ تو چاہتی ہیں کہ شوہر ان کی ہر بات مانیں پر جب ان کو پڑھنے کیلئے دیں تو کہتی ہیں کوئی آسان عمل ہو ہم تو ہر روز اتنا پڑھ نہیں سکتیں۔ گھر کے کام اتنے ہوتے ہیں' پھر بچوں کو بھی سنبھالنا پڑتا ہے' اس لیے ٹھیک طرح سے پڑھ بھی نہیں سکتیں تو ایسی خواتین کو میری والدہ رحمۃ اللہ علیہ یہ عمل بتاتی تھیں' سورۂ بقرہ 101 مرتبہ تنہائی میں پڑھ کر کسی بھی میٹھی چیز پر دم کر کے اپنے خاوند اور گھر والوں کو بھی کھلا دیں' سب پیار محبت سے رہیں گے یہ عمل آپ ہر مہینے میں دو مرتبہ کر سکتے ہیں۔ گھر میں نہ کوئی لڑائی جھگڑا ہوگا' سب پیار محبت سے رہیں گے۔ (مسز سید حنا اعظم گیلانی' لاہور)

ہر قسم کے خوف سے محفوظ: کسی شخص کو ڈر خوف دشمن یا کسی اور کا ہو تو وہ صبح و شام 313 مرتبہ حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ پڑھے' جمعرات سے یہ عمل کرے' انشاءاللہ ہر قسم کے خوف سے محفوظ رہے گا۔

روحانی کیفیت

دائیں آنکھ میں جیسے فلم چل رہی ہو الفاظ لکھے ہوئے اللہ محمد ﷺ' خانہ کعبہ' روضہ رسول ﷺ میرے سامنے آتے ہیں

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کو خیروعافیت عطا فرمائے۔ آپ کی خدمت میں عرض ہے کہ میرے معمولات کچھ اس طرح ہیں۔ 1 تین تسبیحات صبح و شام 2۔ موبائل کے ذریعے درس سننا۔ 3۔ ذکر نفی اثبات ایک تسبیح صبح و شام۔ 4۔ مسنون دعاؤں کا اہتمام۔ 5۔ گھر سے نکلنے کی دعا اور یَاحَفِیْظُ گیارہ مرتبہ۔ 6۔ جمعۃ المبارک کے دن قبرستان جانا۔ 7۔ قرآن پاک کی روزانہ تلاوت کرنا۔ 8۔ نماز فجر کے بعد سورۂ یٰسین لازمی پڑھنا۔ 9۔ وضو کے بعد تین گھونٹ پانی پینا۔ 10۔ روحانی غسل کرنا۔ 11۔ عشاء کی نماز کے بعد دو مرتبہ سورۂ واقعہ اور ایک مرتبہ سورۂ ملک۔ 12۔ فجر کی سنتیں گھر میں ادا کر کے جاتے ہوئے آیۃ الکرسی پڑھنا۔ 13۔ کھانا کھانے کے بعد تین مرتبہ سورۂ قریش پڑھنا۔ 14۔ نماز کے بعد نظروں کی حفاظت کیلئے یہ دعا پڑھتا ہوں۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَۃِ النِّسَاءِ وَحِبَالَۃِ الشَّیْطٰنِ اَللّٰہُ خَالِقُ النُّوْرِ (7 مرتبہ)۔ 15۔ وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی ﴿والضحیٰ ۵﴾ روزانہ دو تین ہزار مرتبہ ان کے علاوہ مزید اعمال کرنے کی کوشش کرتا رہتا ہوں۔ (ا، ر، ڈ، س)

عجب حقیقت

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں جب بھی اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کا ذکر کرتی ہوں یا قرآن پاک کی تلاوت کروں' نماز پڑھوں' عجیب قسم کے چھینٹے پڑتے ہیں' ٹھنڈے ٹھنڈے اور جب ہاتھ لگاتی ہوں تو وہاں کچھ بھی نہیں ہوتا۔ احساس ہوتا ہے جیسے ٹھنڈا پانی ڈالا گیا ہو یا ٹھنڈے پانی کی پھوار ماری گئی ہو جو بہت لطیف ہوں لیکن ہوتا کچھ نہیں' یہ معمول آج بھی جاری ہے اور کافی عرصہ سے شروع ہے۔ اس کے علاوہ میں اکثر لیٹ کر آنکھیں بند کرتی ہوں تو میری دائیں آنکھ میں جیسے فلم چل رہی ہو الفاظ لکھے ہوئے اللہ محمد ﷺ' خانہ کعبہ' روضہ رسول ﷺ میرے سامنے آتے ہیں۔ مجھے وہم ہوا کہ میری آنکھ میں موتیا ہے میں نے ڈاکٹر سے بات کی اس نے کہا آپ کا آپریشن ہوگا میں نے آپریشن کروالیا' آپریشن بہت اچھا ہوا' آپریشن کے دوران میں درود ابراہیمی پڑھتی رہی سات دن میں میری آنکھ ٹھیک ہوگئی اور وہ الفاظ اللہ' محمد ﷺ' خانہ کعبہ' روضہ رسول ﷺ پہلے سے زیادہ صاف نظر آنا شروع ہوگئے۔ (ع، ب، گ)

دل کے امراض کا روحانی علاج

کسی بھی صاف برتن پر سورۂ الم نشرح لکھ کر اس برتن کو آب زم زم سے دھو کر وہ آب زم زم پی لیں

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں دل کی مریضہ ہوں اور پتے میں بھی پتھری ہے۔ اس کیلئے میں ڈاکٹری ادویات کافی عرصے سے استعمال کرتی رہی مگر مجھے مستقل آرام نہ آرہا تھا۔ پھر مجھے کسی نے دل اور پتے کی پتھری کیلئے ایک روحانی علاج بتایا۔ میں نے درج ذیل روحانی عمل آزمائے تو مجھے اب ان دونوں بیماریوں کے حوالے سے کافی سکون ہے۔ دل کے امراض کیلئے میں نے جو روحانی علاج کیا وہ درج ذیل ہے:۔

کسی بھی صاف برتن پر سورۂ الم نشرح لکھ کر اس برتن کو آب زم زم سے دھو کر وہ آب زم زم پی لیں اس سے مجھے کافی آرام آگیا ہے اور عمل اب بھی جاری ہے۔

پتے کیلئے بھی میں الم نشرح ہر روز صبح گیارہ مرتبہ پانی پر دم کر کے پیتی ہوں اور شام کو بھی گیارہ مرتبہ الم نشرح پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیتی ہوں اور اس کے بعد رات کو سونے سے پہلے بھی گیارہ دفعہ سورۂ الم نشرح پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیتی ہوں۔ اس عمل کی برکت سے میرے پتے میں اب درد نہیں ہوتا۔ الحمدللہ! عمل جاری ہے۔ (سکینہ طاہرہ، کراچی)

8 اکتوبر 2005ء کا زلزلہ اور قارئین کے مشاہدات

8 اکتوبر 2005ء کا زلزلہ ایک نہایت خوفناک اور عبرتناک حادثہ تھا۔ یہ زلزلہ اپنے پیچھے بےشمار اندوہناک اور دل دہلا دینے والے' بےشمار چشم کشا' حیرت انگیز مشاہدات اور ناقابل یقین واقعات چھوڑ گیا۔ اس موضوع پر ماہنامہ عبقری میں بھی بہت سے چشم دید واقعات لکھے گئے۔ اگر آپ کے پاس بھی کوئی واقعہ یا چشم دید مشاہدہ یا آپ بیتی ہو تو ہمیں ضرور لکھیں۔ ادارہ عبقری اس موضوع پر ایک مکمل کتاب عنقریب شائع کر رہا ہے۔ آپ بھی اس موضوع پر اپنی تحریریں جلد از جلد ارسال کریں' کانٹ چھانٹ اور تصحیح و تہذیب ہم خود کرلیں گے۔ اگر کسی واقعہ کے حوالہ سے اپنا نام شائع نہیں کروانا چاہتے تو راز میں رکھا جائے گا۔ ضرور لکھیں اور فوراً لکھیں۔

مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: کمی احمد بوری

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس ایک پرندے کا گوشت تھا' آپ ﷺ نے دعا کی: یااللہ! اپنی مخلوق میں سے محبوب ترین شخص میرے پاس بھیج تاکہ وہ میرے ساتھ اس پرندے کا گوشت کھائے۔ چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ آئے اور آپ ﷺ کے ساتھ وہ گوشت تناول فرمایا۔ (ترمذی' طبرانی)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے۔ لہٰذا جو اس شہر میں داخل ہونا چاہتا ہے اسے چاہیے کہ وہ اس دروازے سے آئے۔ (اس حدیث کو امام حاکم نے روایت کیا ہے اور فرمایا ہے کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ''کوئی بھی شخص حضرت حسن بن علی اور حضرت فاطمۃ الزہراء (رضی اللہ عنہم) سے بڑھ کر حضور ﷺ سے مشابہت رکھنے والا نہیں تھا۔'' (احمد)

قارئین کا شکریہ!
چہرے کے غیر ضروری بالوں کیلئے

دیمک' نظر اور نیند کیلئے قارئین نے تحریریں دل کے راز' تجربات' خوب سے خوب تر بھیجے۔ آپ کی امانتیں میگزین میں واپس لوٹا رہے ہیں اور لوٹاتے رہیں گے۔ اب قارئین چہرے کے غیر ضروری بالوں کیلئے صرف اور صرف طبی تجربات ضرور بتائیں' ایڈیٹر آپ کا منتظر رہے گا۔ منتظر منتظر اور منتظر۔۔۔!!! جلدی کیجئے۔ مخلوق خدا بہت پریشان ہے۔۔۔!!! صرف آزمودہ تجربات۔ خوشخبری۔۔۔!!! اب تک قارئین نے دیمک' نظر کی کمزوری اور نیند کیلئے جتنے بھی آزمودہ تجربات ارسال کیے وہ تمام انشاءاللہ اپریل 2015ء کے خاص نمبر میں آرہے ہیں۔

آپ کا خواب اور روشن تعبیر

مبارک خواب

خواب: میں نے دیکھا کہ میں ایک بہت بڑے ریگستان میں اکیلی ہوں اور دور تک چلی جا رہی ہوں۔ مجھے کچھ آہٹ محسوس ہوتی ہے تب ہی مجھے ایک خاتون ملتی ہے جو مجھے بتاتی ہے کہ آگے ایک غار ہے۔ میں وہاں جاتی ہوں تو دیکھتی ہوں کہ وہاں کوئی شے ہے مگر وہ ایک لال کپڑے سے ڈھکی ہوئی ہے اور دوسری سبز کپڑے سے تب ہی ایک خاتون مجھے وہاں دعا مانگنے کو کہتی ہے۔ **دوسرا خواب:** میں دیکھتی ہوں کہ میرے ہاتھ میں بہت سا دودھ ہے۔ **تیسرا خواب:** میں دیکھتی ہوں کہ میری بڑی بہن کی شادی ہو رہی ہے اور بارات کا دن ہے۔ میں سب سے کہتی ہوں کہ جلدی کریں بارات آنے والی ہے تب ہی مجھے یاد آتا ہے کہ بارات کے استقبال کی تیاری نہیں کی۔ (ج ا۔ سکھر)

تعبیر: آپ کے خواب ماشاء اللہ بہت مبارک ہیں اور کسی اچھی خبر ملنے کا اشارہ ہے۔ آپ ہر نماز کے بعد 21 بار یَاخَبِیْرُ یَابَشِیْرُ پڑھ کر دعا کر لیا کریں۔

بے اولادی

خواب: درج ذیل دونوں خواب میرے شوہر نے دیکھے ہیں۔ پہلے خواب میں انہوں نے میرے پاپا کو ہنستا مسکراتا دیکھا ہے۔ وہ اور میرے پاپا ہمارے کچھ قریبی عزیزوں کے ساتھ جنہوں نے بچوں کا کوئی سٹال کھولا ہے۔ وہ دورہ کر رہے ہیں۔ میرے پاپا ہنستے مسکراتے ہوئے بچوں کے کھلونوں اور دوسری اشیاء کو دیکھ رہے ہیں۔ وہ قریبی عزیز میرے پاپا کی فرسٹ کزن کے بیٹے ہیں اور حقیقی زندگی میں صاحب اولاد ہیں جبکہ میری شادی کو تین سال گزر چکے ہیں اور میں ابھی تک اولاد سے محروم ہوں۔ **دوسرا خواب:** یہ خواب میرے شوہر نے دیکھا کہ وہ ایک بڑے اجاڑ اور ویران پرانے سے گاؤں کے گھر کی چھت پر ہیں جہاں گھاس پھوس بھی اگی ہوئی ہے۔ اتنے میں ان کی نظر نیچے صحن میں رکھی کرسی اور میز پر پڑتی ہے جس پر میرے پاپا سفید کپڑوں میں ملبوس بیٹھے ہیں۔ وہ بالکل اکیلے ہیں۔ اتنے میں میرے پاپا سر اٹھا کر اوپر میرے شوہر کی جانب دیکھتے ہیں وہ بالکل سنجیدہ ہیں۔ میرے پاپا کے دیکھنے کی وجہ سے میرے شوہر ہچکیوں سے رونے لگے اور اس کے ساتھ ہی ان کی آنکھ کھل گئی۔ (ایک بہن، گوجرانوالہ)

تعبیر: آپ کے شوہر کے خواب کے مطابق آپ کے پاپا ماشاء اللہ مرنے کے بعد اچھی حالت میں ہیں اور ان کے ساتھ خیر والا معاملہ لگتا ہے۔ باقی آپ ان پر جو کچھ پڑھ کر بھیجیں اور نفلی صدقات وغیرہ ان کیلئے کریں تو بے شک ان کی روح خوش ہوگی۔ خواب میں ان کو دیکھنے کیلئے سورۂ تکاثر دس بار پڑھ کر اس کا ثواب انہیں پہنچا کر سو جائیں انشاء اللہ ایک ہفتے کے اندر دیدار ہو جائے گا۔

ہاتھوں سے خون

خواب: فجر کی نماز پڑھ کر میں نے خواب دیکھا کہ میری ایک سالہ بیٹی کے دونوں ہاتھوں سے خون رس رہا ہے جو بازوؤں سے بہہ کر ناخنوں تک آ رہا ہے۔ میں اپنی بیٹی کو اپنے شوہر کے پاس لے کر جاتی ہوں تاکہ وہ اس کو ڈاکٹر کے پاس لے جائیں۔ وہ کہتے ہیں کہ بھائی جان کے ساتھ چلی جاؤ۔ میں اپنے جیٹھ کے پاس جاتی ہوں تاکہ اسے ہسپتال لے جا سکوں تو میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ (نگہت مختیار، فیصل آباد)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کی بچی کو بیماری کا اندیشہ ہے تاہم آپ فوری طور پر گوشت کا صدقہ دیں اور سات بار آیۃ الکرسی اور 119 بار یَاحَفِیْظُ پڑھ کر اس پر دم کر دیا کریں۔ انشاء اللہ حفاظت رہے گی۔

جلد شادی

خواب: میں نے دیکھا کہ میری دوست چارپائی پر بیٹھی ہوئی ہے جبکہ بہت سی لڑکیاں زمین پر بیٹھی ہوئی ہیں اور میں کھڑی ہوں۔ دیکھتی ہوں کہ میری دوست ہرے رنگ کے کپڑے پہنے ہوئے ہیں اسی رنگ کی چوڑیاں اور ٹکا پہنا ہوا ہے۔ میک اپ بھی بہت کیا ہوا ہے اور وہ بہت خوبصورت لگ رہی ہے۔ وہ دلہنوں کی طرح بیٹھی ہوئی ہے۔ اصل میں وہ غیر شادی شدہ ہے اور میں کہہ رہی ہوں کہ روز کی شادی ابھی نہیں اور یہ ایسے کیوں بیٹھی ہے۔ (سلمیٰ، لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کی دوست کی جلد شادی کے حوالے سے اچھی خبر ملنے کا امکان ہے۔

روزگار کی بندش

خواب: میں نے دیکھا کہ میں ایک بہت خوبصورت محل میں ہوں اس کے اندر ایک بہت بڑی کھانے کی میز پر دنیا جہان کے کھانے سجے ہوئے ہیں لیکن ان کھانوں سے رینگنے والے سفید رنگ کے کیڑے نکل رہے ہیں اور میں کھڑا ان کھانوں کو دیکھ رہا ہوں۔ ہم پانچ بھائی اور ایک بہن ہیں۔ میرا بہت چلنے والا میڈیکل سٹور ہے۔ میں بڑے بھائی اور بیمار ماں کے ساتھ رہتا ہوں۔ میری ماں دنیا سے بے خبر بستر پر پڑی ہوئی ہیں صرف سانس چل رہی ہے۔ ان کا سارا خرچہ اور جسمانی خدمت میں اور میری بیوی کرتے ہیں۔ میری اولاد نہیں شادی کو بارہ سال ہو گئے ہیں۔ جس سے بھی معلوم کیا بندش بتائی۔ میری دکان پر پہلے بہت برکت تھی مگر اب کچھ عرصہ سے بے برکتی ہو گئی ہے اکثر چوری بھی ہوتی ہے۔ صدقہ خیرات بھی کرتا ہوں بہت پریشان ہوں کچھ عمل بتائیں۔ (ج، اسلام آباد)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کے روزگار پر بندش کی گئی ہے اور سفلی کے ذریعے اور آپ کو اور آپ کے گھر والوں کو پریشان کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ آپ سورۂ فاتحہ اکتالیس بار مع تسمیہ سورۂ فلق اکتالیس بار سورۂ ناس اکتالیس بار آیۃ الکرسی اکتالیس بار اور سورۂ طٰہٰ کی آیات انہتر ستر اکتالیس بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے خود بھی پی لیا کریں اور تمام گھر والوں کو بھی پلائیں اور گھر کے چاروں کونوں میں اس کے چھینٹے ماریں۔ یہ عمل کم از کم نوے دن بلا ناغہ کرنا ہوگا۔ انشاء اللہ بندش ختم ہو جائے گی۔

تبخیر معدہ اور پیچش کیلئے

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا شائع کردہ رسالہ ماہنامہ عبقری تقریباً عرصہ چار سال سے پڑھ رہا ہوں آپ بہت احسن طریقے سے لوگوں کی رہنمائی فرما رہے ہیں اللہ پاک آپ کو لمبی عمر عطا فرمائے۔ قارئین کیلئے ایک نسخہ تحریر کر رہا ہوں۔ **تبخیر معدہ اور پیچش کیلئے: ھوالشافی:** انار دانہ چھلکا اسپغول، زیرہ، طباشیر، سونف تمام چیزیں ہم وزن لے کر سفوف بنا کر صبح خالی پیٹ شربت انجبار کے ساتھ لیں۔ (محمد طاہر فاروق، مظفر گڑھ)

چہرے کی چھائیاں اور دھبے ختم: تلسی کے پتوں کو اور لیموں کا رس برابر ملا کر لگانے سے چہرے سے چھائیاں، مہاسے اور کالے دھبے مٹ جاتے ہیں۔

120 سالہ جوان بابے کی جوانی کا راز

نصیر احمد، ایبٹ آباد

میں نے حیرانی سے پوچھا کہ آپ کیا چیز کھاتے ہیں' کوئی نسخہ یا کوئی جڑی بوٹی استعمال کرتے ہیں کہ جس سے جوانی برقرار ہے' وہ کہنے لگا کہ میرے بیٹوں نے خود اپنی صحت برباد کی ہے اور میں نے جان بچائی ہوئی ہے۔

اللہ تعالیٰ جس کو طاقت' عزت' صحت' مال و دولت دینا چاہے اس کیلئے ذریعہ بنا دیتا ہے۔ وادی کاغان میں ناران ایک مشہور مقام ہے' جہاں گرمیوں میں لوگ سیر و تفریح کرنے جاتے ہیں۔ بڑی خوبصورت جگہ ہے' چند میل اوپر جھیل سیف الملوک ہے جس سے دریائے کنہار نکلتا ہے۔ دریا میں ٹراؤٹ مچھلی عام ہوتی ہے۔ ناران میں ایک آدمی تھا جس کے بارے میں مشہور تھا کہ ایک سو بیس سال سے زائد عمر کا ہے۔ ظاہری طور پر وہ ساٹھ ستر سال کا لگتا تھا۔ اس کے تین بیٹے تھے جو بوڑھے اور ضعیف لگتے تھے یہ صاحب بڑے صحت مند تھے' مال مویشی سنبھالنا' گھر کے کام کاج' زمینداری کرنا' جنگل سے لکڑیاں لانا ان کا روزمرہ کا مشغلہ تھا' مجھے یقین نہ آتا تھا کہ اتنی عمر کا آدمی اتنا صحت مند چاق و چوبند کس طرح ہو سکتا ہے۔ ایک دن میں نے اس کو اپنے پاس بٹھایا اور پوچھا کہ واقعی آپ کی عمر 120 سال سے زائد ہے اس نے جواب دیا کہ بالکل سچ ہے۔ اپنے دانت دکھائے جو نئے پیدا ہوئے تھے سر کے بال بھی کہنے لگا کہ کچھ سے کالے ہو رہے ہیں۔ میں نے حیرانی سے پوچھا کہ آپ کیا چیز کھاتے ہیں' کوئی نسخہ یا کوئی جڑی بوٹی استعمال کرتے ہیں کہ جس سے جوانی برقرار ہے' وہ کہنے لگا کہ میرے بیٹوں نے خود اپنی صحت برباد کی ہے اور میں نے جان بچائی ہوئی ہے۔ بابا صاحب نے کہا کہ میں نے پیدائش سے لے کر آج تک چائے نہیں پی میرے بیٹے خوب چائے پیتے ہیں' دودھ دہی سے دونوں وقت صبح و شام خوب پیٹ بھر کر روٹی مکئی کی کھاتا ہوں۔ دوپہر کو روٹی بالکل نہیں کھاتا۔ بچپن سے عادت بنی ہوئی ہے کہ کبھی کبھی لسی میں ساگ' کدو وغیرہ پکا کر کھاتا ہوں اور اس میں مکھن یا گھی خوب ڈالتا ہوں۔ دالیں اور آلو وغیرہ بھی اسی طرح پکاتے اور کھاتے ہیں۔ کہنے لگے کہ میری طاقت و صحت کا ایک راز ہے جو اس طرح ہے کہ کہنے لگے کہ میں جب جوانی کی عمر کو پہنچا تو والد صاحب کے ساتھ بالاکوٹ جو کافی دور ہے جاتا' وہاں سے ہم آٹا' چاول اور گڑ وغیرہ لایا کرتے تھے۔ ایک دن میں آٹے کیلئے اکیلا چلا گیا' والد صاحب کسی دوسرے کام میں مشغول تھے۔ ادھار لایا کرتے تھے جس کھتری دکاندار سے میں سودا لایا کرتا تھا اس کی دکان پر پہنچا' وہ اپنی دکان سے تھوڑی دور باہر میدان میں کھڑا اعلان کر رہا تھا کہ جو کوئی دو سیر خالص سرسوں کا تیل جو میں نے تازہ نکلوایا ہے پی لے گا میں پانچ روپے انعام دوں گا۔ پانچ روپے اس زمانے میں بہت ہی بڑی رقم تھی' سرسوں کا تیل ایک سلور کے دیگچہ میں تھا اور پاس پانچ روپے چاندی کے سکوں کی شکل میں پڑے تھے۔ اس کے ارد گرد کافی لوگ جمع تھے شرط لگی ہوئی تھی' دو سیر تیل پینا آسان نہ تھا۔ میں نے دکاندار سے پوچھا کہ یہ شرط آپ نے دکانداروں کیلئے لگائی ہے یا ہر ایک کیلئے۔ اس نے جواب دیا جو بھی پی لے گا اس کو انعام دوں گا۔ اگر تم ہمت کر سکتے ہو تو پی لو اور انعام لے جاؤ۔ میں نے کہا کہ پہلے مجھے آٹے کی بوری دو اور ایک سیر گڑ بھی دے دو اس نے دکان سے بوری دی جو دو من دس سیر کی تھی۔ میں نے اٹھائی اور ایک دیوار پر رکھ دی۔ سب تماشا دیکھ رہے تھے۔ کئی لوگ کہہ رہے تھے کہ اتنا تیل کوئی نہیں پی سکتا۔ جو پیے گا مر جائے گا۔ میں نے پردہ دیگچی پاؤں کے بل بیٹھا۔ دیگچہ منہ سے لگایا' تین سانسوں میں اللہ کا نام لے کر پی گیا۔ فوراً اٹھا' پانچ روپے جیب میں ڈالے اور بوری کندھے پر رکھ کر تیز تیز چلنے لگا' بالاکوٹ سے کاغان تک تمام چڑھائی ہے میرا دل میلا ہو رہا تھا' میں نے گڑ کھانا شروع کر دیا' جونہی ایک میل چلا پسینہ بہنے لگا' جوں جوں چلتا پسینہ زیادہ مقدار میں نکلتا' کپڑے بھیگ گئے سر سے لے کر پاؤں تک پسینہ میں ڈوب گیا۔ کپڑوں سے تیل کی بدبو آ رہی تھی' پیاس لگتی لیکن میں نے پانی نہ پیا' میانڈری جا کر پانچ دس منٹ آرام کیا' دل میں ڈر تھا کہ اگر جسم ٹھنڈا ہو گیا تو ساری عمر کیلئے شل ہو جاؤں گا۔ اس لیے جلدی سے اٹھا اور تھکا ہوا آہستہ آہستہ قدم رکھتا کاغان تک پہنچ گیا۔ رات ہو چکی تھی' چند منٹ وہاں بیٹھا۔ وہاں سے سیدھا راستہ تھا' تین چار گھنٹوں میں گھر پہنچ گیا۔ سخت پیاس لگی ہوئی تھی' بھوک کا نام و نشان نہ تھا' والدہ کو سارا واقعہ سنایا اور انہیں پانچ روپے بھی دیئے۔ والدہ نے پہلے تو ڈانٹا پھر بستر پر لٹا دیا اور دودھ گرم کر کے دینا شروع کر دیا۔ (باقی صفحہ نمبر 34 پر)

عبقری! اجڑے گھر بسائے

یاسمین اکبر

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! ماہنامہ عبقری جنوری **2013** ء کے صفحہ نمبر **6** پر ایک وظیفہ چھپا تھا ''جادو کے ذریعے ہونے والی طلاق کا آیات قرآنی کے ورد سے بچاؤ'' محترم حکیم صاحب! ہمارے محلے میں ایک ایسا ہی واقعہ پیش آیا' اس لڑکی کی شادی کو تقریباً تین چار سال ہو گئے ہیں' پہلے سب کچھ ٹھیک تھا' میاں اس کا بیرون ملک سے گھر چھٹی پر آیا ہوا تھا' مختصراً یہ کہ حالات اتنے خراب ہو گئے کہ بات طلاق تک پہنچ گئی جب مجھے پتہ چلا تو میں نے عبقری سے درج ذیل وظیفہ ان کو لکھ کر دیا وہ بہت پریشان تھے انہوں نے بہت توجہ اور دھیان سے پڑھا اور اللہ تعالیٰ کی اتنی کرم نوازی کہ ایک گھر اجڑتے اجڑتے بس گیا' حالانکہ انہوں نے کچہری میں درخواست بھی دے دی تھی یہ ابھی پچھلے مہینے کی ہی بات ہے' جب راضی نامہ ہو گیا تو لڑکی کی والدہ ہمارے گھر آئی اور اس نے اتنی دعائیں دیں اتنی دعائیں دیں خود وہ بھی رو رہی تھی اور میں بھی رو رہی تھی' یہ خوشی کے آنسو تھے' محترم حکیم صاحب! یہ سب کچھ قرآنی آیات کا کمال اور آپ کے ماہنامہ عبقری کی مہربانی ہے کہ ایک گھر بس گیا۔ محترم حکیم صاحب! دل کی گہرائیوں سے آپ کیلئے دعائیں نکلتی ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے ساتھی جو محنت کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ آپ سب کو بہت بہت بہت لمبی زندگی دے' صحت اور طاقت دے' حوصلہ دے۔ اس واقعہ کے چند دن بعد میں نے خواب دیکھا کہ جیسا وظیفہ آپ نے مجھے بھیجا ہے اتنے ہی سائز کے رنگ برنگے وظیفے ہمارے گھر میں آسمانوں سے آ رہے ہیں جیسے بارش برستی ہے اور لوگ دوڑ رہے ہیں ہمارے گھر میں وظیفے لینے کیلئے' سبحان اللہ تیری قدرت۔ اجڑتے گھر بسانے والا وظیفہ درج ذیل ہے: یہ قرآنی آیات ہیں **21** دن تک **21** مرتبہ پڑھیں۔

وَ قُلۡ رَّبِّ اَعُوۡذُ بِکَ مِنۡ ھَمَزٰتِ الشَّیٰطِیۡنِ ۙ وَ اَعُوۡذُ بِکَ رَبِّ اَنۡ یَّحۡضُرُوۡنِ (مومنون **97.98**)

اکیس مرتبہ پڑھیں اور اکیس مرتبہ **لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ** رات کو سوتے وقت اور صبح نماز فجر کیلئے اٹھنے سے پہلے پہلے...... دونوں عمل پڑھیں اور سات مرتبہ سورۃ کافرون سات مرتبہ سورۃ اخلاص' سات مرتبہ معوذتین پڑھیں۔ سورۃ فلق اور سورۃ ناس ملا کر پڑھیں درمیان میں بسم اللہ نہ پڑھیں۔



یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روز مرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہو۔

ام اوراق

سردی اور چھوٹے بچے

سردی کا موسم ہے' چھوٹے بچوں کو گرم کپڑے پہنائے جاتے ہیں' پھر بھی انہیں نزلہ' بخار' کھانسی اور نمونیا کی شکایت ہوجاتی ہے۔ دورافتادہ علاقوں میں بچے زیادہ ہی بیمار پڑتے ہیں۔ آپ مشورہ دیجئے بچوں کو کس طرح محفوظ طریقے سے پالا جائے تاکہ وہ بیمار نہ ہوں۔ آپ جانتی ہیں گھر میں بچے کو تکلیف ہو تو سارا گھر الٹ پلٹ ہوجاتا ہے۔ (مہربانو' کراچی)

مشورہ: بانو بہن! سردیوں میں نزلہ' بخار' فلو' کھانسی اور سانس کی شکایات عام طور پر ہوجاتی ہیں۔ جو بچے کمزور ہوں وہ زیادہ نازک ہونے کی وجہ سے بار بار بیمار پڑتے ہیں۔ بچے کیا کمزور بڑے بھی سردی میں بیماری کا شکار ہوجاتے ہیں۔ کچھ بچے بار بار بیمار ہونے کی وجہ سے نمونے میں مبتلا ہوجاتے ہیں۔ بچے کو سانس نہیں آتا۔ نتھنے پھڑپھڑاتے ہیں۔ تیز بخار ہوجاتا ہے' عام طور پر اسے ''ڈبہ'' کی شکایت کہا جاتا ہے۔ کالی کھانسی اور خسرے کی وجہ سے بھی بچوں کے پھیپھڑے متاثر ہوتے ہیں۔ جس بچے کو خسرہ یا کھانسی ہو اس کا گلاس علیحدہ رکھنا چاہیے' چھوٹے گلاس میں پانی پینے سے دوسرے بچوں کو بھی کھانسی ہوجاتی ہے۔ بچوں کو ٹافیاں' گولیاں اور چیونگم دینے کے بجائے چنے' بادام' تل اور گڑ کی بنی ہوئی چیزیں دینی چاہئیں۔ بچوں کو مناسب لباس پہنانا چاہیے بہت سارے گرم کپڑے بھی نہیں پہنانے چاہئیں۔ گاؤں کی کچھ خواتین ایسی بھی نظر آئیں جو بچے کو نلکے کے نیچے بٹھا کر نہلا دیتی ہیں اور انہیں گرم کپڑے بھی نہیں پہناتیں جس سے انہیں ٹھنڈ لگ جاتی ہے۔ بڑے بچوں کو منقی اور ایک دو دانے انجیر کے کھلانے چاہئیں۔ اس سے پیٹ صاف رہتا ہے۔ چھوٹے بچوں کو قبض ہو تو انہیں کسٹرآئل یا زیتون کا تیل پلانے سے پیٹ صاف ہوجاتا ہے۔ نمونے کی صورت میں فوراً ڈاکٹر سے رجوع کیجئے۔ بچے کا سینہ گرم رکھئے' تارپین کا تیل یا بام مکس مل کر ہلکی سکائی کیجئے۔

چھوٹے بچے بخار سے پہلا بلاوجہ روتے ہیں چڑچڑے ہوجاتے ہیں معمول سے زیادہ ان کے گال سرخ ہوجاتے ہیں۔ کچھ بچے بے سدھ ہو کر پڑجاتے ہیں۔ انہیں چھیڑا جائے تو چونک کر روتے ہیں۔ بچے کو چمچ سے تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد پانی یا کسی موسمی پھل کا رس پلانا چاہیے۔ بچے اپنی زبان سے کچھ کہہ بھی نہیں سکتے مگر ان کے رویے میں نمایاں تبدیلی آجاتی ہے۔ جو مائیں بچے کو اپنا دودھ پلاتی ہیں ان کے بچے کم بیمار پڑتے ہیں۔

سفید رنگ کے دھبے

میری عمر 14 سال ہے' چہرے پر سفید رنگ کے دھبے پڑرہے ہیں جو کبھی بہت نمایاں ہوتے ہیں۔ مجھے کوئی نسخہ بتایئے۔ (جنت' لاہور)

مشورہ: جنت! آپ کسی ڈاکٹر کو دکھایئے' کیلشیم کی کمی یا پھلبہری کی وجہ سے بھی سفید داغ پڑجاتے ہیں۔ اپنی غذا میں کیلشیم شامل کیجئے۔ دودھ دو گلاس روزانہ پیجئے' انجیر تین عدد اور اس کے کلونجی ایک چٹکی ہر کھانے کے بعد نو ماہ تک کھایئے۔ لاجواب علاج ہے۔

جلد پھول گئی

میری عمر 21 سال ہے' میری ایک آنکھ کے نیچے کی جلد پھول گئی ہے۔ بہت بدنما لگتی ہے۔ میں نیند بھی پوری کرتی ہوں' آنکھ کے نیچے کریم وغیرہ بھی نہیں لگاتی۔ میری بڑی بہن 27 سال کی ہے اس کا بھی یہی مسئلہ ہے۔ ڈاکٹر کو دکھایا وہ کہتا ہے یہ کوئی مسئلہ نہیں خود ہی ٹھیک ہوجائے گا۔ براہ کرم کوئی مشورہ دیجئے۔ (غ' زاوکاڑہ)

مشورہ: اس عمر میں آنکھ کے نیچے کی جگہ پھولنی نہیں چاہیے' آپ کھیرے کو گول ٹکڑوں کی شکل میں کاٹئے اور یہ ٹکڑے آنکھ کے نیچے رکھیے۔ پانچ منٹ بعد کھیرے کا ٹکڑا اٹھا کر دوسرا ٹکڑا رکھیے اوپر تلے پندرہ منٹ میں تین ٹکڑے رکھیے۔ ایک ہفتہ ایسا کرکے دیکھئے' بے ضرر چیز ہے اس سے نقصان نہیں ہوگا۔ اس ورم پر کوئی کریم وغیرہ نہ لگایئے' آپ لوگوں کی غذا میں کوئی چیز ایسی شامل ہے جس سے آپ اور آپ کی بہن کو یہ تکلیف ہوتی ہے۔

چہرے کی چھائیوں کا علاج؟

میرے چہرے پر دن بدن چھائیاں بڑھتی جارہی ہیں اس کیلئے کوئی آسان سا علاج تجویز کردیں۔ (سعدیہ' کراچی)

مشورہ: سعدیہ! آپ ناریل کی کھل منگا کر رکھیے اس میں تھوڑا سا پانی ملا کر نرم کرکے چہرے پر ملیے' ابٹن کی طرح یہ مل جائے گی۔ اس سے چہرے کی خشکی دور ہوگی۔ بلڈ پریشر کیلئے آپ کسی اچھے ڈاکٹر یا حکیم سے مشورہ کیجئے۔ غذا میں گھیا اور دوسری سبزیاں استعمال کیجئے۔ خشک میوے' مونگ پھلی' انڈا' مچھلی نہ کھایئے۔ جو کا دلیہ ناشتے میں کھایئے۔

مثانے اور پتے کی پتھری کا علاج

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس دو عدد روحانی نسخہ جات ہیں جو میں قارئین کی نظر کرتا ہوں۔ اگر کسی آدمی کے مثانے یا پتے کے اندر پتھری ہے تو آپ کسی اللہ والے نیک آدمی سے لا الہ الا اللہ 73 مرتبہ سادہ کاغذ پر لکھوا کر پانی سے دھو کر اس پانی کو پیئے' پینے سے پتھری ریزہ ریزہ ہوکر نکل جائے گی اور روزانہ 101 مرتبہ لا الہ الا اللہ کا ورد کرتے رہیں۔

راہ راست پر لانے کا عمل

اگر کسی کی بیوی بدکلامی کرتی ہو تو اس شخص کو چاہیے کہ ہر نماز کے بعد 77 مرتبہ یَاحَسِیۡبُ یَاذَاالۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامُ پڑھ کر بیوی کی طرف منہ کرکے پھونک مارے اور اللہ تعالیٰ کی قدرت کا کرشمہ دیکھے۔ شرائط: پانچ وقت نماز ضروری' نظروں کی حفاظت ضروری' جھوٹ سے پرہیز' حلال لقمہ کا اہتمام ضروری پھر کمال دیکھیں۔ (محمد زاہد جاوید' وہاڑی)

لہسن! صدیوں پرانا معالج

منصور احمد

پنجاب کے دیہاتی معالج صدیوں سے سل اور دق کے لیے مریضوں کو دودھ میں لہسن ملا کر استعمال کرواتے ہیں۔ دودھ بھینس کا ہونا چاہیے لہسن کے عرق کی مقدار دو ماشے سے شروع کر کے چھ ماشے تک پی جاتی ہے۔

لہسن ایک معمولی سبزی ہے لیکن انسانی صحت کیلئے اس کا استعمال نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ لہسن ایک طاقتور اینٹی بائیوٹک دوا ہے۔ تجربے سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ لہسن آنتوں کی سرانیت اور کیڑوں کی ہلاکت میں موثر کردار ادا کرتا ہے۔ اس میں ایک خوبی یہ بھی ہے کہ یہ صرف مرض پیدا کرنے والے جراثیم ہلاک کرتا ہے مفید جراثیم ہلاک نہیں کرتا۔ ہمارے ہاں لہسن کا استعمال صدیوں سے ہو رہا ہے۔ سردیوں میں ہونے والی مختلف تکالیف کیلئے لہسن ایک نہایت مفید اور کارگر علاج ہے۔ اس موسم میں عموماً لوگ نزلہ و زکام' انفلوانزا اور گلے کی خرابی کا شکار ہوتے ہیں۔ اگر آپ لہسن کو اپنی روزمرہ کی غذا میں شامل کرلیں تو ان امراض سے کافی حد تک بچا جاسکتا ہے۔ اگر ممکن ہو تو آپ لہسن کی ایک دو کلیاں نوالے کے ساتھ چبالیا کریں یا پھر اسے پیس کر استعمال کریں۔ ایک کلو گرم پانی میں دو گرام لہسن کا تیل ملانے سے ناک اور گلے کی خراش میں بے حد مفید ہے۔ سردیوں میں نزلی رطوبت کی کثرت سے بالخصوص بچوں کو کان کے درد کی تکلیف ہوجاتی ہے۔ لہسن کا تیل اس تکلیف کا بہترین علاج ہے۔ تھوڑے سے خوردنی یا سرسوں کے کڑوے خوردنی تیل میں لہسن کے چار یا پانچ جوے دھیمی آنچ پر جلائیں اور جب یہ جل کر سیاہ ہوجائیں تو انہیں نکال کر تیل چھان لیں اور پھر نیم گرم تیل کی دو یا تین بوندیں متاثرہ کان میں ڈال کر روئی لگادیں۔ یہ تیل جوڑوں کے درد کیلئے بھی نہایت مفید ہے۔ جوڑوں کے درد میں لہسن کے تین جوے چھیل کر نہار منہ نگل لیں ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

اگر سردی کے موسم میں لہسن کی چٹنی استعمال کی جائے تو سردی کے مختلف عوارض سے محفوظ رہا جاسکتا ہے۔ پرانے لوگ اس موسم میں لہسن کو باجرے اور بیسن کی روٹی کے ساتھ نہایت اہتمام سے کھاتے تھے۔ ہمارے دیہات میں یہ طریقہ اب بھی رائج ہے۔ بعض لوگ تازہ لہسن کو سبزی کے طور پر پکا کر کھاتے ہیں۔ لہسن بلڈ پریشر کا بہترین علاج ہے۔ خصوصاً لہسن ان لوگوں کیلئے زیادہ مفید ہے جنہیں بلڈ پریشر کی شکایت گردوں کی خرابی کی وجہ سے نہیں ہوتی۔ ایسے مریضوں کو چاہیے کہ لہسن اور ہرے دھنیے کی چٹنی استعمال کریں۔ اس کی تیاری میں آپ کو کوئی خاص اہتمام نہیں کرنا پڑے گا' ناشتے اور رات کے کھانے کے ساتھ پانچ یا چھ جوے لہسن' تھوڑے سے ہرے دھنیے کے ساتھ پیس کر استعمال کریں۔ اس چٹنی کے استعمال سے عموماً تین یا پانچ روز کے اندر ہائی بلڈ پریشر کی علامات کم ہونے لگتی ہیں۔ درد سر اور ذہنی پریشانی اور انتشار کی علامات کم ہونے لگتی ہیں۔ لہسن آواز اور حلق کیلئے بھی مفید ہے۔ یہ نزلے اور زکام کیلئے تریاق ہے۔ نسیان' بھول' فالج' لقوہ' رعشہ' امراض اعصاب' جوڑوں کی شکایت' عرق النسا' لنگڑی کا درد' پسلی کا درد' نقرس' توتلے پن' تلی کا ورم' پیٹ کے کیڑے اور ہیضے کیلئے بھی مفید ہے۔ مرطوب مزاج والوں کیلئے مقوی باہ ہے' پرانے بخار' پھیپھڑوں کے زخم اور معدے کے درد کیلئے بھی مفید ہے۔ زہریلے جانوروں کے کاٹے ہوئے مقام پر لگائیں' ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔ جدید تحقیق کے مطابق خام لہسن کے تیل سے پانچ مختلف قسم کے مچھر ہلاک ہوجاتے ہیں۔ نیز اس کے تیل کے ایک جزا ایلی سن سے سرطانی خلیات کی پیدائش بھی رک جاتی ہے۔ قدیم اطباء کے مطابق یہ فالج کی بہترین دوا ہے' چنانچہ اس کی معجون فالج زدہ مریضوں کو استعمال کرائی جاتی تھی۔ لہسن معدے کی رطوبت کو خشک کرتا ہے' سدے کھول دیتا ہے' آواز کو صاف کرتا ہے' دمہ کھانسی کیلئے مفید ہے' خشک تاثیر ہے اور ہاضم ہے' ریاح اور بلغم کو ختم کرتا ہے۔ نبض کی بندش کو توڑتا ہے' (باقی صفحہ نمبر 34 پر)

جان' و مال اور عزت کی حفاظت کیلئے

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کے' آپ کے والدین' اہل و عیال' ادارہ عبقری کے منتظمین کے درجات بلند فرمائے' عبقری کی انتظامیہ کی تربیت دیکھ کر آپ ﷺ کے اصحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کی تربیت یاد آجاتی ہے۔ سوچتی ہوں چودہ سو سال بعد آپ ﷺ کے عاشق کی تربیت ایسی ہے تو آپ رحمۃ اللعالمین ﷺ کی تربیت کا کیا عالم ہوگا۔ اللہ کرے تمام عالم کے انسان خاص طور پر تمام مسلمان ایسے ہی شریف اور باعمل ہوجائیں۔ آمین! حضرت حکیم صاحب! میرا ایک آزمایا ہوا وظیفہ ہے اگر کوئی آپ کی جان و مال و عزت کے درپے ہوجائے تو عشاء کی نماز کے بعد اپنی جگہ سے نہیں اٹھنا اور بغیر کسی سے بات کیے 903 بار یَاقَابِضُ پڑھنا ہے' یہ عمل تین دن مسلسل کرنا ہے اور دعا کرنی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے کرم سے وہ شخص آپ کو نقصان نہ پہنچاسکے گا بلکہ وقت کے ساتھ پشیمان ہوگا اور صلح کرلے گا۔ میرا آزمایا ہوا ہے۔ (کوثر فردوس)

(بقیہ: لہسن صدیوں پرانا معالج)

تنفس کیلئے بھی مفید ہے۔ سردیوں میں استعمال کرنے سے گرمی پیدا ہوتی ہے۔ اگر لہسن کو کوٹ کر پھوڑوں پر لیپ کیا جائے تو وہ پھٹ جائیں گے اور فاسد مادہ خارج ہوجائے گا' یورپ کے ماہرین طب نے سل اور دق کیلئے اسے بہترین قرار دیا ہے۔ پنجاب کے دیہاتی معالج صدیوں سے سل اور دق کے لیے مریضوں کو دودھ میں لہسن ملا کر استعمال کرواتے ہیں۔ دودھ بھینس کا ہونا چاہیے لہسن کے عرق کی مقدار دو ماشے سے شروع کر کے چھ ماشے تک پی جاتی ہے۔

(بقیہ: 120 سالہ جوان بابے کی جوانی کا راز)

تقریباً ایک سیر کے قریب میں نے دودھ پی لیا' پھر سو گیا' صبح اٹھا' والدہ نے گھی میں روٹی تر کر کے کھلائی اور اوپر سے گرم دودھ پلایا۔ دوسرے دن بالکل ٹھیک تھا۔ طاقت کا اندازہ نہ کرسکتا تھا' جسم میں عجیب قسم کی طاقت محسوس ہو رہی تھی۔ میری والدہ نے بکری کا دودھ گرم کر کے تیل ملا کر چند بار پلایا ٹھنڈی چیز کھانے کو بالکل نہ دی۔ بس میں طاقت ور بن گیا۔ اس تیل نے میرا جسم لوہے کی مانند کردیا اور آج تک کمزوری نزدیک نہیں آئی۔

تسبیح خانہ سے بیعت ہونے کے بعد کیا کریں؟

حضرت حکیم صاحب سے سلسلہ عالیہ قادری ہجویری کے بیعت ہونے کے بعد 1۔ منتخب احادیث کا مستقل مطالعہ کریں۔ 2۔ شجرہ طیبہ کو اپنی زندگی کی ترتیب میں لائیں۔ اپنی زندگی کے معاملات پاکیزہ اور صاف ستھرے ہوں' کسی کے لین دین میں حلال و حرام کا خاص خیال رکھا جائے۔ اپنی گھریلو زندگی اور معاشرت میں بیوی' ماں' بہن بھائیوں کے ساتھ اچھا معاملہ اور خوش خلقی کا معاملہ ہو۔ کسی سے رنجش ہو تو کوشش کریں اس کے ساتھ معاملہ بہتر ہو بدکار سے بدکار انسان کے دل میں نفرت نہ ہوتی کہ کافر و مشرک کے لیے دل میں نفرت نہ ہو بلکہ خیر خواہی کا جذبہ اور اس کی ہدایت کا فکر ہو۔ اپنے مرشد کو ہر ہفتہ پندرہ دن کے بعد آخری ہر بیٹھے اپنے احوال اذکار کیفیات تسبیحات لکھتے رہیں اور خاص طور پر جو اعمال نہیں کر پا رہے ان کی اطلاع ضرور دیں اور سب سے زیادہ نفع اس کو ہوگا جو مرشد کے بارے میں اچھا گمان اعتماد اور یقین سے چلے گا۔ بیعت ہونے کے بعد درس کا سننا بہت ضروری ہے یہ دراصل مرید اور مرشد کے درمیان ایک رابطہ کا ذریعہ ہے' درس کسی بھی شکل میں نیٹ' سی ڈی میموری کارڈ موبائل کے ذریعے مستقل سنتے رہیں اور دوسروں کو بھی درس کی ترغیب دیتے رہیں اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی رضا عطا فرمائے اور مسنون زندگی پر دن رات چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

ملتانی مٹی چار چمچ، شہد دو چمچ، دہی دو چمچ اور لیموں کا رس ایک چمچ ملا کر چہرے پر ماسک کی طرح آدھ گھنٹہ لگائیں پھر نیم گرم پانی سے منہ دھولیں اس کے بعد چہرے پر برف کی ٹکور کریں یہ عمل روزانہ کرنے سے رنگ صاف ہوجاتا ہے۔

قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں آپ نے کوئی روحانی، جسمانی نسخہ، ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں، اپنے معمولی سے تجربے کو بھی بیکار نہ سمجھئے، یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی صفحات کے ایک طرف لکھیں، نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

مجھے بدہضمی ہوگئی!

(پروفیسر (ر) غلام قادر ہراج، جھنگ)

بعض اوقات کسی غذا کے زیادہ کھانے سے یا بے قاعدہ استعمال سے مجھے بدہضمی ہوجاتی ہے۔ اس کے علاج کیلئے ڈاکٹروں اور حکیموں سے علاج کروانے کیلئے کافی سرمایہ درکار ہے۔ میں نے اصلاح بدہضمی کیلئے ایک چارٹ تیار کیا ہے۔ آپ بھی یہ چارٹ بنا کر کچن میں لگا سکتے ہیں اور ضرورت پڑنے پر اس کی ہدایات پر عمل کرکے ڈاکٹرز اور حکیموں سے وقت اور رقم بچا کر کسی اور مفید کام میں لگا سکتے ہیں۔

بدہضمی	دور
اخروٹ کی بدہضمی دور	انار کھانے سے
آم کی بدہضمی دور	لسی پینے سے
انگور کی بدہضمی دور	گلقند، سونف سے
انجیر کی بدہضمی دور	بادام کھانے سے
امرود کی بدہضمی دور	سونٹھ، سونف
آڑو کی بدہضمی دور	شہد کھانے سے
آملہ کی بدہضمی دور	بادام روغن سے
آلو کی بدہضمی دور	گرم مصالحے سے
املی کی بدہضمی دور	بنفشہ سے
انار کی بدہضمی دور	نمک سے
باتھو کی بدہضمی دور	گرم مصالحے سے
بادام کی بدہضمی دور	کھانڈ کھانے سے
بہی کی بدہضمی دور	شہد کھانے سے
بینگن کی بدہضمی دور	سرکہ کھانے سے
بیسن کی بدہضمی دور	سہانجنہ کے اچار سے
بھنڈی کی بدہضمی دور	گرم مصالحے سے
بیر کی بدہضمی دور	نمکین گرم پانی سے
بھینس کے دودھ کی بدہضمی	سیندھا نمک؟
بکری کے دودھ کی بدہضمی	شہد/سونف
پالک کی بدہضمی دور	سونٹھ کھانے سے
پیلو کی بدہضمی دور	اسپغول کھانے سے
پیٹھا کی بدہضمی دور	کالی مرچ سے
پستہ کی بدہضمی دور	چھوٹی ہریڑ سے
تر کی بدہضمی دور	اجوائن کھانے سے
تمباکو کی بدہضمی دور	تازہ دودھ سے
تل کی بدہضمی دور	شہد کھانے سے
گھیا توری کی بدہضمی دور	سونٹھ کھانے سے
بھنڈی کی بدہضمی دور	سونٹھ کھانے سے
تربوز کی بدہضمی دور	گڑ کھانے سے
جوار کی بدہضمی دور	گلقند کھانے سے
جو کی بدہضمی دور	نمک کھانے سے
جھینگا مچھلی کی بدہضمی دور	بادام روغن سے
چاول کی بدہضمی دور	نمک کالی مرچ سے
چائے کی بدہضمی دور	سونف کھانے سے
چلغوزہ کی بدہضمی دور	کھٹائی سے
چھاچھ کی بدہضمی دور	لیموں سے
خربوزہ کی بدہضمی دور	شہد کھانے سے
خوبانی کی بدہضمی دور	سکنجبین سے
دہی کی بدہضمی دور	سونٹھ کھانے سے
رواں کی بدہضمی دور	سونف سے
راب کی بدہضمی دور	کھٹائی سے
سرکہ کی بدہضمی دور	مٹھائی سے
سنگترہ کی بدہضمی دور	گڑ سے
سیب کی بدہضمی دور	دارچینی، گلقند سے
سنگھاڑا کی بدہضمی دور	ناگرموتھا سے
ساگ سرسوں کی بدہضمی دور	کتھ سے
شریفہ کی بدہضمی دور	کھٹائی سے
شہد کی بدہضمی دور	اناردانہ سے
شہتوت کی بدہضمی دور	شکنجبین سے
فالسہ کی بدہضمی دور	گل قند سے
کچالو کی بدہضمی دور	دارچینی سے
کدو کی بدہضمی دور	گرم مصالحے سے
کیلا کی بدہضمی دور	شہد سے
کریلا کی بدہضمی دور	شہد سے
کھجور کی بدہضمی دور	چھاچھ سے
کھیر کی بدہضمی دور	مونگ کی دال سے
گاجر کی بدہضمی دور	گڑ سے
گھیا کی بدہضمی دور	اناردانہ سے
گڑ کی بدہضمی دور	کھٹائی سے
گنے کی بدہضمی دور	عرق اجوائن سے
گوبھی کی بدہضمی دور	گرم مصالحہ سے
مسور کی بدہضمی دور	سرکہ سے
مونگ کی بدہضمی دور	کھٹائی سے
چنے کی بدہضمی دور	اجوائن کھانے سے
مولی کی بدہضمی دور	نمک / گڑ سے
گوار کی بدہضمی دور	سونٹھ سے
گائے کے دودھ کی بدہضمی	چونے کے پانی سے
گوشت کی بدہضمی دور	گڑ سے
گھی کی بدہضمی دور	گرم پانی/لیموں سے
گیہوں کی بدہضمی دور	سرکہ سے
لہسن کی بدہضمی دور	دھنیا، دودھ
لسوڑہ کی بدہضمی دور	گلقند کھانے سے
لوبیا کی بدہضمی دور	زیرہ سے
مکھن کی بدہضمی دور	شہد سے
مچھلی کی بدہضمی دور	آم کا رس یا شہد سے
ماش کی بدہضمی دور	سونٹھ سے
میتھی کی بدہضمی دور	کھٹائی، گڑ سے
مرچ لال کی بدہضمی دور	شہد یا گھی سے

کشف قبور کے عمل کا ذاتی مشاہدہ

(شاہینہ اینڈ سدرہ' گوجرانوالہ)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارا گھرانہ عرصہ تین سال سے باقاعدگی سے ماہنامہ عبقری کا مطالعہ کرتا ہے' ماہنامہ عبقری میں ستمبر 2012ء میں کشف قبور کا عمل شائع کیا' جو حکیم سید طاہر جلیل' بہاولپور کا لکھا ہوا ہے۔

میں یہ عرض کرنا چاہتی ہوں کہ یہ عمل میں نے اور میری بہن نے کیا' ہم دونوں نے دو دو ماہ یہ عمل کیا۔ میں نے اس کا تجربہ اپنے گھر کی دیوار کے ساتھ بنی قبروں پر رات کو اپنے گھر کی چھت پر کیا۔ مجھے پہلے ہی دن حیرت انگیز طور پر قبر سے دھوئیں کی روشنی نکلتی نظر آئی اور میرے ساتھ گفتگو کی کیونکہ یہ میرا پہلا تجربہ تھا' رات کو روح کے ساتھ بات کرکے مجھے بہت اچھا لگا۔ پھر چار دن بعد میں نے دوبارہ چھت پر کھڑے ہوکر ایک اور قبر پر کیا۔ یہاں میں نے نہایت حوصلہ سے کیا اور یہ عمل پڑھ کر روح سامنے آئی۔ میری بہن نے چھت پر کھڑے ہوکر ایک قبر پر چھ بار عمل کیا' پہلے تو اسے چھ بار میں کامیابی نہ ہوئی لیکن ساتویں بار اسے قبر سے باقاعدہ آواز آئی' پوچھو کیا پوچھتی ہو؟ اس نے سلام کیا تو جواب آیا وعلیکم السلام' بہن نے گھبراہٹ میں پوچھا آپ کی کیا خدمت کرسکتی ہوں تو قبر سے آواز آئی' مجھے کئی بار سورۂ یٰسین پڑھ کر بخش دو اور میری طرف سے کسی غریب کو کھانا کھلا دو میں پھر آسانی سے قبر سے باہر آسکتا ہوں۔

بہرحال جب ہم دونوں بہنوں نے یہ عمل کیا اور یہ عمل جب ہم نے اپنے والدین کو بتایا تو انہیں بڑی حیرت ہوئی کہ کیا ایسے بھی ہوسکتا ہے۔ بہرحال آپ ہماری طرف سے طاہر جلیل صاحب کا شکریہ ادا کردیں کہ آپ کے اس عمل نے ہمارے دل میں اللہ کے کلام کی عظمت پیدا ہوئی ہے۔

کشف قبور کا عمل تفصیل کے ساتھ درج ذیل ہے:۔

سب سے پہلے عمل کی زکوٰۃ ادا کریں اور یہ زکوٰۃ دو بار ادا کریں' یہ عمل کسی بھی ماہ کے نئے چاند سے شروع کریں۔ خیال رہے کہ نئے چاند پر قمر درعقرب نہ ہو۔ پرہیز: عمل شروع کرنے سے تین دن پہلے (یعنی نئے چاند کی پہلی تاریخ سے تین یوم پہلے (72 گھنٹے) پہلے ترک حیوانات جلالی جمالی کا پرہیز کریں۔ گوشت' انڈا' مچھلی' پیاز' لہسن' مولی' مکھن' گھی' گلے ہوئے پھل' امرود' کشتہ جات' ہومیو ادویات' انگریزی ادویات اور بازاری خوراک اور ازدواجی تعلقات سے مکمل پرہیز...... یہ بھی خیال رکھیں کہ آپ زخمی حالت میں نہ ہوں۔ خوراک میں بادام' ناریل' جو' مکئی کی روٹی' گندم' ابلی سبزیاں' دالیں ابلی ہوئی کھاسکتے ہیں۔ دن میں بدستور کام کاج' تعلیم وغیرہ سرانجام دیں۔ پانچ وقت نماز کی پابندی' کسی سے غصہ نہ کریں' انتقام نہ لیں' برا بھلا نہ کہیں' غیبت اور الزام تراشی سے پرہیز لازم ہے۔ اگر روزہ رکھیں تو بہت اچھا ہے لیکن ہر بدھ کو روزہ ضرور رکھیں۔ **عمل**: یَاصَمَدُ اَللّٰہُ الصَّمَدُ عمل کیلئے جگہ تنہا' اگربتی جلائیں' چاند کی پہلی تاریخ کی رات ٹھیک 12 بجے (پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم) پانچ ہزار بار شمال رخ پڑھیں' پھر بغیر بات کیے سو جائیں۔ پھر اگلے دن چار ہزار بار' تیسرے دن تین ہزار بار' چوتھے دن دو ہزار بار' پانچویں دن ایک ہزار بار' چھٹے دن 9 سو بار' ساتویں دن آٹھ سو بار' آٹھویں دن سات سو بار' نویں دن چھ سو بار' دسویں دن پانچ سو بار' گیارہویں دن چار سو بار' بارہویں دن تین سو بار' تیرہویں دن دو سو بار' چودھویں دن ایک سو بار۔ اب مکمل ہوا۔ روزانہ عشاء کے بعد سو بار مسلسل پڑھیں۔ اب اسی طرح اگلے ماہ کی یکم تاریخ کی رات (نئے چاند) سے اس عمل کو دوبارہ کریں۔ 14 یوم مکمل کرکے روزانہ صرف 100 بار پڑھنا معمول بنالیں۔ پہلے ماہ کے چودہ یوم مکمل ہونے پر ترک حیوانات کا پرہیز ختم کرسکتے ہیں البتہ دوسرے ماہ میں پھر ترک حیوانات ہوگا۔ جس جگہ عمل کریں وہاں اندھیرا ہو اور کمرے میں تصویریں وغیرہ نہ ہوں۔ جس دن آپ نے روح سے ملاقات کرنی ہے تازہ غسل کرکے رات کو بارہ بجے کسی دوست' عزیز کی قبر پر چلے جائیں۔ قبر کے پاؤں کی طرف بیٹھ کر ایک ہزار بار یَاصَمَدُ اَللّٰہُ الصَّمَدُ کا ورد کریں اور روح سے باتیں کریں' کسی قسم کی گھبراہٹ کی ضرورت نہیں۔ یہ عمل نہایت سادہ ہے کوئی نقصان نہیں ہوتا۔

نام محمد ﷺ سے مشکلات دور

(رانی' پاکپتن شریف)

محترم قارئین السلام علیکم! میں آج جو باتیں آپ سے شیئر کرنا چاہتی ہوں وہ میں نے پہلے کبھی کسی سے نہیں کیں' میری عمر 25 سال ہے مجھے نہیں معلوم میں نے درود شریف چھوٹی عمر میں کیسے سیکھا اور پھر بے اختیار زبان سے اس کو پڑھتی ہی چلی جاتی تھی۔ مجھے درود شریف سے ہمیشہ اپنایت ملتی تھی۔ مجھے زندگی میں جب بھی کوئی بڑی مشکل کا سامنا ہوا بے اختیار محبوب خدا محمد مصطفیٰ ﷺ کا نام مبارک زبان پر آجاتا ہے تو مشکل دور ہوجاتی ہے لیکن میری زندگی کا سب سے بڑا واقعہ میرا آپریشن تھا۔ میرے جسم میں ایک رسولی تھی۔ ڈاکٹرز نے مشورہ دیا کہ فوراً آپریشن کروا دیا جائے۔ میں نے یہ بات اللہ کی رضا مانتے ہوئے آپریشن کروانے کا فیصلہ کیا جب میں آپریشن تھیٹر گئی تو بے اختیار میرا دھیان حرف مدینہ شریف کی طرف ہوگیا جب میں آپریشن کے دوران بے ہوش تھی تب بھی ڈاکٹرز کہہ رہی تھیں میں بے ہوشی میں حضور نبی کریم ﷺ کو ہی پکار رہی تھی اور جب میں ہوش میں آئی تو زبان پر اُس عظیم ترین ہستی کا نام مبارک اور تصور میں مدینہ ہی تھا میں آنکھ بند کرتی تو لگتا تھا وہ میرے بہت قریب ہیں اور تکلیف کو روک رہے ہیں۔ میں اپنے اردگرد کوئی ہالہ سا محسوس کرتی تھی۔ بار بار اس کیفیت میں میری آنکھوں سے آنسو آرہے تھے۔ یہ کیفیت تین دن رہی اور پھر جب میری پٹیاں وغیرہ اتریں تو یہ کیفیت ختم ہوگئی اور پھر کبھی ایسا محسوس نہیں ہوا۔ ایک بار میری آنکھوں میں گرم تیل کے چھینٹے پڑ گئے لیکن جیسے میری زبان سے درود شریف جاری ہوا میں حیران رہ گئی کہ اس تیل سے مجھے کچھ بھی نہ ہوا لیکن اس کی چکناہٹ میری آنکھوں میں تھی۔ قارئین! آپ بھی حضور نبی اکرم ﷺ پر بہت زیادہ درود پاک پڑھا کریں اور ان کے ادب و احترام کا خاص خاص خاص خیال رکھیں۔

بیسن کی مٹھائی

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں اکثر گھر میں ایک سویٹ ڈش بناتی ہوں' یہ بہت اچھی بیسن کی مٹھائی ہے اور ہر کوئی اپنے گھر میں اسے بنا سکتا ہے۔ ایک تو یہ جلدی بن جاتی ہے اور دوسرا مزیدار بھی بہت ہوتی ہے۔

اشیاء: بیسن ڈیڑھ کپ' انڈے آٹھ عدد' چینی ڈیڑھ کپ' ناریل دو کپ (ناریل کرش شدہ یعنی سوئیوں کی طرح لمبا کٹا ہوا) گھی حسب ضرورت' بادام پستہ وغیرہ (گارنشنگ کیلئے)۔

ترکیب: بیسن کو گھی میں بھون لیں' انڈے اور چینی پھینٹ لیں (چاہے تو گرینڈر میں ڈال کر گرینڈ کرلیں) جب بیسن خوشبو دینے لگے تو پھینٹے ہوئے انڈے اور چینی آہستہ آہستہ ڈالیں اور چمچ چلاتے جائیں۔ پھر کھوپرا اور بادام بھی کتر کر ڈال دیں۔ جب سب چیزیں بھن جائیں تو کسی ٹرے میں جما کر چاندی کے ورق لگا دیں اور ٹکڑیاں کاٹ لیں یا ہاتھ سے لڈو بنا کر رکھ دیں' گرم گرم یا دونوں طرح پیش کیا جاسکتا ہے۔ **نوٹ:** ناریل کے پیکٹ بازار میں عام مل جاتے ہیں' ایک زیادہ پسا ہوا ہوگا لیکن دوسرا کرش شدہ سوئیوں کی طرح ہوگا وہ بہتر ہوگا۔ (فرحت' لاہور)

دو بھائیوں کے درمیان کبھی بھی دشمنی نہ ڈال کیونکہ وہ معمولی بات پہ صلح کر لیں گے اور تجھے ہمیشہ کی برائی حاصل ہو جائے گی۔

کیکر! زنانہ و مردانہ پوشیدہ امراض کا لاجواب معالج

مسز اسماء حسن

کیکر کی مسواک دانتوں کیلئے فائدہ مند ہے جو لوگ پابندی سے مسواک کرتے ہیں۔ ان کے دانت مضبوط اور سفید رہتے ہیں۔ کوئی مرض نہیں ہوتا۔ کچھ خواتین کیکر کے کوئلہ میں ہم وزن کچی پھٹکڑی ملا کر پیس کر رکھ لیتی ہیں۔ یہ عام سادہ منجن دانتوں کیلئے اکسیر ہے۔

میری کزن کے دانتوں میں عجیب تکلیف تھی جب کچھ کھاتی خون بہنے لگتا۔ ڈاکٹر کو دکھایا تو اس نے بڑا سا نسخہ لکھ دیا' گولیاں کیپسول اور غرارے کرنے کی دوائیاں' مسوڑھوں پر لگانے کی دوا اور تاکید کی سخت چیزیں نہ کھائیں۔ دوا کھانے کے بعد تھوڑا سا وقتی طور پر آرام آیا مگر مسوڑھے ایسے نرم پڑ گئے تھے روٹی کا نوالہ چبانے سے خون رسنے لگتا۔ ایک دن ہماری پرانی نوکرانی ملنے آئی تو ڈھیر سارے بھٹے لائی' کوئلے جلا کر اس نے نرم نرم بھٹے بھونے تو سارے گھر میں سوندھی مکئی کی خوشبو پھیل گئی۔ سب نے مزے لے لے کر بھٹے کھائے۔ بے چاری کزن سب کا منہ دیکھتی رہی۔ نوکرانی نے اس کا حال پوچھا' دانتوں سے خون نکلنے کا سن کر وہ ہنس پڑی۔ بولی: واہ بی بی واہ! شہر کے لوگ نازک ہوتے ہیں۔ ہم تو کیکر کی چھال لے کر اسے چبا لیتے ہیں۔ اس سے مسوڑھے مضبوط ہو جاتے ہیں۔ اب تم چھال تو چبا نہیں سکتی تو چھال کو پکا کر اس پانی سے غرارے کرو اور میں تم کو کیکر کے کوئلے کا منجن بنا دیتی ہوں اس سے تمہارے دانت ٹھیک ہو جائیں گے۔ واقعی ایسا ہی ہوا۔ کیکر کی چھال کے غرارے اور کیکر کے کوئلہ کا منجن اچھی دوا ثابت ہوا۔ میری کزن ٹھیک ہو گئی۔ اس کی پھلیاں بھاگن میں لگتی ہیں۔ ان کو ایسے وقت توڑنا چاہیے جب بیج کچا ہو اور پکا نہ ہو۔ بواسیر اور مردانہ بیماریوں کیلئے یہ پھلیاں اکسیر ہیں اس کی چھال کا جوشاندہ استعمال کیا جاتا ہے اور کانٹے ہچکی دور کرنے کیلئے دیتے ہیں۔ ہچکی کیلئے کیکر کے کانٹے کا ٹوٹکہ ہے۔ کیکر کے کانٹے دو تولہ لے کر آدھ کلو پانی میں جوش دیں' جب پانی آدھ پاؤ رہ جائے اتار کر چھان کر ایک تولہ شہد ملا کر پلائیں' آرام آ جاتا ہے۔ اس کا گوند عام مل جاتا ہے جو مختلف طریقے سے استعمال ہوتا ہے۔ دیہات میں کیکر کی کونپلیں توڑ کر سایہ میں سکھا کر چینی ملا کر سفوف بنا لیا جاتا ہے۔ تقریباً چار پانچ ماشہ سفوف صبح نہار منہ پانی کے ساتھ کھلایا جاتا ہے۔ دیہاتی اسے جریان کی مجرب دوا مانتے ہیں۔ اسی طرح ماشہ بھر کونپل سفید زیرہ اور انار کی کلی پانی میں پیس کر کپڑے سے چھان کر بچوں کو دست بند کرنے کے لیے دی جاتی ہے جن بچوں کی کانچ نکلتی ہو اس کو کیکر کی چھال پانی میں پکا کر اس وقت تک آب دست کرایا جاتا ہے جب تک وہ صحت یاب نہیں ہو جاتے۔ یہ چھال قابض ہوتی ہے۔ مسوڑھے نرم پڑ جائیں ان سے خون بہنے لگے اور دانت ہل جائیں تو اس کی تازہ چھال چبانے یا اس کا جوشاندہ بنا کر غرارے کرنے سے فائدہ ہوتا ہے۔ پہلے طبیب کیکر کی چھال کا جوشاندہ بنا کر اس میں تھوڑی سی پھٹکڑی ملا کر بھگو دیتے پھر چھان کر پانی کے غرارے کراتے۔ اس سے منہ کے چھالے ٹھیک ہو جاتے تھے۔ اگلی رات کو بھگو کر صبح چھانی جاتی تھی۔ ببول کی چھال کے جوشاندے سے کلیاں کی جائیں تو ہلتے دانت بھی مضبوط ہو جاتے ہیں۔ اس کی چھال کا سفوف منجن بنا کر کرنے سے دانت بھی مضبوط اور صاف ہو جاتے ہیں۔ مسوڑھوں کا پلپلا پن دور ہو جاتا ہے۔ ہماری مشرقی طب میں سفوف پوست مغیلاں اس سے تیار ہوتا ہے۔

کیکر کی مسواک دانتوں کیلئے فائدہ مند ہے جو لوگ پابندی سے مسواک کرتے ہیں۔ ان کے دانت مضبوط اور سفید رہتے ہیں۔ کوئی مرض نہیں ہوتا۔ کچھ خواتین کیکر کے کوئلہ میں ہم وزن کچی پھٹکڑی ملا کر پیس کر رکھ لیتی ہیں۔ یہ عام سادہ منجن دانتوں کیلئے اکسیر ہے۔ اس میں آپ نمک اور سیاہ مرچ بھی ملا سکتے ہیں۔ ہلتے دانتوں کیلئے کیکر کی چھال دو تولہ لے کر اس میں تین ماشہ سونٹھ ملا کر باریک پیس کر رکھ لیا جائے تو اس کو صبح و شام دانتوں پر ملنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ زبان پر ورم ہو جائے تو بہت تکلیف ہوتی ہے۔ اس میں بھی کیکر کی چھال کام آتی ہے۔ تولہ بھر چھال لے کر آدھ کلو پانی میں جوش دے کر چھان کر رکھ لیں۔ نیم گرم پانی سے کلیاں کریں۔ فائدہ ہوگا' متورم گلے کو بھی اس پانی سے غرارے کرنے سے آرام آتا ہے۔ کیکر کا منجن ہمارے گھروں میں یوں بنتا تھا۔ بکرے کی گودے والی نلی خالی ہو جاتی تو اس کو سنبھال کر رکھ لیتے' ڈھیر ساری اکٹھی ہو جاتیں تو کیکر کے کوئلے کڑاہی میں جلا کر ان نلیوں میں کالی مرچ بھر کر کوئلوں پر رکھ دیتے' جب یہ جل کر سفید ہو جاتیں تو کڑاہی پر کوئی برتن الٹ کر رکھ دیتے۔ ٹھنڈا ہونے پر نکالتے۔ باون دستہ میں کیکر کا کوئلہ

(باقی صفحہ نمبر 47 پر)

آئیں ٹوٹکے آزمائیں!

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے اپنے بڑوں سے سنا تھا اور ضرورت پڑنے پر ایک دوست کو بتایا تو اس نے آزمایا جو سچ ثابت ہوا کہ گردن کو اگر بل پڑ جائے تو اپنا تکیہ دھوپ میں رکھ دیں بل تھوڑی ہی دیر میں نکل جائے گا۔ ٹوٹکہ نمبر 2: سوتے وقت چارپائی پر کبھی بھی کنگھی رکھ کر نہ سوئیں ورنہ منہ ٹیڑھا ہو جائے گا چاہے آزما کر دیکھ لیں۔ (غلام قادر لاہور)

عبقری میں ٹوٹکہ سیکشن کا قیام

اس کار خیر میں آپ بھی حصہ دار بنیں

قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہو جاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

مجھے ضرور پڑھیں!!!

1۔ الحمدللہ لاکھوں قارئین پڑھتے اور پھر لکھتے ہیں ہم آپ کی تحریریں باری آنے پر ضرور شائع کریں گے۔ اگر کسی وجہ سے ڈاک ہم تک نہ پہنچی تو مجبوری ہے۔ اگر کہیں سے تحریر لیں تو متعلقہ حوالہ ضرور لکھیں۔ تحریر پر اپنا موبائل یا فون نمبر ضرور لکھیں۔

2۔ ایڈیٹر کی کتابیں' رسالہ آپ کی نظر سے گزرا۔ حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے۔ بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں۔ ہم آپ کے بے حد شکر گزار ہوں گے۔ ایڈیٹر کی کتابیں دراصل تالیفات ہیں جس کیلئے دوسری کتب اور رسائل اور جرائد سے استفادہ کیا گیا ہے یہ وضاحت کرنا لازم سمجھتے ہیں کہ جس کتاب سے حوالہ لیا گیا ہے مؤلف کا انکے تمام نظریات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ بطور حوالہ مختلف لوگوں کی تحریریں اور نظریات شائع کیے گئے ہیں۔

3۔ حکیم صاحب کو موصول ہونے والی ڈاک میں سے بعض کیساتھ جوابی لفافہ نہیں ہوتا لہٰذا ان کا جواب نہیں دیا جاتا۔ قارئین! جوابی لفافہ بمعہ ٹکٹ ساتھ ضرور ارسال کیا کریں۔

نوٹ: بعض قارئین اخبارات و رسائل سے تحریریں من و عن نقل کر کے اپنے نام سے ارسال کرتے ہیں۔ ایسا ہرگز نہ کریں۔ ورنہ آئندہ ان کی قلمی تحریر بھی شائع نہیں کی جائیگی۔ (ادارہ)

کامیابی کیلئے بچوں کو آخرت کی ڈگری ضرور دلوائیں

میں نے ان سے مخاطب ہوکر کہا بابا جان اور امی جان سب سے پہلے آپ سے معافی چاہتا ہوں جو کچھ میں عرض کر رہا ہوں اگر آپ کو برا لگے تو مجھے معاف کرنا۔اس کے بعد تمام ڈگریوں والا لفافہ ان کی طرف بڑھایا اور کہا بابا جان میری ڈگریاں جن کی آپ کو تمنا تھی

چند دن پہلے ہماری ایک دوست سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے کہا کہ کچھ دن ہوئے مجھے ایک آدمی سے ملنے کا اتفاق ہوا۔ملاقات ایک مدرسے میں ہوئی ان کی عمر تقریباً 45 سال کے لگ بھگ ہوگی رنگ زردی مائل بڑے انہماک سے عبادت میں مصروف تھے۔

جب تھوڑی دیر کے بعد رکے تو میں نے سلام کیا اور پوچھا آپ کو پہلی دفعہ دیکھا ہے تو انہوں نے کہا کہ ہاں ابھی کچھ دن ہوئے ہیں مدرسہ میں داخل ہوا ہوں پھر مسکرا کر کہنے لگے کہ آپ حیران ہوں گے کہ اس عمر میں مدرسہ میں داخلہ لیا ہے۔میں نے کہا ہاں تعجب کی بات ہے پھر انہوں نے اپنی کہانی سنانی شروع کی۔کہنے لگے کہ میں مردان کا رہنے والا ہوں اچھے کھاتے پیتے گھرانے سے تعلق ہے بی اے ایم اے کرنے کے بعد اعلیٰ تعلیم کیلئے والدین نے باہر جانے کا مطالبہ کرنا شروع کیا اور آخرکار میرا دل نہ ہونے کے باوجود باہر بھیج دیا گیا فرانس جرمنی امریکہ اور برطانیہ سے ڈگریاں حاصل کیں ان ممالک میں انسانیت کو چیختے اور سسکتے دیکھا۔

یقین جانیے! کسی ملک میں میرا دل نہ لگا اور میں صرف ڈگریاں حاصل کرکے اپنے والدین کے ارمان پورے کرتا رہا۔آخری ملک فلپائن جب گیا تو دل نے وہاں کا ماحول دیکھ کر درد محسوس کیا۔یہاں میں نے ڈگری کے ساتھ ساتھ قرآن پاک ترجمہ کے ساتھ پڑھا۔اس وقت مجھے اپنی تمام ڈگریاں صفر سے بھی کم محسوس ہوئیں۔افسوس ہوا کہ کاش میں ان کاغذ کے پرزوں کیلئے اپنی قیمتی عمر ضائع نہ کرتا۔اسی سوچ میں تھا کہ اچانک میرے پیٹ میں تکلیف ہوئی ہاسٹل والوں نے مجھے ہسپتال داخل کروادیا۔وہاں پر بہت سارے ٹیسٹ کیے گئے جب رپورٹیں آئیں تو ڈاکٹرز نے کینسر کی آخری سٹیج بتائی اور ہدایت کی کہ ان کو ان کے ملک بھیج دو۔تین دن بعد مجھے اپنے ملک پاکستان کیلئے روانہ کیا تمام راستہ میں اپنے خیالات میں الجھا رہا آخر مردان پہنچنے سے پہلے آئندہ زندگی گزارنے کا فیصلہ کرچکا تھا۔

جب گھر پہنچا تو میں اندر داخل نہ ہوا بلکہ بڑے دروازے پر کھڑے ہوکر والدین کو آواز دی تو وہ مجھے اچانک دیکھ کر حیران ہوئے اور خوش ہوئے اور کہنے لگے: ''آؤ بیٹا اندر آجاؤ کب آئے ہو میں نے ان سے مخاطب ہوکر کہا بابا جان اور امی جان سب سے پہلے آپ سے معافی چاہتا ہوں جو کچھ میں عرض کررہا ہوں اگر آپ کو برا لگے تو مجھے معاف کرنا۔اس کے بعد تمام ڈگریوں والا لفافہ ان کی طرف بڑھایا اور کہا بابا جان میری ڈگریاں جن کی آپ کو تمنا تھی ان کی ضرورت نہ مجھے پہلے تھی نہ اب ہے۔۔۔

جس ڈگری کی مجھے اور آپ کو ضرورت تھی افسوس کہ وہ آپ نے مجھے حاصل نہ کروائی اب میرے پاس وقت نہیں ہے۔اب اس ڈگری کو حاصل کرنے کی کوشش کرنے جارہا ہوں ہوسکتا ہے اللہ تبارک وتعالیٰ مجھ سے راضی ہوجائے اور میری آخرت سنور جائے۔والدین نے مجھے بہت روکا مگر میں نہ رکا اور سیدھا اس مدرسہ میں آکر داخلہ لے لیا۔

اس دن سے عبادت کے ساتھ ساتھ تعلیم بھی حاصل کررہا ہوں اور طالبعلموں کی خدمت بھی کرتا ہوں۔کھانا مل جائے نہ ملے کوئی پرواہ نہیں۔ڈاکٹروں کے کہنے کے مطابق چند دنوں کی زندگی باقی تھی مگر ایک سال ہوگیا ہے بفضل تعالیٰ بغیر دوائی کے زندہ ہوں۔آئندہ کیا ہوگا میرے اللہ کو معلوم ہے۔یہ کہہ کر پھر عبادت میں مشغول ہوگیا۔نوٹ: دوست نے نام اور جگہ بتانے سے منع فرمایا ہے۔

مزے دار چٹنی کے لاجواب فوائد

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیوی کو معمول سے زیادہ کھانے پینے سے معدہ میں گیس نزلہ اور بھوک میں کمی واقع ہوگئی تھی۔میں نے اسے درج ذیل نسخہ استعمال کرایا کافی فرق محسوس ہوا بلکہ بھوک پہلے سے بھی زیادہ بڑھ گئی۔ھوالشافی: سبز پودینہ ادرک یا سونٹھ انار دانہ تینوں اجزاء ہم وزن لے کر خوب باریک پیس لیں تینوں کو ملا کر خشک شیشی میں رکھ لیں۔روزانہ صبح وشام یا کھانا کھانے کے بعد ایک چمچ ہمراہ پانی استعمال کریں۔یہ نسخہ اگر رمضان میں استعمال کیا جائے تو زبردست رزلٹ ملتے ہیں۔(حاجی محمد وارث، راولپنڈی)



ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

قابل احترام دوستو! ہر دور میں اللہ جل شانہٗ کے نیک بندے صالحین، متقین ایسے آئے، جنہوں نے فکر انبیاء کو سنبھالا، سینے کا غم بنایا۔ایسے صالحین، اللہ کے نیک بندے ہر دور میں آئے اور آئیں گے۔ ہر دور میں آتے رہیں گے۔ حضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم آخری نبی ہیں،آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔اب فکر نبوت وہ امت کی خیرخواہی ہے۔اللہ کے جتنے بھی انبیاء علیہم السلام تشریف لائے ان کا مطلوب خیرخواہی تھا۔اب اس خیرخواہی سے متعلق میری ایک بات وضاحت سے سن لیں جو کہ میں پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کے اس حلقہ میں بیان کرنے جارہا ہوں۔اس کا نام درس نہیں ہے (ذہن میں رکھیں) اس کا نام حلقہ کشف المحجوب ہے یا کشف المحجوب کا حلقہ ہے۔اسی نام سے پکاریئے گا، درس کے نام سے نہیں پکاریئے گا۔ صالحین، اولیاء کرام اور انبیاء کرام کا خیرخواہی کا جذبہ ہوتا تھا۔ہر دور میں اللہ والے تشریف لائیں گے۔ہمارے اس لاہور میں ہزاروں نہیں، لاکھوں اولیاء کرام تشریف لائے۔ضروری نہیں کہ سب کا تذکرہ ملے۔جس طرح جنت البقیع میں لاکھوں صالحین دفن ہیں، ہزاروں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم دفن ہیں، امہات المومنین رضی اللہ عنہن ہیں مگر ضروری نہیں کہ سب کا تذکرہ ملے۔لیکن جنت البقیع میں وہ حضرات آرام فرمارہے ہیں۔جنت البقیع میں نہ صرف بے شمار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، امہات المومنین، صحابیات، تابعین (تابعین انکو کہتے ہیں، جنہوں نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو دیکھا، تبع تابعین انہیں کہتے ہیں، جنہوں نے تابعین کو دیکھا) تبع تابعین دفن ہیں بلکہ اولیاء کرام رحمہم اللہ، وقت کے ابدال، درویش بھی دفن ہیں (چاہے ہمیں علم ہو یا نہیں) کیونکہ پہلے دور میں یہ اصول تھا کہ لوگ اپنی زندگی کے آخری دن مدینہ منورہ میں جاکے گزارتے تھے تاکہ وہاں موت آجائے۔یا پھر اگر حج پر جاتے تھے تو الوداع کرکے جاتے تھے۔ان اولیاء کرام رحمہم اللہ کے دلوں کے اندر امت کی خیرخواہی ہوتی تھی۔

سلسلہ وار آپ بیتی

قسط نمبر 65

علامہ لاہوتی پراسراری

جنات کا پیدائشی دوست

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے، اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں، قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز اور دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پر اسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

سورۂ مزمل خود ایک خزانہ: یہ ایسی خوشبو تھی' زندگی بھر آج تک میں نے اس کو محسوس کیا' حیرت انگیز خوشبو تھی اور حیرت انگیز اس کے اندر ایک سکون اور حیرت انگیز راحت تھی۔ میں اس خوشبو کو سونگھ کر میں بہت زیادہ حیران ہوگیا تھا' بہت حیران۔۔۔!! اور ان کے جانے کے بعد بے ساختہ میری آنکھوں سے آنسو آگئے تھے کہ یااللہ! آج مجھے محسوس ہوا کہ رزق حلال اور سورۂ مزمل اتنی برکات دیتی ہے مجھے آج محسوس ہوا کہ سورۂ مزمل خود ایک خزانہ ہے کہ کہیں سے خزانہ ملے نہ ملے لیکن یہ خود ایک خزانہ ہے۔

حلال اور قرآن کی برکت: ککڑی والے زمیندار نے ٹھنڈی آہ بھری اور اس کے مزید آنسو گر گئے اور وہ کہنے لگے کہ میں نے اس دن کے بعد سورۂ مزمل ہر دفعہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اول آخر سات دفعہ درود شریف اکتالیس مرتبہ پڑھنا شروع کردی۔ کبھی صبح پڑھ لیتا کبھی شام پڑھ لیتا۔ کوشش کرتا ہوں جگہ اور وقت ایک رکھوں اگر کہیں مجھے چوک بھی جائے لیکن عمل نہیں چھوڑتا' بس عمل اکتالیس بار سورۂ مزمل کو ہمیشہ پڑھتا چلا گیا۔ اس کی مجھے بڑی برکات ملیں ہیں۔ سبزی فروش جن کہنے لگا کہ میں جب اس سے ملاقات کرکے اٹھا اس نے وہ گٹھری واپس باندھی جس میں اوراد و وظائف تھے تو خود میری آنکھوں سے آنسو گر رہے تھے اور میں نے آسمان کی طرف منہ کرکے اللہ سے عرض کیا کہ مولا! واقعی رزق میں برکت اس وقت ہوتی ہے' نسوں میں برکت اس وقت ہوتی ہے اور وقت میں برکت اس وقت ہوتی ہے اور سانسوں میں اور قدموں میں برکت اس وقت ہوتی ہے جب اس میں حلال شامل ہوتا ہے' تیرا کلام شامل ہوتا ہے اور قرآن شامل ہوتا ہے۔ واقعی حلال میں اور قرآن میں برکت ہے۔ سبزی فروش جن کہنے لگا: میں بار بار آسمان کی طرف آنکھیں اٹھاتا اور اللہ سے یہی بات کہتا اور بار بار یہی کہتا کہ اللہ تیرے نام کی کتنی برکت ہے' تیرے نام میں کتنی رحمت ہے اور تیرے نام میں کتنی شان و شوکت ہے۔ یہ تیرا کرم ہے کہ تو نے مجھے اس بندے سے ملوادیا۔۔۔ ورنہ تو میں اس قابل نہیں تھا تو نے میرے ساتھ اتنا کرم کیا۔

نقصان سے بچنے کی چار وجوہ: سبزی فروش جن کہنے لگا کہ میں وہاں سے اٹھا اس بندے سے مصافحہ کیا' میں نے اس کو جاتے جاتے کہا کہ مجھے اپنا کھیت دکھا سکتے ہیں' جب میں اس کے کھیت میں پہنچا اور اس نے مجھے ایک اور انوکھی بات بتائی کہنے لگے کہ جب سے میں نے اکتالیس بار سورۂ مزمل کا ورد شروع کیا ہے اور رزق کے حلال کی احتیاط مسلسل کرتا ہوں' ایک انوکھی چیز میں نے دیکھی ہے وہ یہ دیکھی ہے کہ میری فصلوں کو کیڑا نہیں لگتا اور اس میں دیمک نہیں آتی اور وباء نہیں آتی۔ بارشیں آتی ہیں' اولے برستے ہیں لیکن میری فصلوں کو نقصان نہیں ہوتا۔ کیوں۔۔۔؟؟ میں سمجھتا ہوں کہ اس کی چار وجہ ہیں **پہلی:** سورۂ مزمل' **دوسری:** حلال حرام جائز ناجائز اور رزق حلال کی احتیاط' **تیسری:** عشر' اور **چوتھی:** زکوٰۃ۔

خدا کی رضا میں راضی: میں نے اپنے اللہ سے طے کیا ہوا ہے کہ یااللہ! میں نے ان چار چیزوں کو نہیں چھوڑنا میں سمجھتا ہوں کہ شاید میرے اللہ نے بھی طے کیا ہے کہ تو نے چار چیزوں کو نہیں چھوڑنا تو حفاظت اور برکت کا نظام میرے ذمے اور میں نے اس کو چلانا ہے اور میں نے تجھے جھلکتا دینا ہے اور کہا کہ ایک وقت میرے پاس ایسا بھی آیا کہ اللہ نے آزمائش کے طور پر میری فصلوں کو اولوں سے ختم کردیا' ایک تھوڑا سا حصہ بچا' میں اللہ کی رضا پر مطمئن تھا کہ یااللہ! اگر تو اس پر راضی ہے تو میں اس پر راضی ہوں اور میں نے اس تھوڑی سی فصل کو سمیٹا قدرت خدا کی اللہ نے میری تھوڑی سی فصل بچادی اور وہی ساری فصل باقی لوگوں کی برباد ہوگئی اور مارکیٹ کا ریٹ بڑھ گیا اور اللہ نے ساری کی ساری فصل برباد کرکے بھی اس تھوڑے سے حصے کا مجھے اتنا رزق دے دیا جتنا کہ ساری فصل سے ملنا تھا۔ پھر میری گردن اور سر اللہ کے سامنے جھک گیا اور میں نے اللہ سے عرض کیا کہ واقعی اللہ میں نے چار چیزوں کا فیصلہ کیا ہے اور تیرے فیصلے اٹل ہیں تو نے رزق حلال' طیب و طاہر مجھے عطا کرنے ہیں اور تیری رحمت اٹل ہے کہ تو نے مجھے اپنا خاص کرم اور فضل دینا ہے اور اللہ تو مجھے دیتے رہنا اور وہ زمیندار ککڑی والا کہنے لگا کہ میں نے اپنے وصیت نامے میں لکھ کر رکھا ہوا ہے کہ بیٹو! ان چار چیزوں سے کبھی دور نہ رہنا جو چار چیزوں سے دور رہے گا وہ ہمیشہ خطا اٹھائے گا اور وصیت میں یہ بات بھی میں نے لکھی ہوئی ہے کہ چار میں سے ایک بھی کم نہ کرنا جس طرح گاڑی کے چار پہیے ہوتے ہیں ایک کم ہوجائے تو گاڑی نہیں چلتی۔

سبزی فروش جن سے ایک سوال۔۔۔!: سبزی فروش کی باتیں میں سن کر حیران ہوا اور میری عقل دنگ ہوگئی' میں نے ایک سوال سبزی فروش جن سے کیا کہ آپ کے بھی اپنے سورۂ مزمل کے کچھ مشاہدات اور تجربات ہیں' سبزی فروش جن نے میری بات سن کر ایک ٹھنڈی آہ بھری اور ٹھنڈی آہ بھر کر کہنے لگا کہ اگر میں آپ کو سورۂ مزمل کے مشاہدات و تجربات بتادوں تو پھر آپ بھی گمان کریں گے کہ میں واقعی جو کہہ رہا ہوں سچ کہہ رہا ہوں کہ آپ خود اس کے عامل ہیں۔ میں نے کہا الحمدللہ میں اس کا عامل ہوں اور میرے پاس اس کے واقعی بہت زیادہ مشاہدات و تجربات ہیں کچھ آپ بھی بتادیں چونکہ باتوں سے بات نکلی تھی' ہمارا موضوع سورۂ مزمل تھا ہی نہیں۔ وہ ککڑی لگانے والے زمیندار نے اپنے مشاہدات بتائے تو میں چونک پڑا تو چونکہ میرے پاس پہلے ہی سورۂ مزمل کے بہت مشاہدات تھے اس کے مشاہدات پر میرا چونکنا ایک فطری عمل تھا۔ میں نے اس کو فوراً کہا کہ آپ بھی بتائیں۔

سبزی فروش جن کے تین واقعات: سبزی

فروش جن نے سورۂ مزمل کے مشاہدات بتائے ان میں تین واقعات قارئین میں آپ کو سناتا ہوں:۔

کہنے لگے کہ میں حسب دستور اپنے کام کاج میں تھا' میری دور پرے کے رشتے دار جن جوامی کے رشتے دار تھے اور امی سے عمر میں بہت بڑے تھے' ہم سب ان کو ماموں کہتے تھے'ایک دن وہ ہمارے گھر تشریف لائے' جب میں نے ان کی حالت دیکھی' ان کی حالت سے مجھے محسوس ہوا ان کے ہاں غربت کا نظام ہے اور شاید تنگدستی کا نظام ہے۔ مجھے ان کی اس حالت پر ترس آیا اور رحم آیا اور مجھے احساس ہوا کہ ان کا معاملہ بہت کمزور جارہا ہے تو میں نے ان سے حالات پوچھے تو انہوں نے مجھے اپنے حالات نہیں بتائے اور بار بار کہتے تھے کہ اللہ کا شکر ہے' ہم بالکل ٹھیک ٹھاک ہیں۔ اللہ کا فضل ہے' کوئی مسئلہ نہیں' کوئی پریشانی نہیں' کچھ بھی نہیں لیکن میں نے انہیں مزید کچھ نہیں کہا۔ بس خاموشی سے ان کا احترام کیا اور میں ان سے کہنے لگا اگر میں کبھی آپ کے گھر آجاؤں۔ کہنے لگے: بالکل آجائیں' ہمیں خوشی ہوگی۔ آپ ہمارے گھر آئیں تو ہمیں اور خوشی ہوگی تو میں نے طے کرلیا کہ میں ان کے گھر اچانک جاؤں گا' اجازت تو میں نے لے ہی لی ہے اور اچانک جاکر میں ان کے گھر کے حالات کو آنکھوں سے دیکھوں گا کہ ان کی کیا حقیقت ہے۔

تنگدستی' غربت کے شکار رشتہ دار کی کہانی: کہنے لگے کہ میں نے ان کے گھر کے حالات جاکر جب آنکھوں سے دیکھے تو مجھے حیرت ہوئی ان کے گھر میں تنگدستی' غربت' حالات بہت پریشان۔۔۔! پہننے کو ہے تو کھانے کو نہیں' کھانے کو ہے تو پہننے کو نہیں لیکن۔۔۔! باحیاء اور غیرت مند اتنے کہ کسی سے سوال نہیں کرتے اور مجھے یہاں تک پتہ چلا کہ اگر کوئی انہیں دے بھی دے تو کسی کا قبول بھی نہیں کرتے۔ کہیں ہمیں کوئی یہ نہ کہے کہ یہ منگتے لوگ ہیں۔ کہنے لگے کہ میں نے ان سے کہا کہ آپ کے گھر میں کوئی ایسی جگہ ہے جہاں آپ تھوڑی دیر بیٹھ کر اللہ کا ذکر کرلیا کریں۔ حیرت سے کہنے لگے کہ میں اور اللہ کا ذکر۔۔۔ اللہ کے ذکر کی برکت سے تو مجھے اللہ نے یہ سب کچھ عطا کیا ہے۔ وہ حیران ہوگئے' مجھے کہنے لگے کہ آپ کیا چاہتے ہیں میں نے کہا میں نے آپ کے گھر کے حالات دیکھ لیے ہیں آپ مجھے بتائیں یا نہ بتائیں لیکن میں گھر کے حالات کو اچھی طرح سمجھتا ہوں کہ آپ کے گھر کے حالات کیا ہیں؟! اگر آپ مجھے نہیں بتائیں گے تو میں آپ سے احتجاج کروں گا۔ آپ میرے بڑے ماموں ہیں میں نے ان سے اصرار کیا تو ان کی آنکھوں میں آنسو آگئے۔ کہنے لگے ایک وقت تھا۔۔۔! میرے حالات بہت اچھے تھے اور بہت بہترین تھے۔ بس قدرت کے نظام نے پلٹا کھایا میں دینے والا تھا ایسا ہوا کہ خود منگتا ہوگیا لیکن جن ہاتھوں نے سدا دیا ہو وہ ہاتھ منگتے کیسے ہوسکتے ہیں؟ آخر میں نے صبر کیا' حوصلہ کیا میں نے محنت مزدوری کی' لیکن گھر سے باہر سب ٹھیک ہوتا ہے گھر میں آتے ہی پیسہ مٹی اور خاک ہوجاتا ہے' بس مجھے اس بات کی پریشانی ہے' بیٹیاں بیٹے سر پر بیٹھے ہیں' گھر کے حالات ہیں لیکن کچھ نظر نہیں آرہا' غربت تنگدستی نے مجھے بائیس سالوں سے لپیٹ میں لیا ہوا ہے اور تنگدستی ایسی کہ خوفناک انداز سے منہ کھلا کا کھلا ہے اور حالات مجھے بہت زیادہ پریشان کرتے ہیں۔ میں ان کی بات سنتا رہا۔۔۔ اور سنتے سنتے میں حیران ہوا کہ انہوں نے آج تک مجھے بتایا ہی نہیں۔۔۔ پھر مجھے اپنے اوپر افسوس ہوا کہ کاش ہم نے ان کی خبر کیوں نہیں لی اگر ہم ان کی خبر لیتے تو ان کے حالات یہ نہ ہوتے؟ میں ان کے پاؤں پڑگیا اور رو رو کر معافی مانگی کہ میرا قصور ہے' وہ حیران ہوئے کہ اس میں آپ کا قصور نہیں قدرت و تقدیر کا نظام ہے۔

سورۂ مزمل کے وظیفہ سے غربت و تنگدستی ختم: اس کے بعد میں نے ان سے کہا کہ اگر آپ مہربانی کریں اور ایک وظیفے میں توجہ کریں' مجھے پتہ تھا کہ وہ قرآن پاک روزانہ باقاعدہ بہت توجہ سے پڑھتے ہیں' بہت یقین سے پڑھتے ہیں۔ میں نے ان سے کہا اگر آپ ایک بات کا یقین دلائیں کہ آپ اس وظیفے میں توجہ کریں گے تو میں آپ کو ایک وظیفہ دیتا ہوں۔۔۔ کیا کریں گے؟ مجھے کہنے لگے: میں ضرور کروں گا' میں نے تو اللہ سے مانگنا سیکھنا ہے' وظیفے کے دوران بھی اللہ سے مانگنا ہے اگر مجھے اللہ سے مانگنے میں عار محسوس ہو تو مسلمان کس چیز کا۔۔۔ میں نے انہیں وظیفہ دے دیا کہ سورۂ مزمل اکتالیس دفعہ روزانہ پڑھیں ایک جگہ ایک وقت، ہو اول و آخر درود پاک سات مرتبہ اور ہر دفعہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ سات مرتبہ اور ساتھ یہ بھی بتادیا کہ اگر کبھی جگہ وقت کی آپ کو مجبوری ہوجائے تو اس میں کوئی حرج بھی نہیں ہے۔ وہ کہنے لگے کہ اب کوئی مسئلہ نہیں' میں پڑھ لوں گا۔ میں نے ان سے عرض کیا آپ اس کو چالیس دن' ستر دن' نوے دن بلکہ اس کے بعد بھی اس کو مستقل اپنی زندگی کا وظیفہ بنائیں اور تاکید کرکے گیا کہ اگر گھر کے سارے افراد پڑھ لیں تو اچھی بات ہے' سارے نہیں پڑھ سکتے تو کچھ افراد ورنہ آپ تو ضرور ہی پڑھیں۔ یہ باتیں کرکے میں وہاں سے چلا آیا۔ انہوں نے بہت شکریہ ادا کیا' دروازے تک مجھے چھوڑنے آئے۔ میں نے طے کیا کہ میں نے ان کی خبر لینی ہے' کوئی دو مہینے گزر گئے۔ مجھے وہ خود ملنے آگئے اور جب ملنے آئے تو میں نے ان کے چہرے سے ان کے حالات سے محسوس کیا کہ ان کے حالات پہلے سے کچھ بہتر ہیں۔ مجھے فرمانے لگے پہلے وہی مزدوری کرتا تھا جو مزدوری تھوڑی ملتی تھی وہ تھوڑی بھی گھر آکر خاک ہوجاتی تھی اب وہی مزدوری ملتی ہے' گھر آکر اس میں سکون ملتا ہے' چین ملتا ہے' برکت ملتی ہے' رحمت ملتی ہے' میرے گھر کے مسائل حل ہورہے ہیں' بچیوں کے رشتوں کے مسئلے حل ہورہے ہیں' رزق کے مسئلے حل ہورہے ہیں اور زندگی نے پلٹا کھایا ہے وہ لوگ جو مجھے آج تک کچھ نہیں سمجھتے تھے وہی لوگ بہت کچھ سمجھنا شروع ہوگئے ہیں تو بیٹا میں تمہارا شکریہ ادا کرنے آگیا ہوں۔

سبزی فروش جن یہ بات کہہ کر خود رو پڑا کہنے لگا جب میں نے ان کا لفظ سنا کہ تمہارا شکریہ ادا کرنے آیا ہوں تو مجھے خود رونا آگیا اور میں خود تڑپ اٹھا کہ یااللہ میری ذات سے کسی کو اتنا نفع پہنچ گیا ایسا بندہ جو خود غیور ہے اور کسی کے سامنے ہاتھ پھیلانا نہیں چاہتا لیکن اس سورۂ مزمل کے ذریعے تیرے سامنے ہاتھ پھیلایا تو تو نے اس کے ساتھ اتنا فضل اور کرم کردیا۔ (جاری ہے)

شیاطین سے جان چھڑوانے کیلئے آزمایا عمل

اب الحمدللہ! اوپر والی تمام کیفیات ختم ہوگئی ہیں نہ کھانسی ہوتی ہے اور نہ ہی ہڈیوں میں درد اور نہ ہی نزری ہوتی ہیں اور میں آپ کا رسالہ ماہنامہ عبقری 2012ء سے مسلسل پڑھ رہی ہوں اور اس میں موجود وظائف کی وجہ سے مجھے اللہ نے میری جان ان شیاطین سے چھڑوا دی

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میری چند ایسی بیماریاں تھیں جن کو پانچ چھ سال ہوگئے تھے سب سے پہلے میرے سارے جسم کی ہڈیوں میں شدید درد تھا اور درد کے ساتھ ساتھ نزری ہوتی تھی تو ہم نے ڈاکٹری علاج شروع کردیا درد دن بدن اور زیادہ بڑھتا گیا یہاں تک کہ مجھے شدید کھانسی شروع ہوگئی جب کھانسی شروع ہوجاتی تو گھنٹہ دو گھنٹہ مسلسل رہتی تو ایک عامل صاحب سے علاج شروع کردیا تو ایک سال تک یہ کھانسی کا سلسلہ تھا اس کے بعد جنات ظاہر طور پر سامنے آگئے اور سخت تکلیف دیتے تقریباً دو سال تک ظاہری طور پر آکر تکلیف دیتے رہے اس کے بعد مجھے بے ہوش کرکے تکلیفیں دیتے' جب میں رات کو سو جاتی تو صبح کو میرا پورا جسم پتھر کی طرح سخت ہوتا اور اس طرح میری فجر کی نماز قضا ہوجاتی' تقریباً دس گیارہ بجے تک ایسی ہی سخت رہتی اس کے بعد خود ہی ٹھیک ہونا شروع ہوجاتی۔

اب الحمدللہ! اوپر والی تمام کیفیات ختم ہوگئی ہیں نہ کھانسی ہوتی ہے اور نہ ہی ہڈیوں میں درد اور نہ ہی نزری ہوتی ہیں اور میں آپ کا رسالہ ماہنامہ عبقری 2012ء سے مسلسل پڑھ رہی ہوں اور اس میں موجود وظائف کی وجہ سے مجھے اللہ نے میری جان ان شیاطین سے چھڑوا دی ہے۔ چند وظائف جو کرنے سے مجھے اللہ نے صحت دی وہ درج ذیل ہیں:۔

یَاقَھَّارُ کا وظیفہ کررہی ہوں جس کی تعداد پانچ لاکھ تک ہوچکی ہے۔ اس کے علاوہ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿الانعام ۴۵﴾ پڑھتی ہوں اور اصحاب کہف کو ایصال ثواب کرنے کا عمل بھی کرتی ہوں۔ وہ عمل درج ذیل ہے:۔ اول و آخر تین دفعہ درود شریف، سات دفعہ سورۃ فاتحہ، سات دفعہ سورۃ اخلاص پڑھ کر اس کا ثواب اصحاب کہف کی روح کو بخشیں۔ پھر اس کہف والے عمل کی طاقت دیکھیں تاثیر دیکھیں، عجیب تاثیر، عجیب طاقت، عجیب قوت، عجیب کمال ہے اس کے علاوہ بھائی نے کچھ وظائف بتائے جو کہ آپ کے پاس درس میں ہر جمعرات ضرور شرکت کرتے ہیں۔ انہوں نے سورۃ فاتحہ کا عمل بتایا جو کہ درج ذیل ہے:۔ جمعرات کی رات سوتے وقت 70 بار سورۃ فاتحہ مع بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیں' اول و آخر سات بار درود شریف ابراہیمی پڑھیں اپنے مقصد کا خوب تصور رکھیں۔ دوسرے دن اسی وقت 60 بار پڑھیں۔ بس روزانہ ایسے ہی دس مرتبہ کم کرتے جائیں آخر کار بدھ کو دس مرتبہ پڑھیں۔ ہر بار اپنے مقصد کا تصور توجہ دھیان اور گریہ زاری کریں۔ جمعرات کو پھر نیا ہفتہ اور سابقہ ترتیب کے ساتھ ستر مرتبہ یہ عمل کریں اور روزانہ اسی طرح دس مرتبہ کم کرتے جائیں۔ یہ عمل سات چودہ یا اکیس ہفتے کریں۔ الحمدللہ! ان درج بالا اعمال نے میرے ساتھ جو چھ سال سے جادو جنات کی وجہ سے ہورہا تھا وہ اب نہیں ہوتا۔ اب الحمدللہ! میں بالکل ٹھیک ہوں۔ میرا نام پوشیدہ رکھیے گا۔ شکریہ!

قارئین! عبقری میں چھپنے والا کوئی بھی عمل وظیفے کے کرنے سے آپ کو جادو جنات سے [illegible] یا آپ پر کیا گیا جادو ٹونا ہوا ہو تو وہ مکمل عمل اور [illegible] تفصیل کے ساتھ دفتر ماہنامہ عبقری میں بھیجئے آپ کا یہ [illegible] لاکھوں کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگا اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہوگا۔

خواتین نازک آبگینے۔۔۔!!!

امیر شریعت رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے بیٹیوں کے حقوق کے بارے میں عام معاشرے کی شکایت کی تو انہوں نے فرمایا ہائے! وہ بیٹیاں تم جس کے ہاتھ میں ان کا ہاتھ دے دو وہ اف کیے بغیر تمہاری پگڑیوں اور ڈاڑھیوں کی لاج رکھنے کیلئے ان کے ساتھ ہولیتی ہیں اور جب سسرال میں میکے کی یاد آتی ہے تو چھپ چھپ کر رو لیتی ہیں' کبھی دھوئیں کے بہانے آنسو بہا کر جی ہلکا کرلیتی ہیں کبھی آٹا گوندھتے ہوئے جو آنسو بہتے ہیں وہ آٹے میں جذب ہوکر رہ جاتے ہیں مگر کوئی نہیں جانتا کہ اس روٹی میں اس بیٹی کے کتنے آنسو شامل ہیں۔ غیرت مندو۔۔۔! بیٹیوں کی قدر کرو یہ آب گینے بڑے ہی نازک ہیں۔ (انتخاب: سمیہ کلثوم چھنی ریحانہ سرگودھا)

احسن عظیم حامد

غصہ پر قابو

کوئی بھی جذباتی کیفیت انسانی صحت اور تندرستی پر مسلسل اثر انداز ہوتی رہتی ہے جو صحت کو خراب کردیتی ہے

ہر انسان کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ وہ خوش و خرم زندگی بسر کرے وہ خوشی کے حصول کی خاطر ہر وقت مصروف عمل رہتا ہے لیکن اکثر اوقات وہ کوششوں کے باوجود بھی ذہنی سکون حاصل نہیں کرپاتا۔ ایسے میں سوال اٹھتا ہے کہ کیا سکون اور خوشی کا حصول ناممکن ہے اس کا جواب یقیناً نفی میں ہے۔ انسان یہ نہیں جانتا کہ سکون اور جذباتی توازن خود اس کے اندر سے پھوٹنے والے احساسات اور خیالات سے بنتا یا بگڑتا ہے۔ اگر انسان اچھی اور مثبت سوچ رکھے گا تو مثبت خیالات سے پیدا ہونے والی روشنی اسے پرسکون بنادے گی اور اس روشنی سے اس کی زندگی میں اجالا پھیل جائے گا۔ کوئی بھی جذباتی کیفیت انسانی صحت اور تندرستی پر مسلسل اثر انداز ہوتی رہتی ہے جو نہ صرف صحت کو خراب کردیتی ہے بلکہ زندگی کو پرلطف انداز میں گزرنے نہیں دیتی۔ غصہ انسانی صحت پر بہت برے اثرات مرتب کرتا ہے۔ صحت مند آدمی کو اپنے جذبات پر قابو رکھنا چاہیے اور کبھی بھی غصہ نہیں کرنا چاہیے۔

میری تالیفات اور ان کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت' سبب تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو اطلاع دیں' شکر گزار رہوں گا۔

کتاب نمبر 14: مہلک عادات نبوی طریقے اور جدید سائنس کتاب میں ایسی عادات کی طرف رہنمائی کی گئی ہے کہ معاشرے کا ہر شخص آپ سے مسکرا کر ملنے تعاون کیلئے تیار ہو عزت اور وقار کے حصول میں نبوی ﷺ رہنمائی اور سائنس کی تقلید ہو۔ اسلامی زندگی اچھی عادات کے مجموعے کا نام ہے جب ہم اس زندگی کو اپنائیں گے تو ہمیں مہلک اور بری عادات سے نجات ملے گی۔ کتاب کی تیاری میں مختلف رسائل کی مدد لی گئی ہے جن کا مکمل حوالہ مع تاریخ ہر مضمون کے آخر میں دیا گیا ہے۔

صرف 3 ماہ کی ورزشیں اور۔۔۔

55 کی عمر میں چہرہ 25 سال کا

سید رشید الدین احمد

جھریاں' لکیریں اور کھال کے لٹکنے جیسی شکایات کا تعلق عمر سے نہیں ہوتا بلکہ یہ چہرے کے پٹھوں کی کمزوری اور استرخا کا نتیجہ ہوتی ہیں۔ آزما کر دیکھئے! آپ کو کئی ایسے افراد ملیں گے جو کم عمر ہونے کے باوجود بوڑھے چہروں کے مالک ہوتے ہیں۔

سدا جوان نظر آنے کو کس کا جی نہیں چاہتا۔ جھریوں' لکیروں' لٹکے گال' گلے کی لٹکتی کھال' پپوٹوں' آنکھ کے کونوں میں ابھرتے لکیروں کے جال سے نجات کس کی خواہش نہیں ہوتی۔ اسی خواہش نے پلاسٹک سرجری کو جنم دیا اور روزانہ دنیا بھر میں کروڑوں خرچ کرکے مرد و خواتین اپنے جسم اور چہروں کو بے عیب بنانے کیلئے کیا کیا جتن کرتے ہیں۔

لیکن۔۔۔! کیا آپ جانتے ہیں کہ ایسے بھی بے شمار لوگ ہیں جن کے چہرے بڑھتی عمر کے باوجود ان عیوب سے خالی ہیں۔ مدو سال کے گزرنے کے باوجود ان کے چہرے ایسے لگتے ہیں کہ گویا انہوں نے پلاسٹک سرجری کرائی ہے۔ دوست احباب دیکھ کر بے اختیار بول اٹھتے ہیں" آپ ابھی تک جوان کیسے ہیں؟" ماہرین حسن تصدیق کرتے ہیں کہ جس طرح جسم کے عضلات ورزش سے مضبوط اور سڈول رہتے ہیں' چہرے کے عضلات بھی ورزش سے اپنی حالت برقرار رکھتے ہیں۔ ان ورزشوں کے ذریعے آپ گویا اپنے چہرے کو نئے سرے سے جوان بنا سکتے ہیں۔ چہرے کی اس تعمیر نو کے لیے کسی آلے کی ضرورت نہیں ہوتی بس آپ کے اپنے ہاتھ' قوت ارادی اور مستقل مزاجی کی ضرورت ہوتی ہے۔ جھریاں' لکیریں اور کھال کے لٹکنے جیسی شکایات کا تعلق عمر سے نہیں ہوتا بلکہ یہ چہرے کے پٹھوں کی کمزوری اور استرخا کا نتیجہ ہوتی ہیں۔ آزما کر دیکھئے! آپ کو کئی ایسے افراد ملیں گے جو کم عمر ہونے کے باوجود بوڑھے چہروں کے مالک ہوتے ہیں۔

چہرے کے عضلات یا پٹھوں میں یہ خرابی سخت سردی سے بھی واقع ہوتی ہے اور سخت گرمی کا بھی اس میں بڑا دخل ہوتا ہے۔ اسی طرح وزن میں تیزی سے کمی اور جسم میں پانی کی مقدار کے گھٹنے سے بھی چہرہ خشک ہو کر بدل جاتا ہے۔۔

جلد کو چست اور ٹھیک ٹھاک رکھنے کیلئے عضلات کا ٹھیک اور چست رہنا بہت ضروری ہوتا ہے کیونکہ ہمارے عضلات بالکل ایلاسٹک بینڈ کی طرح ہوتے ہیں۔ ورزش سے یہ اپنی جگہ بالکل ٹھیک رہتے ہیں اور لٹکنے نہیں پاتے۔ گویا آپ ورزش کے ذریعے سے جوان نظر آسکتے ہیں بلکہ ان ورزشوں سے انہیں ان کی اصلی حالت پر بھی لا سکتے ہیں۔

ماہرین کے مشورے کے مطابق ان ورزشوں سے پہلے چہرے پر کوئی اچھا موئسچرائزر یعنی جلد کو نم رکھنے والی چیز لگانی چاہیے' مثلاً عرق گلاب میں چند بوندیں گلیسرین یا شہد کی ملا لی جائیں یا پھر بابونہ کے جوشاندے کو ٹھنڈا کرکے اس میں سے بقدر ضرورت شہد ملا لیا جائے۔ اب اسے چہرے پر روئی یا انگلیوں سے لگانے کے بعد درج ذیل ورزشوں کے مطابق ورزش کی جائیں۔ ہر ورزش دی گئی ہدایت کے مطابق کم از کم دس مرتبہ کی جانے ہو سکے تو اس سے بھی زیادہ کرلی جائیں۔ ابتدا میں روزانہ ایک بار ورزش سے سلسلہ شروع کیجئے اور پھر رفتہ رفتہ کم از کم دس مرتبہ ہر ورزش کے معمول پر آجائیے یہاں تک کہ آپ روزانہ دس سے پندرہ منٹ یہ ورزشیں کرنے لگیں۔ بہترین نتائج کیلئے یہ ورزشیں کم از کم تین مہینوں تک دن میں دو مرتبہ کیجئے۔ جب بھی موقع ملے جہاں بھی موقع ملے صاف ہوا میں آٹھ سے دس مرتبہ گہرے سانس لینے کے بعد ان کی مشق کرتے رہیے۔

تصور کیجئے کہ۔۔۔۔: گہرے سانس لینے کے بعد آنکھیں بند کرکے تصور کیجئے کہ آپ کے چہرے پر سے صاف ستھرا ٹھنڈا پانی بہہ رہا ہے اور صبح نکلتے سورج کی نرم نرم کرنیں چہرے کی جلد میں بڑی نرمی سے جذب ہو رہی ہیں۔ اس کے ساتھ اس پر بھی غور کیجئے کہ آپ کے چہرے کے عضلات کس حالت میں ہیں۔ آپ کا چہرہ کشیدہ تو نہیں ہے جبڑے بھینچے ہوئے تو نہیں ہیں۔ آپ نے منہ سختی سے بند تو نہیں کر رکھا ہے۔ چہرے پیشانی کو ڈھیلا چھوڑ دیجئے اور اپنے دونوں ہاتھ زور زور سے آگے پیچھے ہلائیے۔ اس طرح چہرہ کھچاوٹ سے آزاد ہو جائے گا۔ اب تصور کیجئے کہ آکسیجن سے پر تازہ سرخ خون آپ کے چہرے کے ہر حصے میں دوڑ رہا ہے اور یوں اس کے ایک ایک ریشے میں غذائیت بخش اجزا سرایت کرتے جارہے ہیں۔ توانائی کی لہر آپ کے وجود میں بھی دوڑ رہی ہے اور حسن کی رو اندر سے اٹھ کر چہرے کی طرف بہہ رہی ہے۔

ورزشیں: 1۔ اپنا جبڑا دائیں بائیں گھمایئے۔ جہاں تک ممکن ہو اسے حرکت دے کر دور لے جایئے۔ یہ ورزش لٹکی ہوئی ٹھوڑی کیلئے مفید ہوتی ہے۔ 2۔ اپنے ہونٹوں کو اندر سکوڑ کر منہ کو خوب کھولیے' ہونٹوں کو دانتوں کی طرف کھینچیے۔ اس انداز میں رہتے ہوئے اپنا منہ کھولتے اور بند کرتے رہیے گویا آپ بغیر دانتوں کے چبا رہے ہوں' اس سے بالائی ہونٹ کی لکیریں سمٹتی جائیں گی۔ 3۔ آنکھیں خوب بھینچ کر منہ سکوڑیے۔ ایک لمحے کے بعد بھنوؤں کو حرکت دیجئے' پھر آنکھیں جتنا ممکن ہو پوری طرح کھول دیجئے۔ اس ورزش سے آنکھوں اور ان کے اطراف کے عضلات مستحکم ہوتے ہیں اور آنکھوں کے کونوں میں جھریاں جنہیں "کوے کے پنجے" بھی کہتے ہیں' نہیں بننے پاتیں۔ 4۔ ہاتھوں کی انگلیاں آنکھوں کے بیرونی کونوں پر رکھ کر عضلات کو کنپٹی کی طرف انگلیوں سے کھینچیے اس سے بھی آنکھوں کے کونوں میں جھریاں نہیں بنتیں۔ 5۔ دونوں ہاتھ اپنی گالوں پر رکھیے اور ہاتھوں کو حرکت دیئے بغیر انگلیوں سے آنکھوں کے نیچے کے عضلات کو کھینچیے۔ اس سے جھریاں ختم ہونے لگتی ہیں۔ 6۔ اپنے انگوٹھے آنکھ کے نیچے یعنی گال کی ہڈیوں پر ہلکے دباؤ کے ساتھ گھمایئے۔ اس سے آنکھ کے اطراف دوران خون میں اضافہ ہوگا۔ 7۔ تمام انگلیاں چہرے پر دباؤ کے ساتھ پھیریے۔ اس سے کشیدگی اور درد دور ہو جائے گا۔ جب بھی چہرے میں کشیدگی اور دکھن محسوس ہو یہ عمل دہرایئے۔ 8۔ ہونٹ سکیڑ کر جتنا ممکن ہو مچھلی کا سا منہ بنا کر باہر نکالنے کی کوشش کیجئے۔ اسی کے ساتھ آنکھیں زور سے میچئے اور اپنے گال اندر کی طرف کھینچ لیجئے۔ اس ورزش سے پورے منہ کے عضلات تن جائیں گے۔ 9۔ اپنا منہ جس قدر ممکن ہو کھولیے اور اسے جہاں تک ممکن ہر سمت میں گھمایئے گردن کے پٹھے بھی ساتھ ساتھ کھینچیے۔ اس سے جبڑوں کے علاوہ گردن مضبوط ہوگی۔ 10۔ ہونٹ سکوڑ کر منہ کو ادھر ادھر دھیرے دھیرے کھینچیے اور منہ کے اندر گویا چوسنے کی سی کیفیت پیدا کیجئے۔ اس سے پچکے ہوئے گال بھرنے لگتے ہیں۔ ان ورزشوں کو مضحکہ خیز نہ سمجھئے۔ چہرے کے عضلات' جلد کے علاوہ ان ورزشوں کی شریانوں' رگوں اور لمفاوی نظام اور اعصاب پر بھی بڑے اچھے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ ان ورزشوں کے کرنے کے بعد آپ خود محسوس کریں گے کہ آپ کا چہرہ کتنا چست اور تازہ ہوگیا ہے۔ لکیروں اور جھریوں کے جال 30 سال کی عمر ہی سے بننے لگتے ہیں' اس لیے ان کے نمودار (باقی صفحہ نمبر 47 پر)

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت)

اُف! یہ دنیوی ترقی کی ہوڑ کا انجام

حضرت مولانا دامت برکاتہم العالیہ عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کرچکے ہیں۔ ان کی نامور شہرہ آفاق کتاب **"نسیم ہدایت کے جھونکے"** پڑھنے کے قابل ہے۔

دوست کو ایک ضرورت سے فون کیا تو انہوں نے بتایا کہ وہ ہسپتال جارہے ہیں' خیریت معلوم کی تو بتایا کہ ایک تعلق والے کو' جو بزنس پارٹنر رہ چکے ہیں ان کو لے کر ہسپتال جارہے ہیں' وہ باتھ روم میں گر گئے ہیں' شاید ان کے کولہے کی ہڈی ٹوٹ گئی ہے' اس حقیر نے سوال کیا کہ آپ انہیں کیوں لے کر جارہے ہیں' ان کے کوئی عزیز یا گھر کے لوگ نہیں ہیں؟ انہوں نے بتایا کہ اصل میں ان کے تین بیٹے ہیں اور ایک بیٹی' لڑکے ایک ایک امریکہ انگلینڈ اور کینیڈا میں سیٹ ہیں' ان کے خود بہت بڑے کاروبار ہیں۔

بیٹی کی پونا میں شادی ہوئی ہے' ابھی ایک گھنٹہ پہلے ان کی اہلیہ کا فون آیا جو خود بہت علیل ہیں اور بہت سی بیماریوں کا مجموعہ بنی ہوئی ہیں کہ بھیا آپ کے انکل باتھ روم میں گر گئے ہیں کوئی ان کو اٹھانے والا نہیں' نوکر چھٹی پر گیا ہوا ہے' بوا جو کام کرنے آتی ہے آج وہ بھی نہیں آئی' ایک گھنٹہ ہوگیا' وزن زیادہ ہے میں کچھ نہیں کرسکی' ان کو باتھ روم سے اٹھانا ہے' آپ مہربانی کرسکیں تو مجھ پر احسان ہوگا' میں نے بھائی کو ساتھ لیا اور ان کے گھر جو میرے گھر سے سات کلومیٹر کے فاصلہ پر ہے' پہنچا تو بری طرح تڑپ رہے تھے' ہم لوگوں نے ان کو اٹھایا' قریب سے ڈاکٹر کو بلایا' ڈاکٹر کا خیال ہے کہ کولہے کی ہڈی میں فریکچر آگیا ہے' اصل میں دس سال پہلے وہ میرے پارٹنر تھے' ان کی ایک بدمعاملگی پر کاروبار الگ ہوگیا تھا' کچھ تعلقات بھی نہیں رہے تھے مگر مجبوری میں انہوں نے فون کیا تو مجھے ترس آیا اور میرا دل ان کی اس حالت کو دیکھ کر بالکل ٹوٹ گیا ہے۔ ارب پتی آدمی' تین لڑکے ایک لڑکی' صاحب اولاد مگر ایک گھنٹے تک باتھ روم سے اٹھانے والا کوئی نہیں--- نہ جانے کیوں انسان نے بس اسی مال و دولت کو ہوڑ اور ریس' اور دنیوی ترقی کیلئے اپنی زندگی داؤ پر لگا رکھی ہے جس ترقی کا نتیجہ اکثر وہ ہے جو میں اپنے ساتھی ایمبولنس میں پڑے اپنے اس رئیس کا دیکھ رہا ہوں۔

مال و دولت اور دنیا کی ترقی جتنی بڑھتی ہے' رشتوں کا جذباتی تعلق اتنا ہی کمزور ہوتا جاتا ہے اور اس کا حال تجارتی پارٹنرشپ جیسا ہوجاتا ہے' غریب مزدوروں کے گھروں میں رشتوں کا تعلق دھڑکنوں کے ساتھ وابستہ رہتا ہے' انسان کو ذرا سی عقل ہو تو وہ اس دنیا اور مال و دولت کی بے ثباتی کھلی آنکھوں سے دیکھ سکتا ہے۔

کیسے ہوش مند ہیں وہ لوگ جن کو دنیا کی زندگی اور اس دنیا میں کام آنے والی مال و دولت' زر و زمین اور آل و اولاد کو متاع الغرور ہونا اللہ تعالیٰ نے سمجھا دیا ہے اور وہ آخرت میں اللہ کی رضا اور جائے رضا جنت کی طلب میں' اس دنیا کو اس کی اصل سے زیادہ اہمیت نہیں دیتے جن کو زاہد کہا جاتا ہے اور جن کا تعارف بعض اہل نظر علماء اور فقہاء نے اس طرح کیا ہے کہ اگر کوئی شخص یہ نذر مانے کہ میں دنیا کے دس عقل مند ترین لوگوں کی دعوت کروں گا تو اس کی نذر اس طرح پوری ہوسکتی ہے کہ وہ دس زاہدوں کی دعوت کرنے' یعنی جنہوں نے دھوکہ کے گھر دنیا میں بس قدر ضرورت پر قناعت کرکے آخرت کو زندگی کا مقصد ہونا اپنے عمل اور اپنی بود و باش سے ثابت کردیا ہو' ان قناعت پسند زاہدوں نے دنیا کے مال و متاع سے منہ موڑ کر اس ابدالآباد زندگی کی راحت کو مقصود بنا کر موت سے پہلے کی اس زندگی کو بھی کیسا خوشگوار بنالیا ہے اور ان کے دل میں اس راہ پر چلنے سے کیسی بارشاہت کا مزہ آرہا ہے۔

کاش! ہم میں سے ہر ایک کو اللہ تعالیٰ اس کے مزہ سے آشنا فرمادیں۔

مالش کے 12 فوائد

چہرے کی جھریاں ختم کرکے اس کو شاداب اور جوان بنایا جاسکتا ہے۔ ہر طرح کی تھکاوٹ دور کی جاسکتی ہے۔

مالش بلاشبہ اعصابی نظام میں چستی پیدا کرتی ہے جس سے گردش خون تیز ہوجاتی ہے اور بدن کو راحت ملنے کے ساتھ ساتھ دیگر عضوؤں کو بھی توانائی اور تحریک ملتی ہے مثلاً مالش سے درج ذیل بدنی نظام درست کیے جاسکتے ہیں۔

1۔ نظام تنفس کو بہتر بنایا جاسکتا ہے۔ 2۔ گردوں اور آنتوں سے زہریلے اجزاء نکالے جاسکتے ہیں۔ 3۔ قوت ہاضمہ تیز کی جاسکتی ہے' قبض ختم کی جاسکتی ہے۔ 4۔ چہرے کی جھریاں ختم کرکے اس کو شاداب اور جوان بنایا جاسکتا ہے۔ 5۔ ہر طرح کی تھکاوٹ دور کی جاسکتی ہے۔ 6۔ جوڑوں کی مالش کرکے ہڈیوں کے سخت جوڑ نرم کرنے کے علاوہ ورم تحلیل کیے جاسکتے ہیں۔ 7۔ بیماری سے اٹھنے کے بعد عضلات کے لاغرپن کو ختم کیا جاسکتا ہے۔ 8۔ فالتو چربی گھٹائی جاسکتی ہے۔ 9۔ اعصابی درد اور جلن دور کی جاسکتی ہے۔ 10۔ کمر کی تکلیف بالخصوص مہروں کے مرض کے علاج میں مالش سے علاج کیا جاسکتا ہے۔ 11۔ گلے میں درد، سوزش، نزلہ زکام، سر درد کے علاج کیلئے مالش سے مدد لی جاسکتی ہے۔ 12۔ جنسی اشتہا کیلئے مالش اہم کردار ادا کرتی ہے۔ مالش کے قابل ذکر فوائد کے بعد اخذ کردہ خوبیوں کے بارے میں چند گزارشات کرنا چاہتا ہوں کہ مالش جسمانی، روحانی لذت اور راحت کا وسیلہ بننے کے باوجود جنسی اشتہا کیلئے استعمال کی جانے لگی ہے۔ امریکہ، یورپ، چین اور مشرقی ممالک میں ایسے مالش سنٹرز بن چکے ہیں جہاں مالش کو صرف علاج معالجہ اور تھکاوٹ سے نجات کیلئے ہی استعمال نہیں کیا جارہا بلکہ اس کا غلط استعمال بھی کیا جاتا ہے۔ پاکستان میں ہر چھوٹے بڑے شہر کی سڑکوں چوراہوں، گلیوں محلوں اور پارکوں میں ایسے مالشیے بکثرت دیکھنے کو ملتے ہیں جو مالش کرتے ہیں مگر ان میں سے کئی مالشیے اپنے فن کا غلط استعمال کرتے ہیں۔

مالش کے مزید کمالات جاننے کیلئے درج ذیل کتاب کا مطالعہ کریں:۔ **"مساج سے صحت' حسن اور سکون"** اس کے علاوہ مالش کے لاجواب ٹوٹکے بھی اس کتاب میں ضرور پڑھیں!

کسی کپڑے پر چکنائی کے داغ پر جاذب کاغذ رکھ کر گرم گرم استری کریں یا دھی لگا کر کچھ دیر بعد صابن سے وہ کپڑا دھولیں۔ چکنائی کا داغ ختم ہو جائے گا۔

اروماتھراپی! اعصابی و ذہنی تندرستی کیلئے

ماریہ عسلی

جدید سائنسی تحقیقات کی روشنی میں یہ ثابت ہو گیا ہے کہ اروماتھراپی خالص نباتاتی تیلوں کے ذریعے ہی زیادہ فائدہ مند ہے۔ بالخصوص ڈیپریشن اور اعصابی بیماریوں کے خلاف اس کا دنیا بھر میں استعمال ایک روایت بن گیا ہے۔

نبی کریم ﷺ نے پہلے دن سے پاکیزگی، صفائی، ستھرائی اور حفظان صحت کی تعلیم دی۔ مسجد نبوی ﷺ کی تعمیر کے بعد جب لوگ پہلا جمعہ پڑھنے آئے تو تنگ جگہ پر ہجوم کے باعث گھٹن کا احساس ہوا۔ انہوں نے اس کو فوری اہمیت دے کر جمعہ والے دن غسل اور لباس کی تبدیلی کو ضروری قرار دیا اور پھر اس روز خوشبو لگانا سنت نبوی ﷺ قرار پایا۔ ان کے ہاں دو ہی پسندیدہ قسمیں تھیں۔ کستوری اور ذریرہ۔ آپ ﷺ خود کستوری پسند فرماتے تھے۔

بیماریوں سے نجات اور صحت کو برقرار رکھنے کیلئے انسان کسی بھی ایسے طریقہ علاج کو نظر انداز نہیں کرنا چاہتا جو اسے افادیت مہیا کرتا ہے۔ اسی غرض سے طبی سائنسدان قدیم وجدید طبی نظریات پر تحقیق جاری رکھے ہوئے ہیں اور آج ایک ایسی طبی انقلاب کی دہلیز پر کھڑے ہو کر یہ کہنے پر مجبور ہو گئے ہیں کہ انسان کیلئے سب سے مفید اور غیر مضر طریقہ علاج صرف اور صرف نباتاتی طریقہ علاج میں مضمر ہے۔ اروماتھراپی بھی قدیم نظریات پر استوار ایک ایسا طریقہ علاج ہے جو بلاشبہ جدید تحقیق کے بعد مزید افادیت کی حامل ہو چکی ہے۔ اروماتھراپی کا مکمل انحصار جباتاتی تیلوں پر ہے۔ جو بیرونی طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ اروماتھراپی کو ہمارے ہاں مالش کہہ کر نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ مگر یہ مالش سے بڑھ کر ہے۔ اس میں مختلف بیماریوں کے لیے مختلف قسم کے پھول پھلوں اور جڑی بوٹیوں کے تیلوں سے بدن کے مخصوص مقامات پر مالش کی جاتی ہے۔

جدید سائنسی تحقیقات کی روشنی میں یہ ثابت ہو گیا ہے کہ اروماتھراپی خالص نباتاتی تیلوں کے ذریعے ہی زیادہ فائدہ مند ہے۔ بالخصوص ڈیپریشن اور اعصابی بیماریوں کے خلاف اس کا دنیا بھر میں استعمال ایک روایت بن گیا ہے۔ بڑے ملکوں خصوصاً یورپی اور ایشیائی ممالک میں پہلے بھی نباتاتی تیلوں کے ساتھ مالش کر کے جسمانی خدوخال کی حفاظت اور صحت کا اہتمام کیا جاتا تھا لیکن جب فرانس کے ایک معالج نے نباتاتی تیلوں کے فوائد کو ملحوظ رکھتے ہوئے: اس کے تیلوں کو مختلف بیماریوں پر آزمایا تو یہ علاج باقاعدہ اروماتھراپی کی شکل میں ڈھل گیا جس کی تقلید میں آج بہت سے ممالک میں مصنوعی نباتاتی تیلوں سے اروماتھراپی کی جارہی ہے۔

جرمنی کے طبی سائنسدان پروفیسر کلارک اس بات پر بہت پریشان ہیں کہ یورپ میں مصنوعی تیلوں کے ذریعے اروماتھراپی کے نظریات کو نقصان پہنچایا جارہا ہے۔ جو لوگ مصنوعی کیمیکل نباتاتی تیلوں پر انحصار کرتے ہیں۔ ان کے لیے خالص نباتاتی تیل تیار کرنا بہت مہنگا اور مشکل کام ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب گلاب کے تیس پھولوں سے صرف دو قطرے خالص نباتاتی تیل حاصل ہوگا تو کاروباری لوگ مصنوعی اور کیمیائی نباتاتی تیل بنانے پر مجبور ہوں گے۔ ایسے تیلوں کی وجہ سے لوگ جلدی امراض میں بھی مبتلا ہوتے جارہے ہیں۔

اروماتھراپی کا علاج کسی حادثے کی دریافت نہیں ہے۔ یہ صدیوں سے رائج ہے۔ مصری اور بابلی تہذیب کے آثار بتاتے ہیں کہ اس عہد میں امراء اور فرعون پھلوں اور جڑی بوٹیوں کے عرقیات سے غسل کرنے کے علاوہ ان کو مالش کیلئے استعمال کرتے تھے لیکن اروماتھراپی کو صحیح شناخت 1920ء میں اس وقت ملی جب ایک فرانسیسی کیمیادان نے نباتاتی تیلوں پر تحقیق کے بعد اعلان کیا کہ پھلوں، جڑی بوٹیوں اور پھولوں سے حاصل کیے جانے والے تیل صحت کیلئے نہایت کارگر ہیں۔

مائیکروبیالوجی یونیورسٹی آف واشنگٹن کے پروفیسر تھامس ریلی نے اروماتھراپی پر ایک پیپر تیار کیا جس میں انہوں نے انکشاف کیا ہے کہ چائے کے پودے کے تیل میں کئی بیکٹیریاز کے خلاف قوت مدافعت بھی پائی جاتی ہے اور یہ انہیں ہلاک بھی کرتے ہیں۔

لندن کی مارگریٹ میوری کا کہنا ہے کہ گلاب کے پودے سے حاصل کیا جانے والا تیل خواتین کو ڈیپریشن سے نجات دلاتا ہے۔ یورپ میں گلاب کے تیل کو اروماتھراپی میں سب سے زیادہ پذیرائی مل رہی ہے۔ ان دنوں یورپ میں یہ بحث جاری ہے کہ اروماتھراپی کیلئے استعمال کیے جانے والے تیلوں میں سے کون سے نباتاتی تیل زیادہ مفید ہیں اور کیا ہر پودے کا نباتاتی تیل اروماتھراپی کے نظریات کو تقویت دے سکتا ہے۔ اس بحث کے ساتھ ساتھ زیادہ تر سائنسدانوں کا متفقہ فیصلہ ہے کہ اروماتھراپی صرف اس وقت ہی کارآمد ہے جب اس کیلئے قدرتی نباتاتی تیلوں کو استعمال کر جائے۔

ہندوستان میں آریہ اقوام کی آمد کے بعد حیوانی ذرائع سے حاصل ہونے والی خوشبو سے واقفیت پیدا ہوئی چونکہ یہ ایشیائے کوچک سے آنے تھے اور وہاں آہوئے مشکیں پایا جاتا ہے۔ اس لیے ہرن کا نافہ ان کی وساطت سے ہندوستان میں آیا لیکن یہاں کے وید اسے خوشبو کی بجائے دوا سمجھنے لگے اور اس کو بطور خوشبو مقبولیت میسر نہ آسکی۔

پھولوں کی سہانی خوشبو کو برقرار رکھنے کیلئے ملکہ نور جہاں نے سب سے پہلے عطر سازی کی صنعت کو رواج دیا۔ پھولوں کو کسی بے رنگ تیل کے ساتھ کشید کر کے گاڑھی اور گہری خوشبو ایجاد ہوئی جسے عطر کہا جانے لگا اور ہندوستان کے شہر قنوج میں یہ صنعت مسلمانوں نے فروغ دی اور آج بھی ان کے قبضہ میں ہے۔ ان کے یہاں زیادہ طور پر پھولوں کی مہک کو تیل کی صورت دی گئی۔ لیکن اسلام کے مسلسل اثرات کی بدولت یہ عنبر اور کستوری کی خوشبو سے آگاہ ہوئے اور ان کے عطر آج سب سے گراں اور اہمیت رکھتے ہیں۔

شیطان اب کبھی قریب بھی نہ پھٹکے گا

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! ابھی صرف کچھ دن پہلے میں نے پہلی دفعہ ماہنامہ عبقری پڑھا، پھر کر دلی خوشی ہوئی اور ایک عجیب سا سکون ملا۔ اللہ پاک آپ کو اس کے وسیلے سے جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام دے کہ آپ پریشان اور غموں میں گرے ہوئے لوگوں کی مدد کر رہے ہیں اور آج سے میں اس رسالہ کی مستقل قاری ہوں۔ (انشاء اللہ)

جو لوگ چاہتے ہیں کہ ان سے ایک نماز بھی قضا نہ ہو اور شیطان سے دور رہے اور نیک کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کیلئے درج ذیل وظیفہ میرا آزمایا ہوا ہے، جو پڑھے گا ضرور فیض یاب ہوگا۔ سورۂ ھود کی آیت نمبر 114، 115 دن میں تین مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ شیطان کبھی آپ کے قریب بھی نہ پھٹکے گا۔ (ع۔ز)

قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے

قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے سینے کے راز کھولے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر میں

عبقری ٹوٹکہ پیکیج حاضر ہے!

(فوزیہ مغل، بہاولپور)

خودکلامی کیلئے

کچھ لوگوں کو اپنے آپ سے باتیں کرنے کی عادت ہوتی ہے' یہ بیماری بھی ہوتی ہے اس کیلئے پپیتہ کا چھلکا جو کہ زیادہ کچا ہو نہ زیادہ پکا ہوا اس کو ایک ہفتہ سالن کی طرح پکا کر کھائیں۔

رعشہ کی بیماری کا علاج

ایک عدد زندہ یا مردہ جگنو چار عدد بھنے ہوئے چنے' ایک عدد منقی موٹا کوٹ کر کھرل کرلیں پھر ایک بار ہفتہ میں گولی بنا کر کھانی ہے' کھانے کے بعد دوائی گرم دودھ کے ساتھ کھانی ہے اس طرح چار ہفتہ تک کھانی ہے انشاء اللہ تعالیٰ بیماری ختم ہو جائے گی۔ (نوٹ: نسخہ کے بارے میں علماء کرام سے مشورہ کرلیں۔)

چکر آنا' یادداشت کی کمزوری

روزانہ عصر اور مغرب کے درمیان ایک وقت مقرر کر کے تازہ گرم جلیبی کھائیں' دماغی کمزوری دور ہوگی' خاص طور پر جو بچے قرآن حفظ کر رہے ہیں ان کیلئے تو بہت اچھا ہے۔

خارش کی بیماری سے نجات

کوئلے لیکر اسے گرم کرلیں' پھر اس کے اوپر (شکر) جو گڑ کی بنی ہوتی ہے وہ آہستہ آہستہ اوپر ڈالتے جائیں' اس کی دھونی اپنے پورے جسم پر لیں یہ بیماری ختم ہو جائے گی۔

آواز کا بھاری پن ختم

جامن کی گٹھلیوں کو شہد میں اچھی طرح ڈبو کر چوسیں' آواز کا بھاری پن ختم ہو جائے گا۔

ہونٹوں کو خوبصورت کرنے کیلئے

دن میں کسی وقت بغیر آواز کے "او۔ای" بولیں' پانچ منٹ تک مسلسل یہ عمل کریں۔ پھر کوئی اچھی سی کولڈ کریم کا مساج کریں' چند دنوں میں ہونٹ خوبصورت ہو جائیں گے۔

فوری طاقت کیلئے

سات عدد کھجوریں' ونیلا آئس کریم کا ایک کپ' دودھ کا ایک کپ' ایک کیلا۔ ان سب کو اچھی طرح بلینڈر میں مکس کر کے پی لیں' فوری طاقت اور انرجی آ جائے گی۔

نسوانی حسن میں اضافہ کیلئے

پاؤ فالسہ' پاؤ کیری کا گودہ' پاؤ املی کا گودہ بیج نکال کر ان سب کو مکسر میں ڈال کر مکس کریں اور دن میں کئی بار پانی ملا کر شربت بنا کر استعمال کریں جو لڑکیاں اپنی خوبصورتی کو بڑھانا چاہتی ہیں یہ صرف ان کیلئے ہے۔

لیکوریا سے نجات

پندرہ دن تک ایک پیالی انگور کے رس میں ایک چمچ شہد ملا کر پی لیں' انشاء اللہ بیماری ختم ہو جائے گی۔

رنگت گوری کرنے کیلئے

سو گرام ملتانی مٹی' پچاس گرام صندل کا پاؤڈر' کینو کے خشک چھلکوں کا سفوف پچاس گرام ان سب کو عرق گلاب میں مکس کر کے پندرہ منٹ کیلئے منہ اور گردن پر لگائیں اور خشک ہونے سے پہلے اتار لیں' ہفتہ میں ایک بار یہ عمل کریں' انشاء اللہ رنگ صاف ہو جائے گا۔

نظر بد سے چھٹکارا

(پوشیدہ)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں بچپن میں بہت زیادہ بیمار رہتی تھی' بخار اتنا تیز ہوتا تھا کہ اس میں باتیں کرتی تھی' میرے بابا مجھ سے پوچھتے تھے کس سے باتیں کر رہی ہو تو کہتی تھی مجھے معلوم نہیں۔ یہ باتیں مجھ کو تھوڑی تھوڑی ابھی بھی یاد ہیں۔۔۔ پھر کسی نے ایک بزرگ کے بارے میں بتایا' ہم ان کے پاس گئے بہت اچھے بزرگ تھے اللہ تعالیٰ ان کا مرتبہ بلند کرے' انہوں نے ایک عمل میری امی کو خود کرنے کی اجازت دی تھی کیونکہ ان کو مجھے روز لے جانا مشکل ہوتا تھا اور میں بخار کی وجہ سے سکول بھی نہ جا پاتی تھی۔ نظر اتارنے کا طریقہ یہ تھا:۔

اول و آخر گیارہ بار درود شریف پھر سات مرتبہ سورۃ طارق پڑھ کر دم کریں' پہلے نتھنے میں پھر سات مرتبہ سورۃ طارق پڑھیں اسی طرح الٹے نتھنے میں دم کریں۔ اسی طرح سیدھے کان' پھر الٹے کان' سیدھی آنکھ پھر الٹی آنکھ اور آخر میں منہ میں پھر چاروں قل اور درود شریف پڑھ کر پورے جسم پر دم کریں۔ تین سے سات دن تک انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔ ان حاجی صاحب کو بھی اور میری امی مرحوم کو بھی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

وہم اور دو انمول خزانہ کا فیض

(افشاں ایڈووکیٹ' بہاولپور)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! جب سے ماہنامہ عبقری پڑھنا شروع کیا ہے تو اس میں سے پڑھ کر میں نے دو انمول خزانہ پڑھنا شروع کیا' مجھے دراصل وہم کی بہت شدید بیماری تھی' مگر جب سے میں نے دو انمول خزانہ نمبر دو کھلا پڑھنا شروع کیا ہے اس سے دنیاوی چاہت میں' شدت میں اور کرب میں کمی آجاتی ہے۔ پھر میں نے آپ سے ملاقات کا وقت لے کر ملاقات کی تو آپ نے مجھے سکون افزا' ٹھنڈی مراد اور ہاضم خاص' جو ہر شفاء مدینہ تجویز کی جو کہ میں نے کچھ عرصہ استعمال کی جس سے مجھے مکمل طور پر افاقہ ہے۔ گیس کی کچھ پرابلم تھی وہ بھی ختم ہوگئی ہے۔

اذان و افحسبتم والا عمل بھی آزمایا ہے بہت ہی کارآمد ہے اور اس سے میری بہت سی مشکلات حل ہوئی ہیں۔ یعنی سات مرتبہ اذان اور سات مرتبہ اور سورۃ مومنون کی آخری چار آیات پڑھ کر پہلے دائیں کندھے پر دم کریں پھر درج بالا طریقے سے پڑھ کر بائیں کندھے پر دم کریں۔

اس کے علاوہ حفاظت کیلئے یَاحَفِیظُ گیارہ مرتبہ اور بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ گھر سے باہر جاتے وقت پڑھنے کو معمول بنالیا ہے۔ الحمدللہ! ہر شر سے حفاظت رہتی ہے۔

ایک درس میں آپ نے سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 114 بتائی کہ جو کھانے کو دل چاہ رہا ہو یہ آیت اول و آخر

درود شریف کے ساتھ سات مرتبہ پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک ماردیں۔ یہ عمل میں نے کیا تو میرا آئس کریم کھانے کو دل چاہ رہا تھا' دو تین بار پڑھا ہوگا کہ میرا بھائی خودبخود آئس کریم لے کر آگیا اور اس طرح کہ پورا ڈبہ میں نے ہی کھایا۔ بغیر کسی جھگڑے کے یعنی کسی کو بھی اعتراض نہ ہوا کہ پوری کی پوری آئس کریم اکیلی ہی کھارہی ہو۔

اسی طرح ایک مرتبہ فروٹ کھانے کو دل چاہ رہا تھا' کسی کو کہا بھی نہیں۔ یہ دعا پڑھی اور اللہ سے امید لگالی۔ اگلے ہی دن کافی قسم کے فروٹ گھر آگئے کہ فریج بھر گیا اور میں نے کئی دن جی بھر کے فروٹ کھائے بلکہ سب نے کھائے۔ الحمدللہ!

ایک خاص بات جو ہوئی کہ آپ کے درس سننے سے اللہ سے مانگنے کا طریقہ آگیا ہے۔ میرے معدے کا مسئلہ تھا کہ کوئی چیز جلد ہضم نہ کرتا تھا میں نے عبقری میں پڑھا تھا کہ بکری کا دودھ استعمال کرنے سے معدہ کے مسائل حل ہوجاتے ہیں اللہ نے بکری کی ترتیب بنوادی ہے اور میں اب استعمال کرتی ہوں مجھے معدہ کیلئے بہترین محسوس ہوتا ہے۔

آب زم زم سے شفاء یابی

(مظہر عباس شیخوپورہ)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیوی امید سے تھی' دو ماہ بعد اسے شدید بلیڈنگ شروع ہوگئی فوراً ڈاکٹر کے پاس چلے گئے' خون رک گیا' حمل ٹھیک تھا لیکن درد بہت شدید ہورہی تھی' کچھ دنوں بعد پھر بلیڈنگ شروع ہوگئی' ادویات کھانے سے بھی آرام نہ آرہا تھا' مگر جب آب زم زم اس نیت سے پینا شروع کیا تو مسئلہ ٹھیک ہوگیا۔

بیت الخلاء کی دعا سے شیاطین بھاگ گئے

(فریدہ بی بی واہ کینٹ)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری کا رسالہ پچھلے سات مہینے سے پڑھ رہی ہوں۔ جب یہ رسالہ خریدتے ہوئے مجھے تیسرا مہینہ تھا تو آپ ہمارے شہر میں آئے' ہم آپ کا درس سننے گئے' آپ نے درس میں بیت الخلاء کی دعا کے فضائل سنائے۔ محترم حکیم صاحب! آپ نے ہمیں جو عمل بتایا تھا وہ میں نے اور میرے بچوں کیا' سب سے حیران کن بات یہ ہوئی کہ ہمارے گھر میں پچھلے چھ سال سے تین کالی بلیاں رہتی تھیں اور کبھی کبھی تو انہیں اگر غور سے دیکھو تو خوف بھی محسوس ہوتا تھا' اللہ کے کرم سے اس عمل کی وجہ سے وہ ہمارے گھر سے چلی گئیں اور جاتے وقت انہوں نے عجیب سی اور خوفناک آوازیں بھی نکالیں اور دوسرا یہ فائدہ ہوا کہ ہمارے گھر کا راشن جو کہ پچیس یا چھبیس ہزار کا ماہوار آتا تھا اب الحمدللہ صرف بارہ یا تیرہ ہزار کا آتا ہے اور پورا مہینہ آرام سے گزر جاتا ہے اور برکت ہے' میرا چھوٹا بھائی جو کہ نشہ بھی کرتا ہے اور پاگل بھی ہے' بہت تنگ کرتا تھا اب اس کے رویے میں بھی بہت بہتری آرہی ہے۔

میری طبیعت کچھ عرصہ خراب رہی تو میری ایک ملنے والی نے بتایا کہ تمہارے اوپر کسی نے جادو کیا ہے' اگر تم یہی جادو اس پر لوٹانا چاہتی ہو اور ساتھ جاننا چاہتی ہو کہ جادو کس نے کیا ہے تو یہ عمل پڑھو تمہیں پتہ چل جائے گا کہ جادو کون کررہا ہے' اس نے بتایا کہ بغیر تسمیہ کے سورۂ کوثر 313 مرتبہ پڑھ کر دعا کرو کہ اے اللہ جس نے مجھے تکلیف دی' اس کو واپس لوٹا' پڑھنے کا طریقہ یہ بتایا کہ جس جگہ درد ہو اور جس پر شک ہو اس کا تصور کرکے اس کی اسی جگہ نظر رکھ کر پڑھو۔ ایک مرتبہ میرے دانتوں میں شدید درد شروع ہوگیا تو میں نے یہ عمل شروع کردیا' کچھ دیر بعد میری ایک عزیز کمرے میں آئیں اور کہا یہ کیا پڑھ رہی ہو اور ساتھ میں سخت انداز بھی استعمال کیا' تم چپ کرکے کیوں نہیں سوتی' میں نے کہا میں نے کیا کیا ہے' میں تو درود شریف پڑھ رہی ہوں میری ان کی طبیعت جو خراب ہے اس وجہ سے۔ آخر صبح کو جاکر میرا درد ختم ہوا۔

کمزوری کا علاج

(علی مرتضیٰ سیالکوٹ)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو صحت کاملہ کی دولت سے مالا مال فرمائے اور ہمارے لیے آپ دعا فرمائیں۔ میرے تایا ابو نے مجھے کمزوری کا علاج بتایا کہ ایک کلو بادام لے کر ان میں سے گریاں نکال کر اس میں 75 گرام کالی مرچیں ملا کر سفوف بنالیں اور ایک چمچہ صبح لسی کے ساتھ کھائیں۔ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''جو بندہ رات کو وضو کرکے سوتا ہے وہ دن بھر روزہ رکھ کر عبادت کرنے والے سے بہتر ہے۔''

بچوں کے امراض کیلئے

(محمد انور)

بچوں کے کان میں درد ہو' کان میں دانے وغیرہ ہوں' بچوں کے سر پر دانے ہوں' خارش ہو' تالو بیٹھا ہوا ہو۔ ان امراض کیلئے یہ عمل کریں:۔

ہودا خدا دا ہودا خدا دے رسول دا
ہودا چوداں یاراں دا ہودا کلمے قرآن دا
ہودا پیر محبوب سبحانی دا آمین۔

پھر سورۂ فاتحہ سات مرتبہ' سات کنکر لیکر ہر کنکر پر سات دفعہ پڑھیں اور کنکر کو بچے کے سر سے گھمائیں اور دم کریں۔ سات کنکر' سات مرتبہ ہی دم کریں۔ چند دن یہ عمل کریں۔

گلٹی کسی بھی قسم' کسی بھی حصے میں ہو

مٹی کی ڈلی لیکر اول و آخر درود شریف گیارہ مرتبہ

بِسْمِ اللّٰہِ تُرْبَۃُ اَرْضِنَا بِرِیْقَۃِ بَعْضِنَا
لِیُشْفٰی سَقِیْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا۔ پڑھ کر مٹی پر انگلی سے گھس کر حصار بنانا اس گلٹی کا' پھر ہر نماز کے بعد اس مٹی کو اس گلٹی پر پھیرنے سے ان شاء اللہ گلٹی ختم ہوجائے گی۔

سورۂ کوثر سے زیارت روضہ رسول ﷺ اور نوکری

(محمد زاہد جاوید دہاڑی)

میں نے لندن میں اپنے ایک دوست کو نوکری کیلئے سورۂ کوثر کثرت سے پڑھنے کا بتایا' جب اس نے سورۂ کوثر کثرت سے پڑھی تو ابھی تین دن ہی پڑھی کہ اسے زیارت روضہ رسول ﷺ کی ہوئی اور اگلے ہی دن اس کو نوکری مل گئی حالانکہ وہ مہینے سے بے روزگار تھا' چار دن میں نوکری مل گئی۔

سبز پودینہ کی چٹنی سے پیٹ ٹھیک

(نسرین)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میرا ہاضمہ کافی عرصے سے خراب تھا' مگر جب سے میں نے سبز پودینہ کی چٹنی گھر میں بنا کر کھانے کے ساتھ استعمال کی تو میرا ہاضمہ بالکل ٹھیک ہوگیا۔

صرف حضرت حکیم صاحب سے محبت کرنے والے ہی پڑھیں

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ ہے۔ محبت کرنے والوں کے پاس کوئی پرانی چیز مثلاً کتابیں، (سلیبس اور نصابی نہ ہوں) برتن، نقش و نگاہ شدہ پرانے دروازے، کھڑکیاں، شیڈ، اسلحہ، لکڑی، تانبے، کانسی، چمڑے کی بنی ہوئی کوئی بھی پرانی چیز جو آپ کے استعمال میں نہ ہو' الیکٹرونکس کی پرانی چیزیں حتیٰ کہ کسی بھی قسم کی سالوں یا صدیوں پرانے سکے، اینٹیں، ٹائلیں وغیرہ ہوں تو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو گفٹ کی نیت سے تسبیح خانے میں بحفاظت باامان پہنچائیں اور دل کی گہرائیوں سے دعائیں لیں۔ نیز بڑی ہستیوں سے منسوب تبرکات یا آثار قدیمہ کا کوئی تحفہ بھی قبول کیا جائے گا۔ آپ کا بہت شکریہ!

زنگ کے زخم دور کرنے کیلئے: لیموں کے رس اور نمک چھڑکیں لوہے کے زنگ پر اور کچھ دیر رگڑیں اور صابن سے دھولیں۔

محمد رسول اللہ کے فوری تیر بہدف کرشمات

میں ایک جھولے پر بیٹھی ہوں اور ہوا میں بھی سانپ ہیں اور زمین پر بھی لیکن مجھے کچھ نہیں کہتے میں جب، محمد رسول اللہ پڑھتی ہوں پھر میں انگلی سے اشارہ کرتی ہوں تو سارے سانپ مر جاتے ہیں۔

(س،ج)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا رسالہ عبقری پڑھتے ہوئے مجھے تین سال ہوگئے ہیں' اس دوران میں نے اس شاندار میگزین سے بہت زیادہ فیض پایا ہے' خاص کر اس کے خاص مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' کی تو کیا ہی بات ہے' اس میں موجود وظائف نے تو میری مشکلات ایسے حل کی ہیں جیسے کبھی تھیں ہی نہیں۔ محترم حکیم صاحب! میں نے چار سال مدرسہ میں پڑھا ہے' اس دوران میرے سر میں شدید درد ہوتا تھا' جب گھر میں ہوتی تو درد کا بالکل احساس نہ ہوتا تھا مگر جب جامعہ جاتی تو شدید درد ہوتا' اس درد کے ساتھ گردن بھاری ہو جاتی تھی اور ایسا محسوس ہوتا تھا کہ گردن میں کوئی بھاری چیز ڈالی ہو۔ اب علاج سے وہ کیفیت تو نہیں لیکن سر میں اب بھی بہت درد ہوتا ہے اور اس درد سے میرے بال بہت زیادہ گرنا شروع ہوگئے جس کی وجہ سے میں پریشان تھی۔ اسی کیفیت میں عجیب وغریب خواب بھی دیکھتی کہ کبھی بہت سارے بیل میرے پیچھے لگتے ہوئے ہیں' کبھی کتوں کو دیکھتی کہ وہ میرے پیچھے لگے ہوئے ہیں اور مجھے پکڑنے کی کوشش کر رہے ہیں پھر شدید خوف اور ڈر کی وجہ سے میری آنکھ کھل جاتی۔ محترم حکیم صاحب! ایک مرتبہ عبقری میں موجود اپنا پسندیدہ مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' پڑھ رہی تھی کہ اس میں موجود محمد رسول اللہ کا وظیفہ کے فوائد لکھے ہوئے تھے' میں نے اپنے ان درج بالا مسائل کے حل کیلئے اس وظیفے کو دن رات' اٹھتے بیٹھتے' چلتے پھرتے ہر وقت پڑھنا شروع کر دیا۔ الحمدللہ! اب بھی یہی وظیفہ جاری ہے' اس وظیفے کے کرنے کی وجہ سے اب مجھے خوفناک خواب نہیں آتے اور جو میرا سب سے بڑا مسئلہ تھا کہ سر کی پچھلی جانب شدید درد ہوتا تھا وہ اب نہیں ہوتا چاہے میں جامعہ میں ہوں یا گھر میں۔

سورۂ والضحیٰ کی آیت سے تنگدستی و مشکلات ختم

(ر،ش)

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو لمبی عمر اور صحت عطا فرمائے اور علامہ لاہوتی پر اسراری صاحب کو بہت خوشیاں نصیب ہوں۔ علامہ صاحب! میرے پاس الفاظ نہیں ہیں کہ میں آپ جیسی ہستی کی تعریف بیان کرسکوں' آپ میری ہر نماز کی دعا میں شامل ہیں۔ ''جنات کا پیدائشی دوست'' خاص نمبر پڑھ کر بے حد خوشی ہوئی۔ بہت انمول دعائیں ہیں' میرے تین بیٹے ہیں' بیٹی نہیں ہے' میں اپنے بچوں کو ''جنات کا پیدائشی دوست'' ضرور پڑھ کر سناتی ہوں اور کہتی ہوں بیٹا! زندگی میں کوئی مسئلہ ہو تو ان دعاؤں سے اللہ پاک کی مدد مانگنا' پیدائشی دوست کو کتابی شکل میں دیکھ کر اور بھی خوشی ہوئی کہ تمام دعائیں اکٹھی مل جاتی ہیں۔

تین دفعہ سورۂ اخلاص پڑھ کر پرندوں کو ہدیہ کرنے والا عمل ضرور کرتی ہوں اس سے ہمارے رزق میں بہت برکت آرہی ہے۔ پریشانیاں ختم ہو رہی ہیں۔ گھر میں داخل ہوتے وقت یَاسَلَامُ ضرور پڑھتی ہوں' بچوں سے بھی کہا ہے کہ امتحان کا پیپر دیتے ہوئے یَاسَلَامُ ضرور پڑھیں۔ یَاقَهَّارُ بھی صبح وشام گیارہ گیارہ تسبیح اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ ضرور پڑھتی ہوں اور چلتے پھرتے وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ﴿والضحیٰ ۵﴾ پڑھتی رہتی ہوں۔ ان درج بالا اعمال نے میرے گھر کو جنت بنا دیا ہے' ہر طرف سکون ہی سکون ہے' گھریلو جھگڑے' تنگدستی' مشکلات ایسے ختم ہوئیں کہ گمان نہ تھا۔

محمد رسول اللہ کا فیض

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے دو سال ہوگئے ہیں ماہنامہ عبقری سے آشنا ہوئے اور تقریباً ڈیڑھ سال سے مسلسل درس میں آرہا ہوں' آپ کے درس نے میری زندگی ہی بدل کر رکھ دی ہے' میں نے آپ کو ایک خط بھی لکھا تھا جس کا مجھے جواب بھی ملا' بہت خوشی ہوئی۔ میں عبقری رسالہ میں موجود مضمون ''جنات کا پیدائشی دوست'' بہت شوق سے پڑھتا ہوں' الحمدللہ! اس کے پڑھنے سے زندگی کے مسائل نہیں رہے۔ ''جنات کا پیدائشی دوست'' مضمون میں موجود ایک وظیفہ محمد رسول اللہ میں نے اب تک پچاس لاکھ مرتبہ اللہ کی عطا اور رحمت سے مکمل کرلیا ہے اور اب یہ حال ہے کہ سو رہا ہوں تو دل محمد رسول اللہ پڑھ رہا ہوتا ہے' اس وظیفے کی برکت ہے کہ کاروبار میں اللہ نے برکت اور رحمت کے دروازے کھول دیئے ہیں' سمجھ نہیں آتی کہ کس کس جگہ سے رزق آرہا ہے' کوئی چیز لینے کا سوچتی ہوں تو اللہ راستے خود ہی بنا دیتا ہے۔ ابھی بھی میرا دن رات کا یہی وظیفہ ہے۔ اس دوران میرے ساتھ ایک عجیب واقعہ ہوا۔ میں نماز پڑھ کر دعا مانگ رہی تھی کہ اچانک یوں محسوس ہوا جیسے میرے چہرے پر بارش کی طرح کوئی پھوار پڑ رہی ہے۔ ایسے جیسے چہرے پر کوئی چیز گر رہی ہے اور میرا جسم ہلکا ہوگیا ہے' میں نے زور و شور سے دعائیں مانگنا شروع کردیں۔ پھر خود ہی یہ سلسلہ رک گیا' مجھے ایسا محسوس ہوا جیسے اللہ کی رحمت مجھ پر برس رہی ہے۔ میں ابھی تک اس کرم میں حیران اور اللہ کی شکرگزار ہوں' یہ میری زندگی کا ایک عجیب واقعہ ہے۔ سنا تھا اللہ کی رحمت برستی ہے مگر اس وظیفے کے فیض سے اللہ نے سچ مچ مجھ پر رحمت کی بارش برسا دی ہے۔

ایک مرتبہ میں نے خواب دیکھا کہ میں ایک جھولے پر بیٹھی ہوں اور ہوا میں بھی سانپ ہیں اور زمین پر بھی لیکن مجھے کچھ نہیں کہتے میں جب محمد رسول اللہ پڑھتی ہوں پھر میں انگلی سے اشارہ کرتی ہوں تو سارے سانپ مر جاتے ہیں۔

اس کے علاوہ میں ایک آیت کی بدولت میں نے اللہ سے ہر چیز مانگ لیتی ہوں اور مجھے مل بھی جاتی ہے۔ 2013ء کا رمضان ایسا تھا کہ ہم نے قرض لے کر عید کے کپڑے اور سامان لیا تھا اور 2014ء کا رمضان ایسا کہ روزوں سے پہلے ہی سب تیاری مکمل کرلی تھی' یہ سب سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 114 کی بدولت ہی ہوا۔

